LEHNiNG

LABORATOIRES-FRANCE

DRAP Enlistment No.00150

OVER 80 YEARS

لیبارٹریز لہننگ فرانس

ہومیوپیتھک ادویات

MADE IN FRANCE
IMPORTED MEDICINE

For Healthcare Professionals only.

# تعارف

**ہومیو پیتھک** طریقۂ علاج ہمارے ملک میں روز بروز ترقی کی راہ پر گامزن ہے اور ہر دل عزیزی حاصل کر رہا ہے۔ گو کہ اس خطۂ ارض میں ایلو پیتھک طریقۂ علاج کو مقبولیت حاصل ہے، لیکن ہومیو پیتھک ادویات کے مئوثر قدرتی و بے ضرر ہونے کے سبب بلاتردد محفوظ استعمال کی بناء پر فرانس، جرمنی، امریکہ اور افریقی و یورپی ممالک کے ساتھ ساتھ پاکستان میں بھی اب تیزی سے مقبولیت حاصل کر رہا ہے۔ ہومیو پیتھک ادویات کی نمایاں خوبیوں میں سے ایک یہ ہے کہ یہ علامات کے ساتھ ساتھ بیماری کے اصل اسباب کا بھی علاج ہیں۔

**لہننگ لیبارٹریز** سینٹ بارب فرانس میں قائم ایک خودمختار دوا ساز ادارہ ہے جسے ۱۹۳۵ء میں رینی لہننگ نے قائم کیا۔ کمپنی میں ڈھائی سو سے زائد افراد تقریباً دو کروڑ مصنوعات سالانہ تیار کرنے میں مصروفِ کار ہیں۔

**لہننگ لیبارٹریز** کی مصنوعات فرانس کی ۲۳ ہزار سے زائد فارمیسیز کے علاوہ یورپ، افریقہ، امریکہ اور پاکستان سمیت ۲۰ ممالک میں ذیلی اداروں یا مقامی تقسیم کنندگان کے ذریعے فروخت کی جاتی ہیں۔ ان مصنوعات میں کثیر ہومیو پیتھک مفردات و مرکبات کے علاوہ نباتاتی چائے بھی شامل ہے۔

**لہننگ لیبارٹریز** میں تمام ادویات انتہائی تجربہ کار اور تربیت یافتہ افراد کی زیرِ نگرانی حساس آلات سے مزین جدید ترین مشینوں پر تیار اور جانچ کی جاتی ہیں۔ ادویہ کے بنیادی اجزاء، قدرتی جڑی بوٹیاں، خام نباتاتی، حیواناتی اور معدنی اشیاء کو استعمال میں لائے جانے سے قبل معیار کے اعتبار سے توثیقی و مکمل افادیت کے سخت مراحل سے گزارا جاتا ہے۔ مائع کمپاؤنڈ ادویہ کی تیاری کے لئے مدر ٹنکچرز و ڈائیلیوشنز کو ملانے اور مئوثر بنانے کیلئے تین آٹو میٹک پروڈکشن لائینوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ خشک یا ٹھوس قسم کی ادویہ (گولیاں، پاؤڈر، کیپسول وغیرہ) کلاسک گلینک پروسس سے تیار کی جاتی ہیں۔ ادویہ کے معیار کی ضمانت ہر صورت خام مال کی سخت چیکنگ اور "گڈ پریکٹس" کے فرانسیسی ضابطے پر عمل درآمد سے حاصل کی جاتی ہے، جسکے لئے تجزیئے کی خاص اہمیت ہے جو جدید آلات سے کیا جاتا ہے۔ اس مقصد کیلئے مختلف ٹیکنیکس، اعلیٰ درجے کی لیکوئڈ کرومیٹوگرافی، تھن لئر کرومیٹوگرافی کے ساتھ ساتھ فوٹو ڈینسیٹو میٹری، گیس کرومیٹوگرافی اور ابزارپشن سپیکٹر فوٹو میٹری شامل ہیں۔ مائکرو بائیولوجیکل کوالٹی کی فارماکوپک طریقوں سے تصدیق حاصل کی جاتی ہے۔

**لہننگ لیبارٹریز** نے سالہا سال کے تجربے، ترقیاتی، تحقیقی و تجرباتی کاوش، مسلسل محنت اور خالص اجزاء کے استعمال کی بناء پر ایک مقام حاصل کر لیا ہے۔ آج ان کی مصنوعات فرانس کے علاوہ دنیا کے بیشتر ممالک میں مقبول ہیں اور اعتماد کے ساتھ استعمال کئے جانے کی بناء پر انکی مانگ میں روز بروز برابر اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔

**لہننگ لیبارٹریز** کی ادویات پاکستان میں کافی عرصہ سے استعمال کی جا رہی ہیں جن کا تفصیلی کتابچہ آپکے ہاتھ میں ہے۔ اس میں درج تمام خصوصیات اور مشورے ہمارے ہومیو فارماسٹس اور ہومیو ڈاکٹرز کی تحقیق و تجربہ کا نتیجہ ہیں اور عام حالات میں مستعمل ہیں جبکہ پیچیدہ اور خطرناک نتائج کے حامل امراض کی صورت میں معالجین سے مشورہ ضرور کریں۔

**لہننگ لیبارٹریز** فرانس امید کرتی ہے کہ انکی مصنوعات پاکستان میں مزید مقبول ہونگی اور ہومیو پیتھک طریقۂ علاج کی ترقی و کامیابی اور مقبولیت میں مدد و معاون ہونگی۔



# فہرست ادویات


| صفحہ | دوا | استعمال |
|---|---|---|
| 03 | ایمفوسکا (مردانہ) | جنسی اعصابی اور دماغی کمزوریاں |
| 04 | ایمفوسکا (زنانہ) | جنسی اعصابی اور دماغی کمزوریاں |
| 05 | اینجیپیکس | ٹانسلز کے ورم کا علاج |
| 06 | بلیرول | جگر کی جملہ خرابیاں، یرقان اور ورم |
| 07 | بایوکارڈ | دل اور اعصاب کیلئے |
| 08 | بایو میگ | جسمانی تھکان |
| 09 | کارومنتھ | معدہ کی پرانی تکالیف کیلئے |
| 10 | ڈامیاپیکس | جنسی محرک، ہیجان و نشاط انگیز |
| 11 | ڈائبین | خون اور پیشاب میں شکر |
| 12 | ڈایا کیور | پرانے ذیابیطس کا علاج |
| 13 | ایل 8 | مثانہ اور گردہ کیلئے |
| 14 | ایل 25 | ایامِ مخصوصہ کے مسائل کا علاج |
| 15 | ایل 28 | شریانوں اور رگوں کے امراض کا علاج |
| 16 | ایل 52 | نزلہ، زکام، انفلوئنزا |
| 17 | ایل 72 | اعصابی نظام کیلئے، ڈپریشن |
| 18 | ایل 107 | ورمِ معدہ، پیچش |
| 19 | ایل 114 | جگر اور پتے کیلئے |
| 20 | نروو پیکس | سر، کمر کا درد، دانت کا درد |
| 21 | نیکو اسٹاپ | ترک سگریٹ نوشی، گٹکا، ماوا |
| 22 | پیسی فلورا | بے خوابی، نیند میں خلل |
| 23 | فاپیکس | آدھے سر کا درد |
| 24 | فائیٹولیکا بیری | موٹاپا و فربہی |
| 25 | فائیٹوٹکس ایچ | کھانسی، برانکائٹس، نزلہ |
| 26 | ریکسوروبیا | مقوی |
| 27 | سانٹا ہربا | ہر قسم کے دمہ کیلئے |
| 28 | سائینیوز پیکس | ناک کی ہڈی، جھلی و ورم |
| 29 | سولیوڈور | مفرح قلب و اعصاب |
| 30 | ٹانک ویجیٹل | ہومیو پیتھک مقوی ادویہ |
| 31 | ٹرم | موٹاپا دور کرنے کیلئے |
| 32 | یورارتھون | جوڑوں میں درد، سوجن عرق النساء |
| 33 | وینیکارڈ | مفرح قلب ٹانک |
| 34 | واکسپیکس | آواز کا بیٹھ جانا، ورم نرخرہ |


## COMPLEXES


| صفحہ | دوا | استعمال |
|---|---|---|
| 35 | L 1 | چوٹ کے درد کی دوا |
| 36 | L 2 | ناک کے غدود، ٹانسلز |
| 37 | L 3 | گردہ و مثانہ کے جملہ امراض |
| 38 | L 5 | جسمانی و دماغی کمزوریاں |
| 39 | L 6 | پیشاب کے جملہ امراض |
| 40 | L 7 | بستر پر پیشاب کی دوا |
| 41 | L 9 | مثانہ کی سوزش اور ورم |
| 42 | L 10 | جوڑوں میں گٹھیاوی درد |
| 43 | L 11 | پیپ دار زخم اور دانے |
| 44 | L 12 | جلدی سوزش، خشک دانے، ایگزیما |
| 45 | L 15 | امراض قلب کیلئے |
| 46 | L 18 | پٹھوں کے درد کیلئے |
| 47 | L 20 | لیکوریا، امراض رحم |
| 48 | L 21 | کثرت حیض کی دوا |
| 49 | L 24 | ماہواری کے مسائل |
| 50 | L 26 | اعصاب پر چوٹ و زخم کے درد، دانت کا درد |
| 51 | L 29 | خون کی کمی، کمزوری کیلئے |
| 52 | L 30 | پروسٹیٹ غدود کیلئے |
| 53 | L 31 | پیچوٹری ہارمون کیلئے |
| 54 | L 36 | جسمانی غدودوں کی سوزش اور ورم |

| | | |
|---|---|---|
| 55 | آلات تناسل اور پیشاب کے امراض، مسّے اور گومڑ | 37 |
| 56 | ہائی بلڈ پریشر کیلئے | 38 |
| 57 | منہ کی سوزش، چھالوں کی دوا | 39 |
| 58 | چہرے پر پیپدار دانوں کی دوا | 40 |
| 59 | مرگی، ہسٹریا، باؤ گولہ | 46 |
| 60 | غدودوں کی سوزش کی بناء پر موٹاپا | 47 |
| 61 | ہڈیوں کی مضبوطی کیلئے | 48 |
| 62 | بد ہضمی، متلی، قے، دست | 49 |
| 63 | تلی کی خرابیاں دور کرنے کیلئے | 58 |
| 64 | قلت حیض کی دوا | 60 |
| 65 | پرانی کھانسی، پرانا نزلہ | 61 |
| 66 | شدید کھانسی کی دوا | 62 |
| 67 | خشک کھانسی، کالی کھانسی | 64 |
| 68 | کالی کھانسی، متلی کے ساتھ | 65 |
| 69 | جذباتیت کے عوارض | 70 |
| 70 | ذہنی پریشانی، اعصابی دباؤ | 71 |
| 71 | دوران سفر کے عوارض، چکر، متلی، قے | 73 |
| 72 | اعصابی رعشہ کا علاج | 75 |
| 73 | ذہنی پریشانی کی بناء پر بے خوابی اور تنفس میں دباؤ | 78 |
| 74 | عرق النساء، اعصابی درد، پسلیوں میں درد | 79 |
| 75 | گھٹیا کے درد کی دوا | 80 |
| 76 | جوڑوں میں درد و سوزش | 81 |
| 77 | کمر اور ٹانگوں کا درد، عرق النساء | 83 |
| 78 | جلد کا پھٹنا، خشکی | 86 |
| 79 | خارش اور کھجلی، تر اور خشک ایگزیما | 87 |
| 80 | جلدی چھالے، پیپ دار دانے، لاکڑا کاکڑا، پتی کا اچھلنا | 88 |
| 81 | ہر قسم کے زخم، جھلسی ہوئی جلد اور گھاؤ کے بھرنے کیلئے | 89 |
| 82 | معدہ کی تیزابیت دور کرنے کیلئے پیٹ کا پھولنا | 95 |
| 83 | معدہ اور انتڑیوں کا ورم | 96 |
| 84 | ہاضمہ کی خرابیاں، معدہ میں درد | 98 |
| 85 | جنسی کمزوری اور نامردی | 99 |
| 86 | دماغی کمزوری اور حافظہ کی خرابی | 100 |
| 87 | عام بواسیر، بیرونی و اندرونی | 103 |
| 88 | خونی بواسیر، چاک مقعد | 104 |
| 89 | جگر کے امراض کے سبب ہاضمہ کی خرابیاں | 110 |
| 90 | زیادتیٔ خوراک کی بناء پر موٹاپا | 111 |
| 91 | پتے کی خرابیاں دور کرنے کیلئے | 112 |
| 92 | آشوب چشم، پپوٹوں کی سوزش | 115 |
| 93 | دائمی نزلہ، ورم نرخرہ کی دوا | 118 |
| 94 | کان میں سیٹی، گھنٹیاں بجنا | 119 |
| 95 | دانت کا درد، مسوڑھوں کی سوزش | 120 |
| 96 | سن یاس کے مسائل کی دوا | 122 |

**Tablets 60**

# Amphosca

*Orchityn (Male)*

*Physical, intellectual and sexual fatigue in man*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Ambra Grisea | 8 DH |
| Lycopodium | 5 DH |
| Gelsemium | 6 DH |
| Agnus Castus | 4 DH |
| Phos. Acidum | 3 DH |
| Selenium Met. | 4 DH |
| Nymphaea Lutea | 2 DH |
| Valeriana Off. | 2 DH |

گولیاں ۶۰ (مردانہ)

# ایمفوسکا

محرک غدود

جنسی، اعصابی و دماغی کمزوریاں

**مردوں** کے حق میں عورتوں کے برخلاف فطرت نے یہ عطیہ مرحمت کیا ہے کہ وہ خصوصی مردانہ قوتوں اور صلاحیتوں کو عمر کے طویل عرصہ تک برقرار رکھ سکتے ہیں، لیکن آجکل کے دور میں مختلف عمر رکھنے والے کئی وجوہات کی بناء پر ان اہم صلاحیتوں کی کمی اور انحطاط کی شکایت کرتے نظر آتے ہیں۔

**ایمفوسکا** ایسے خستہ حال لوگوں کو نئی زندگی بخشتا ہے۔ یہ نامردی کا نافع ہے اور خلیات کی از سرنو درستگی کر کے ان قدرتی مادوں کو بڑھاتا ہے جو جنسی افعال درست رکھنے کے لئے ضروری ہیں نیز ان تکالیف کے لئے بھی اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے :-

---

عام جسمانی اعصابی و جنسی خستگی اور تھکان، دماغی کمزوری، قوت ارتکاز کی کمی اور حافظہ کی خرابی، بھوک کی کمی، دورانِ خون کے نقائص اور بے خوابی، جنسی عدم رغبتی، جنسی بالیدگی کے نقائص و مادۂ منویہ کے نقائص، مردانہ غدود کی پیدائشی کمزوری اور عضوکی نشوونما کی کمزوری، خصیتین کا عدم نمو، خارش اور ورم، فوطوں میں پانی، احتلام و سرعت انزال منی پتلی، مذی کا اخراج، آتشک و سوزاک کی تمام تکالیف۔

---

**ایمفوسکا** ہر عمر کی تمام مردانہ کمزوریاں دور کرتا ہے اور ایسے لوگوں کے لئے ایک بہترین تحفہ ہے جنھوں نے اوائل عمر میں جلق یعنی مشت زنی کی ہو اور برائیوں کی طرف راغب ہو کر اغلام یا کثرتِ جماع سے اپنے آپ کو تباہ کرلیا ہو۔ جس کی وجہ سے انکے چہرے زرد، آنکھیں اندر دھنسی ہوئی، ہاتھ پاؤں میں ناطاقتی اور اعصابی کمزوری ہو۔

**ایمفوسکا** فوری محرک نہیں۔ یہ آہستگی اور استقلال کے ساتھ دیرپا اور مستقل نوعیت کے اثرات ظاہر کرتا ہے اسکا استعمال قوت عمل کی تیزی پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ حساسی بڑھاتا ہے اور مریض جلد ہی اپنے اندر نمایاں تبدیلی محسوس کرنے لگتا ہے۔

**ترکیب استعمال**

پہلے ۷ یوم: ۲ گولیاں دن میں ۳ بار کھانے سے آدھا گھنٹہ قبل زبان کے نیچے گھلائی جائیں
اس کے بعد: ۲ گولیاں دن میں ۲ بار ہفتے میں ایک دن ناغہ کے ساتھ
تمام شکایات سے مکمل نجات کیلیئے اس کا استعمال تقریباً ۴ ہفتے تک جاری رکھنا چاہیئے
مرض کی علامات ختم ہونے پر دوا کا استعمال ترک کر دیا جائے، ایک ماہ تک علامات برقرار رہنے پر مستند ڈاکٹر سے رجوع کیا جائے

**نوٹ**

غیر شادی شدہ لڑکوں کو شادی سے قبل اس کا ایک کورس ضرور کرنا چاہیئے۔ اس علاج کی تکرار سال میں دوبار نہایت مفید اثرات مرتب کرتا ہے

**پرہیز**

ہر اس خوراک سے پرہیز کیا جائے جو وزن بڑھاتی ہو اور دیر ہضم ہو نیز قبض کی شکایت پیدا نہ ہونے دی جائے

**Tablets 60**

# Amphosca

*Ovaryn (Female)*

*Physical, intellectual and sexual fatigue in woman*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Ambra Grisea | 8 DH |
| Sepia Officinalis | 8 DH |
| Conium Mac. | 6 DH |
| Gelsemium | 6 DH |
| Agnus Castus | 4 DH |
| Selenium Met. | 4 DH |
| Valeriana Off. | 2 DH |

گولیاں ۶۰ (زنانہ)

# ایمفوسکا

محرک غدود

جنسی، اعصابی و دماغی کمزوریاں

**عورتوں** میں نسوانی کشش ایک فطری تقاضا ہے اور اس کو ہر عمر میں برقرار رکھنا کامیابی کی دلیل ہے۔ یہ فطرت کا ایک ایسا تقاضا ہے جو زندگی کی امنگوں، مسرتوں اور کامیابیوں سے ہمکنار رکھتا ہے۔ لیکن آج کل کے دور میں روز مرہ پیش آنے والے واقعات اور حالات خواتین کی ذہنی، جسمانی اور نسوانی ساخت اور کارکردگی کو متاثر کردیتے ہیں۔ جسکے نتیجہ میں خواتین مضمحل ہو جاتی ہیں۔ ان سے انکی نسوانیت چھن جاتی ہے۔ اور وہ افسردگی کے عالم میں کھو جاتی ہیں۔ جنسی عدم رغبتی پیدا ہو جاتی ہے۔ اور ذہنی دباؤ کے علاوہ بہت سی بیماریوں کا شکار ہو جاتی ہیں۔ اور انکے لئے جنسی تقاضا بے سرور اور بے لذت ہو جاتا ہے۔

**ایمفوسکا** کا خاص اثر آلات تناسل زنانہ پر ہوتا ہے۔ تمام نسوانی امراض ایام کی بے قاعدگی، پوشیدہ خرابیاں، عضومیں درد، کھچاؤ، سوئیاں چبھنے کا احساس وسوجن، خصیۃ الرحم میں دردوسوجن، مباشرت کے وقت درد، خواہش نفسانی کی کمی، Orgasm کا نہ ہونا، ایام کی بے قاعدگی کی وجہ سے چہرے پر داغ، دانے دھبے اور بال آئیوڈین کی کمی کی وجہ سے سینہ کے سکڑ جانے یا ڈھیلے پڑ جانے کیلئے مفید اور جادو اثر دوا ہے۔

**ایمفوسکا** کا فارمولا لہننگ لیبارٹریز فرانس نے خواتین کے متعلق متعدد تجزئے اور تحقیقات کے نتیجہ میں معلومات سے حاصل کردہ نتائج کو سامنے رکھ کر اور وقت کے تقاضے اور نسوانی ضرورتوں کے مدِ نظر تیار کیا ہے جو انکی زندگی کی مسرتوں کی ضامن ہے۔

اعصابی کمزوری، ذہنی دباؤ، دماغی کمزوری، زندگی بے کیف اور بے سرور، طبیعت گری ہوئی، ہر چیز بے لطف ہر وقت زندگی سے محرومی کا احساس، غم وغصّہ کی کیفیت، کسی غم سے نڈھالی، کوئی فکر زندگی کو بے سکون و بے آرام کردے۔ ہر وقت بے قراری کی وجہ سے چہرے پر ہوائیاں، چہرہ بے رونق اور بے نور، بے اعتمادی والی کیفیت، فکر فردا وہ علامتیں ہیں جس سے نسوانی کشش جاتی رہتی ہے۔ سن یاس پر اکثر خواتین مختلف بیماریوں کا شکار ہو جاتی ہیں اور اپنے آپ کو بے لطف اور بے سرور محسوس کرتی ہیں اور ذہنی دباؤ کا شکار ہو جاتی ہیں۔

**ایمفوسکا** متذکرہ تمام کیفیات دور کرتی ہے۔ اس کا ایک مکمل کورس زندگی میں سرور، صحت اور تازگی پیدا کر کے زندگی کو پر لطف بنا دیتی ہے۔ بے حد زندہ دلی اس دوا کا کرشمہ ہے۔

**ترکیب استعمال**

پہلے ۷ یوم: ۲ گولیاں دن میں ۳ بار کھانے سے آدھا گھنٹہ قبل زبان کے نیچے گھلائی جائیں

اس کے بعد: ۲ گولیاں دن میں ۲ بار ہفتے میں ایک دن ناغہ کے ساتھ

**نوٹ**

مرض کی علامات ختم ہونے پر دوا کا استعمال ترک کردیا جائے، ایک ماہ تک علامات برقرار رہنے پر مستند ڈاکٹر سے رجوع کیا جائے

غیر شادی شدہ لڑکیوں کو شادی سے قبل اس کا ایک کورس ضرور کرنا چاہیے

اس علاج کی تکرار سال میں دوبار نہایت مفید اثرات مرتب کرتا ہے

**پرہیز**

ہر اس خوراک سے پرہیز کیا جائے جو وزن بڑھاتی ہو اور دیر ہضم ہو نیز قبض کی شکایت پیدا نہ ہونے دی جائے

**Tablets 40**

# Angipax

*Sore throat (Irritation, inflammation,fever)*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Apis Mellifica | 4 DH |
| Belladonna | 4 DH |
| Mercurius Cor. | 8 DH |
| Mercurius Sol. | 8 DH |
| Phytolacca Dec. | 4 DH |
| Pulsatilla Vulg. | 4 DH |

گولیاں ۴۰

# انجیپیکس

ٹانسلز کے ورم کا علاج

بڑھے ہوئے ٹانسلز

**ٹانسلز کی ہر طرح کی سوزش کے لئے:** ٹانسلز میں سوزش ہونے کی کئی وجوہات ہوتی ہیں۔ٹانسلز میں انفیکشن کے باعث ان میں سوجن ہوکر یہ اپنے قدرتی سائز سے بڑھ جاتے ہیں، ان میں سرخی ہوجاتی ہے۔ٹانسلز پر پیلے، سرمئی یا سفید رنگ کی تہہ بن جاتی ہے۔ٹانسلز میں سوزش اچانک بھی ہوجاتی ہے۔جس کے باعث گلے میں شدید تکلیف ہوتی ہے۔ٹانسلز میں سوزش دراصل ٹانسلز میں موجود Cell کی سوزش کی وجہ سے ہوتی ہے۔اس مرض میں زیادہ تر بچے مبتلا ہوتے ہیں جو بسا اوقات خطرناک پیچیدگی کی صورت اختیار کر لیتے ہیں۔

**ٹانسلز میں سوزش کی علامات:** گلے میں درد ہوگا ہر مریض دیکھنے میں بیمار لگے گا۔ بخار کی وجہ سے چہرہ سرخ ہوگا ہونٹ خشک ہوں گے، زبان پر سفید تہہ ہوگی۔ بچوں میں 102F سے لے کر 103F بخار ہوگا ہلکی سی سردی لگے گی جب کہ بڑوں کو سر اور جسم میں درد ہوگا، نبض تیز ہوگی، سستی کاہلی، سانس لینے میں تکلیف غذاحتیٰ کہ پانی نگلنے میں بھی شدید دقت ہوگی منہ سے ناگوار بو آئے گی ٹانسلز میں سرخی ہوگی ناک سے پتلا رقیق پانی بہے گا اور آواز خراب ہوگی۔

**ٹانسلز میں سوزش کی وجہ:** بازاروں کی غیر معیاری اشیا کا استعمال، زیادہ ٹھنڈی اور ترش چیزیں استعمال کرنا، مسوڑھوں سے پیپ نکلنا جو حلق میں جائے، دانت اور ناک کی بیماریاں، ناک کے بند ہونے سے منہ سے سانس لینا، ہوا کے ذریعے جراثیموں کا اندر داخل ہونا، کسی بیمار کا صحت مند انسان کے قریب چھینکنا جس کی وجہ سے بیمار کے جراثیم سانس کے ذریعے صحت مند انسان کے اندر داخل ہو جاتے ہیں۔ بچوں میں زیادہ تر ٹافی چاکلیٹ کا استعمال، کھٹی سویٹ، بازار کی تلی ہوئی اشیاء اور چیونگم کا استعمال اور اکثر زور زور سے گفتگو کرنا بھی گلے کے امراض میں مبتلا کر دیتا ہے۔ دھول، مٹی، دھواں اور کوڑا کرکٹ کی بدبو کا سانس میں جانا بھی ٹانسلز کی سوزش کا باعث بنتا ہے۔

**ٹانسلز میں سوزش کے باعث پیدا ہونے والی پیچیدگیاں:** ٹانسلز کے اوپری خلیات میں سوزش کی وجہ سے خون اور سوزشی مادہ جمع ہوجاتا ہے اور وہ آہستہ آہستہ ٹانسلز سے رس کر قریبی خلیات میں جمع ہوتا رہتا ہے جس کی باعث ٹانسلز کے گرد اس رطوبت کی ایک سفید تہہ جم جاتی ہے۔شدید سوزش کی صورت میں ٹانسلز کی سامنے اور پیچھے کی دیواریں بھی سوزش زدہ ہوکر سوج جاتی ہیں۔اس کے جراثیم جسم کے خصوصاً دل کو بھی متاثر کرتے ہیں اس کے علاوہ یہ جراثیم ٹانسلز کے گرد موجود گردن کے لفاوی غدود (Lymphatic Glands) میں پہنچ کر ان کو سوزش میں مبتلا کر دیتے ہیں، بعض اوقات ٹانسلز پر پھوڑا بن جاتا ہے لہٰذا ٹانسلز کی سوزش کے فوری علاج پر توجہ دینی چاہئے تاکہ یہ مرض پیچیدگی اختیار نہ کرلے۔

**Angipax ٹانسلز کا ایک نہایت موثر ہومیو پیتھک علاج ہے:** لیہنگ لیبارٹریز فرانس نے انتہائی جانفشانی سے تحقیق کرتے ہوئے موثر و مفید ادویات کو یکجا کر کے ایک ایسا فارمولا تیار کیا ہے جو ٹانسلز کی سوزش کو شفا سے ہمکنار کرنے میں اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

Angipax مرض کے دوران جلد آرام فراہم کرنے والی انتہائی معاون دوا ہے۔ٹانسلز کی سوزش سے پیدا شدہ علامات کو جلد رفع کرتا ہے۔

Angipax ٹانسلز کی سوزش، درد اور بخار کا سدباب کرتا ہے اور مرض کو پیچیدگیوں سے بچاتا ہے۔

Angipax کا فرانسیسی فارمولا پورے یورپ میں اینٹی بائیوٹکس کے بدلے استعمال کیا جارہا ہے جب کہ اس کے آج تک کوئی منفی اثرات ظاہر نہیں ہوئے اور یہ ہر طرح کے مضر اثرات سے پاک ہے۔

**ترکیب استعمال**

بڑوں کے لئے: دو گولیاں دن میں دو سے چار مرتبہ روزانہ

بچوں کے لئے ایک گولی دن میں دو سے چار مرتبہ روزانہ

**نوٹ**

علاج علامات کے خاتمے تک مسلسل جاری رکھا جائے

تین سال سے کم عمر بچوں کو ڈاکٹر کے مشورے کے بغیر استعمال نہ کرائیں

**پرہیز**

ٹھنڈے مشروبات، کھٹی میٹھی اور زیادہ چکنائی والی چیزوں سے پرہیز کیا جائے

Tablets 45

# Billerol

*Hepato-biliary disorders*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Atropinum Sulf. | 3 DH |
| Natrum Carb. | 2 DH |
| Salicy. Acidum | 2 DH |
| Natrum Mur. | 2 DH |
| Natrum Phos. | 1 DH |
| Curcuma | 2 DH |
| Lycopodium | 3 DH |

گولیاں ۴۵

# بلیرول

جگر کی جملہ خرابیاں، یرقان اور ورم صفراوی رطوبت کی درستگی، صفرا کی سست روی کیلئے مؤثر

**بلیرول** جگر اور صفرا کی خرابیوں اور یرقان کی ایک آزمودہ دوا ہے۔

یرقان، جگر کے ورم اور جگر کی عضوی و عملی خرابیوں سے ہوتا ہے جو سخت جسمانی مشقت، ذہنی تناؤ ناقص غذا، موروثی اثرات ماحول کی آلودگی، خوراک جزو بدن نہ ہونے یا اسی قسم کی دوسری وجوہات کی بناء پر بعض اوقات صحیح طور پر کام نہیں کرتے۔ جگر صفرا بناتا ہے جو وائرس اور جراثیم دونوں کے پیدا کردہ زہروں کو جسم سے باہر نکال پھینکتا ہے۔ صفرا پتّے کی تھیلی میں جمع رہتا ہے اور عمل ہضم کے دوران ضرورت کے مطابق خوراک میں شامل ہوتا رہتا ہے اور خوراک کو چھوٹے چھوٹے سالموں میں بدل کر جزو بدن بننے میں مدد دیتا ہے۔ یرقان میں جگر کی خرابی کی بناء پر پت بجائے پتّے کی تھیلی میں جمع ہونے کے، خون کے ساتھ پورے جسم میں دوڑنے لگتا ہے تو مندرجہ ذیل علامات پیدا ہوتی ہیں:

جگر میں بوجھ، متلی، بھوک نہ لگنا، قبض، ٹخنے اور پنڈلیوں میں درد، طبیعت گری ہوئی، گرمی، خشکی اور آخر میں آنکھ کے سفید پردے کی زردی، یہاں تک کہ پورا جسم زرد ہو جاتا ہے، پیشاب زرد، سرخ، سیاہی مائل سرکہ کی مانند ہو جاتا ہے۔

**بلیرول** اس قسم کے حالات میں جگر، پتّے اور چھوٹی آنتوں اور صفراوی نالیوں کی خرابی کے لئے ایک کامیاب دوا ہے، اس کے استعمال سے جگر اور صفرا کی کارکردگی صحتمندانہ ہو جاتی ہے، نظامِ ہاضمہ مثالی ہو جاتا ہے اور پاخانہ باقاعدگی سے آتا ہے۔

**بلیرول** صفراوی رطوبت کے رساؤ کو درست طور پر منضبط کرتی ہے اور اس کی زیادتی وسست روی کے خلاف مؤثر ترین دوا ہے۔ یہ جگر کے عام پرانے امراض میں مفید ہے۔ اس سے جگر کو طاقت ملتی ہے اور وہ بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔

**ترکیب استعمال**

بڑے و بچے ۱۲ سال تک: روزانہ تین ماہ تک، ایک گولی دوپہر کھانے سے ۱۵ منٹ قبل ایک گولی رات کے کھانے سے ۱۵ منٹ قبل زبان کے نیچے گھلائی جائے
بچے ٦ سال سے بڑے: ایک گولی روزانہ

**نوٹ**

مکمل علاج کے لئے اس دوا کا استعمال مسلسل طور پر تین ماہ تک کیا جائے دوران علاج ٹھنڈی اور زود ہضم چیزوں کا استعمال رکھا جائے

**پرہیز**

تیل، چکنائی اور نشاستہ وغیرہ بند کر دیا جائے
تیزابیت والی خوراک استعمال نہ کی جائے

**Drops 30 ml**

# Biocarde

*Nervousness*
*Palpitations*
*Sleep disorders*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Aubepine | 12 ML |
| Passiflore | 3 ML |
| Valeriane | 4.5 ML |
| Avoine | 3 ML |
| Melisse | 3 ML |
| Agripaume | 4.5 ML |

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

# بایوکارڈ

دل اور اعصاب کیلئے

کثرتِ سگریٹ نوشی، تمباکو، چائے و کافی کے زیادہ استعمال اور نشہ آور اشیاء کے جملہ امراض کے جملہ زہریلے بداثرات دُور کرنے کے لئے ایک بہترین دوا ہے۔ یہ قلب کے لئے بہت مفید ثابت ہوئی ہے اور پٹھوں و بندھنوں سے بھی اسکا خاص تعلق ہے۔ چنانچہ اس کا اثر بشمول قلب پورے جسمانی نظام پر ہوتا ہے۔

**بایوکارڈ** مندرجہ ذیل علامات دور کرنے کے لئے اکسیر ہے :

| | |
|---|---|
| دل کی دھڑکن بے قاعدہ | دماغی و اعصابی کمزوری |
| دل کے عضلات کی کمزوری | خُون کا دباؤ کم ، بے خوابی |
| دل کے مقام پر بوجھ و دباؤ | تشنج ، دم کشی ، جسمانی کمزوری |
| سیڑھیاں چڑھنے پر سانس میں دقت | اُداسی ، گھبراہٹ ، جلد ڈر جانا |

**بایوکارڈ** تمباکو نوشوں اور نشہ بازوں کے اعصابی نقائص و کمزوری اور امراض قلب کے لئے بے مثال ٹانک ہے۔ یہ دل اور شریانوں کے ساتھ ساتھ پٹھوں کے ریشوں پر بھی فوراً اثر کرتی ہے، دافع تشنّج ہے، اعصاب کو تسکین دیتی ہے اور جسمانی نشوونما سے متعلق افعال کو تقویت دیتی ہے۔

**بایوکارڈ** کا استعمال تمباکو نوشی اور دیگر نشہ آور و جوش آور اشیاء سے کراہیئت و نفرت بھی پیدا کرتا ہے اور ان کی بدعادت چھڑانے میں معاون ہے۔

**ترکیب استعمال**

بڑوں کے لئے (دھڑکن تیز ہونے کی صورت میں): ۱۵ قطرے دن میں تین بار تھوڑے پانی میں ملا کر
بے خوابی کی صورت میں: ۱۵ قطرے رات کے کھانے پر اور ۱۵ قطرے سوتے وقت استعمال کئے جائیں
بچوں کیلئے (۶ سال سے زائد) بے خوابی: ۶ قطرے رات کے کھانے پر اور ۶ قطرے سوتے وقت
تھوڑے پانی میں ملا کر استعمال کروائیں

**نوٹ**

بوڑھے آدمیوں کی قلبی و اعصابی کمزوری میں بلا خوف و خطر استعمال کی جاسکتی ہے
یہ دوا زیادہ خوراک میں بھی بے ضرر ہے

**پرہیز**

انڈا، نشاستہ، چکنائی و لحمیات کم استعمال کی جائیں
نیند پوری کی جائے، زیادہ محنت نہ کی جائے، ذہنی پریشانیوں سے بچا جائے

**Tablets 90**

# Biomag

*Agrumes*

*Stress*
*Anxiety*
*Fatigue*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Magnesia Mur. | 1 DH |
| Magnesia Bro. | 4 DH |
| Magnesia Phos. | 1 DH |
| Plumbum Met. | 8 DH |
| Kalium Phos. | 5 DH |
| Ambra Grisea | 8 DH |

گولیاں ۹۰

# بایومیگ

اعصاب کا جواب دے جانا
ڈھانچے کی خرابیاں، جسمانی تھکان
دماغی محنت، معدنی فقدان

خون میں نمکیات کا توازن قائم نہ رہنے سے بہت سی جسمانی تکالیف جنم لیتی ہیں۔

**بایومیگ** معدنی نمکیات اور دیگر کیمیاوی نمکیات پر مشتمل فارمولا ہے جس کا اہم جز میگنیشیم ہے۔

میگنیشیم میں یہ اہلیت ہے کہ یہ خون کی گندگی اور مضرات کو جذب یا ہضم کر لیتا ہے جس سے خون پاک صاف ہو جاتا ہے اور نمکیات کا توازن قائم رکھنے میں مدد ملتی ہے۔ نیز یہ اس میں ایسے جسیمہ پیدا کرتا ہے جو متعدی جراثیم سے محفوظ رکھنے کی صلاحیت پیدا کرتے ہیں جس کے نتیجہ میں بیماری یا مرض کے خلاف قوتِ مدافعت بڑھ جاتی ہے دوسری طرف میگنیشیم کے بے حد اہمیت کے حامل طبعیاتی اثرات بھی ہیں۔ یہ ذہنی صلاحیتوں کو بڑھاتا ہے اور تندرستی و توانائی کو تقویت دیتا ہے۔ جس سے جسمانی و ذہنی تھکان پر قابو پا لیا جاتا ہے۔

**بایومیگ** متعدد بیماریوں کو حفاظتی یا مدافعتی ادویہ کے طور پر کام کرتی ہے اور عضلات اور پٹھوں پر خاص طور پر اثر کرتی ہے، عضلات کی بے حسی، فالج و رعشہ کے لئے اسکا استعمال بہت ہی پر تاثیر ہے جلد پر بھی اس دوا کا فائدہ مند اثر ہوتا ہے۔ الرجی، پرانے داد، کھجلی، مسّہ، گومڑ، غائب ہو جاتے ہیں، ٹوٹتے ہوئے خستہ ناخن درست ہو جاتے ہیں اور بال افزائش پذیر ہوتے ہیں۔ نظامِ ہضم کے اعضاء، جگر، معدہ و آنتوں کی رطوبات میں اضافہ کرتا ہے۔ جس سے نظامِ ہاضمہ بہتر ہوتا ہے۔ نیز قبض یا دست کی صورت میں یہ پاخانہ کو اعتدال پر لاتا ہے جو عموماً نظامِ ہاضمہ کی خرابی کی بناء پر ہوتے ہیں۔ چنانچہ ہم کہ سکتے ہیں کہ یہ دوا اِن لوگوں کے لئے ایک نعمتِ غیر مترقبہ سے کم نہیں:

وہ مستورات جو بچوں کو پالتی اور دودھ پلاتی ہوں، وہ حضرات جو کاروباری یا بنیادی تفکرات سے سوکھ کر کانٹا ہو گئے ہوں، وہ مستورات و مرد جو کثرتِ مباشرت سے اپنے آپ کو تباہ کر چکے ہوں، وہ بچے جو دانت نکال رہے ہوں اور جنکی ہڈیاں غیر نشو و نما یافتہ ہوں، وہ لوگ جنکا دماغ ماؤف، حافظہ کمزور، لاغر اور کاہل الوجود ہوں۔

**بایومیگ** کا فارمولا ہزاروں افراد پر آزمائش اور کئی برسوں کے طبی مشاہدہ کے بعد ترتیب دیا گیا ہے جو تھکاوٹ کا احساس اور اعصابی گھبراہٹ دور کرتا ہے، جنسی اعضاء کی فعلی خرابی کو دور کرتا ہے، پڑھنے والے بچوں میں ذہنی قوت بڑھاتا ہے، یادداشت اور ذہن کو مرکوز رکھنے کی صلاحیت بڑھاتا ہے، دماغ کی پیدائشی غیر معیاری پن کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**

پہلا دورانیہ (۲ ہفتہ) دن میں ۲ گولیاں ۳ بار کھانے سے ۱/۲ گھنٹہ قبل یا بعد زبان کے نیچے رکھ کر گھلائی جائیں
بچے (۶ سال سے بڑے): ایک گولی دن میں ۳ بار
دوسرا دورانیہ (ایک ماہ) ایک گولی دن میں ۳ بار
بچے (۶ سال سے بڑے): ایک گولی دن میں ۲ بار

**نوٹ**

موسم بہار و موسم خزاں میں خاص طور پر اس کا استعمال پابندی سے رکھا جائے
۴ ہفتہ تک علامات برقرار رہنے کی صورت میں مستند ڈاکٹر سے رجوع کیا جائے

**پرہیز**

چائے اور اس قسم کی تیز اشیا کا استعمال کم از کم کیا جائے

**Drops 90 ml**

# Carominthe

*Digestive disorders*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Absinthium | 3 DH |
| Pulsatilla | 4 DH |
| Collinsonia Can. | 3 DH |
| Nux Vomica | 4 DH |
| Lupulinum | 2 DH |
| Mentha Pip. | TM |
| Taraxacum Dens. | 2 DH |

قطرے ۹۰ ملی لیٹر

# کارومنتھ

معدہ کی پرانی تکالیف کے لئے
ہاضمے کی مستقل خرابی کا علاج

**کارومنتھ** خالص و بے ضرر ہومیو پیتھک اجزاء پر مشتمل کیمیاوی عناصر سے مبراء معدہ اور غذائی نالی کی ایک اعلیٰ ورافع دوا ہے۔ یہ اسہال یا قبض پیدا نہیں کرتی بلکہ معدہ کے افعال کو مؤثر طور پر منضبط کرتی ہے۔ یہ بھوک کی کمی بدہضمی، اپھارہ اور معدہ کے درد کی حالت میں لاثانی تاثیر کی حامل ہے۔

**کارومنتھ** ہاضمے کی رطوبات کو نمایاں طور پر متحرک کرتی ہے۔لعاب اور معدی ترشہ انتڑیوں کی رطوبات کی مدد سے آنتوں میں کھانا ہضم کرتی ہیں۔اس کے بعد ان انتڑیوں کی رطوبات کی مدد سے اور آنتوں کے سکڑنے ،سمٹنے کے باعث پاخانہ کے راستے فضلہ کا اخراج ہوتا ہے۔ان خصوصیات کے علاوہ جن کا مقدم تعلق نظامِ ہاضمہ سے ہے یہ دیگر عارضوں کا علاج بھی ہے مثلاً: ریاحیں، ڈکاریں، گیس، دورانِ حمل متلی اور ہچکیاں وغیرہ۔اس کے علاوہ قلتِ خون اور تعلیمی بوجھ کے حامل بچوں، حاملہ عورتوں اور پیٹ کے امراض میں مبتلا لوگوں کے علاج میں کامیاب نتائج حاصل ہوئے ہیں۔

**کارومنتھ** اُن لوگوں کیلئے بیش بہا دوا ہے جو دن بھر بیٹھ کر اپنا پیشہ ورکام سرانجام دیتے ہیں۔

**ترکیب استعمال**


پہلے ۳ یوم: ۲۰ قطرے دن میں ۴ بار تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے کے بعد
بعد ازاں ۱۵ دن: ۲۰ قطرے دن میں ۲ بار

**نوٹ**

یہ دوا فقط بڑوں کے لئے تجویز کی جاتی ہے
پلسا ٹیلا کی موجودگی کی وجہ سے کان اور ناک کے امراض میں مبتلا افراد دوا کا استعمال ڈاکٹر کے مشورے سے کریں
کارومنتھ میں ہومیو پیتھک مدر ٹنکچرز شامل ہیں اس لئے اس میں ظاہری طور پر گدلا پن ہوسکتا ہے لیکن یہ اس کے دافع مرض اثرات کے لئے کوئی اہمیت نہیں رکھتا
علامات برقرار رہنے کی صورت میں مستند ہومیو پیتھک ڈاکٹر سے رجوع کیا جائے

**پرہیز**

مصالحہ دار اشیا سے پرہیز کیا جائے



**Drops 30 ml**

# Damiapax

**COMPOSITION:**

Turnera MT

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

# ڈامیاپیکس

جنسی محرک، ہیجان انگیز
نشاط انگیز

*Impotency*

**ڈامیاپیکس** جنسی قوتوں اور صلاحیتوں کو اُبھار کر ان سے مستفید ہونے میں معاون ہے۔ یہ زائل شدہ قوتِ باہ کی از سرِ نو تعمیر کر کے انسان کی جنسی صلاحیت کو بحال کرتا ہے۔

**ڈامیاپیکس** اعصابی کمزوری کی بناء پر پیدا شدہ نامردی میں خاص طور پر مفید ہے۔ آلات تناسل کی کمزوری، بوڑھوں کو مسلسل پیشاب ہونے کی شکایت، نیز مذّی (پروسٹیٹ) کا بہنا بھی اس کے دائرہ اثر میں آتا ہے۔

**ڈامیاپیکس** عورتوں میں خواہشِ نفسانی کی کمی کی بناء پر جماع سے نفرت و بے رغبتی کی بھی شافی دوا ہے اور نوجوان عورتوں کے حیض کو باقاعدہ بنانے میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے دن میں ۳ بار تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے سے قبل
۴۰ قطرے بوقت ضرورت

**نوٹ**

بہتر نتائج کے لئے اس کے ہمراہ ''ٹانک وبجیٹل'' کا استعمال نہایت مفید ہے

**پرہیز**

ہر اس خوراک سے پرہیز کیا جائے جو وزن بڑھاتی ہو اور دیر سے ہضم ہو
نیز قبض کی شکایت پیدا نہ ہونے دی جائے

**Drops 30 ml**

# Diabène

*Anti-diabetic therapy*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Aceticum Acidum | 6 DH |
| Helonias Dioica | 5 DH |
| Lacticum Acidum | 5 DH |
| Phosphoricum Acid. | 4 DH |
| Syzygium Jamb. | 4 DH |
| Taraxacum Den. Leo. | 4 DH |

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

# ڈائیبین

خون اور پیشاب میں شکر
لبلبہ کا فعل ناقص، ذیابیطس

**ذیابیطس** نشاستہ دار اشیاء جن سے گلوکوز بنتا ہے، کے عملِ تحلیل کی خرابی کا نام ہے جو اکثر وبیشتر موروثی ہوتا ہے۔

یہ اشیاء عملِ ہضم کے بعد گلوکوز کی شکل اختیار کر لیتے ہیں جسکو جسم جلا کر توانائی حاصل کرتا ہے۔ جو گلوکوز جلنے سے بچ جاتا ہے وہ جگر اور دیگر عضلات میں روغنیات یا گلائی کوجن کی شکل میں ذخیرہ ہو جاتا ہے۔ گلوکوز کے جلنے اور اس کے جگر میں ذخیرہ ہونے کا دارومدار انسولین پر ہے جو لبلبہ سے پیدا ہو کر خون میں شامل ہو جاتا ہے۔ اسکے بننے میں کوئی رکاوٹ اس پورے نظام عمل میں خرابی کا سبب بنتا ہے اور یہ مرض لاحق ہو جاتا ہے۔

عام طور پر جتنا سمجھا جاتا ہے ذیابیطس کی تکالیف اس سے کہیں زیادہ ہیں۔ اس مرض میں پیشاب اور خون میں شکر کی زیادتی ہو جاتی ہے، پیاس بہت لگتی ہے، پیشاب بکثرت آتا ہے اور جلد پر خارش رہتی ہے مرض بڑھ جائے تو خون کی رگیں تنگ ہو جاتی ہیں جن کا اثر دل پر پڑتا ہے، گردوں کی شکایت اور دیگر بہت سی بیماریاں لاحق ہو جاتی ہیں۔

**ڈائیبین** ان تمام زہریلی رکاوٹوں کو دور کرتا ہے جو لبلبہ میں " انسولین " بننے کی راہ میں حائل ہوتی ہیں نیز :

- جسم میں کاربوہائڈریٹ کی بے اعتدالیوں کو ختم کرتا ہے اور گلوکوز کی تحلیل میں مدد دیتا ہے
- لبلبہ کے خلیوں کو تحریک دیتا ہے، فعل معمول پر لاتا ہے اور شفاء و تقویت بخشتا ہے
- جسم میں "انسولین" کے تناسب کو اعتدال عطا کرتا ہے اور خون میں شکر کی کمی بیشی کو متوازن کرتا ہے
- جسم میں غیر ضروری پانی کے اجتماع کو تحلیل کرتا ہے، جسم کے کسی حصہ پر ورم و سوجن کو رفع کرتا ہے
- پیشاب میں شکر کو دور کرتا ہے اور پیشاب کی زیادتی، باربار یکایک ناقابل برداشت حاجت کیلئے نافع ہے
- پیاس کی زیادتی، پیشاب میں جلن، چھپلن، اینٹھن و درد، نیز گردوں میں درد، ورم اور جلن کو ختم کرتا ہے
- جگر کی ساخت میں خرابی یا تبدیلی دور کر کے اسکے فعل کو خراب یا معطل نہیں ہونے دیتا
- اعصابی درد، گردن اور کمر کے پٹھوں میں درد، جوڑوں میں درد، پنڈلیوں میں کھنچاوٹ، اینٹھن وغیرہ دور کرتا ہے
- عام جسمانی صحت کی اصلاح کرتا ہے، غنودگی کی کیفیت، مزاج کا چڑچڑاپن، خارش، بھوک کی کمی اور جسمانی کمزوری کو رفع کرتا ہے

**ڈائیبین** انسولین کا بدل نہیں، یہ انسولین پیدا کرنے والے جسمانی عوامل کی اصلاح کرتا ہے اور لبلبہ کی ذاتی کمزوری پر اثر انداز ہو کر انسولین کی مطلوبہ مقدار خون کو فراہم ہونے میں مدد دیتا ہے اس کے ساتھ ساتھ جگر کی خرابی کو بھی دور کرتا ہے جہاں شکر محفوظ رہتی ہے۔

**ڈائیبین** کے استعمال سے خون میں ایسی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے کہ چینی کے استعمال سے پرہیز رفتہ رفتہ کم ہو جاتا ہے نیز مریض میں شکر کی برداشت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اسکے علاوہ اس سے ذیابیطس کے پرانے زخم بھی درست ہو جاتے ہیں۔

**ترکیب استعمال**


۳۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر صبح اور رات کو سونے سے پہلے
کھانے سے 1/2 گھنٹہ قبل یا بعد

**نوٹ**

یہ دوا صرف بڑوں کے لئے تجویز کی جاتی ہے، اس کے زیادہ دنوں تک پابندی کے ساتھ استعمال سے انسولین کے انجیکشن یا دوسری کیمیاوی ادویات کی خوراک کم ہوجاتی ہے اور بالآخر ان سے چھٹکارا حاصل ہو جاتا ہے

**پرہیز**

میٹھی چیزیں اور چکنائی استعمال نہ کی جائے



Capsules 60

# Diacure

*Elimination of Sugar & Fats*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Noyer (Feuille) | 30% |
| Myrtille (Feuille) | 20% |
| Petite Centauree (Partie Aerienne) | 10% |
| Pissenlit (Racine) | 10% |
| Achillee Millefeuille (Partie Aerienne) | 0.1% |
| Epine-Vinette (Racine) | 0.01% |

کیپسول ٦٠

# ڈایاکیور

شوگر اور کولسٹرول کے خاتمہ کیلئے

**ڈایاکیور** پرانے ذیابیطس میں شکر کو کم کرنے کیلئے انسولین کا نعم البدل ہے۔ یہ جسم سے زائد کولسٹرول کو خارج کرتی ہے۔

ذیابیطس کا مرض اچانک پیدا نہیں ہوتا، یہ رفتہ رفتہ بڑھتا ہے۔ ابتدائی علامات میں پیشاب زیادہ ہوتا ہے، پیاس زیادہ لگتی ہے۔ نیز بھوک کم، متلی، قے، ہاضمہ کی شکایت، ڈکاریں، پاخانہ کی بے قاعدگی، دردسر، نیند کا نہ آنا وغیرہ شامل ہیں، اس مرض کی آمد مریض کو معلوم ہی نہیں ہوتی، البتہ جب پیشاب کا بار بار ہونا، منہ کا خشک رہنا یا پیاس کا زیادہ ہونا، روز افزوں نقاہت، نگاہ کی کمی وغیرہ جیسی علامتیں بڑھتی ہیں تب مریض کو احساس ہوتا ہے۔ اس مرض میں پیشاب کا قدرتی وزن بڑھ جاتا ہے، مقدارِ پیشاب بڑھ جاتی ہے، مریض کی سانس سے ایک خاص قسم کی بُو آنے لگتی ہے، نظامِ عصبی میں خرابی پیدا ہوتی ہے، مختلف عضو بدن سُن ہو جاتے ہیں یا سو جاتے ہیں، دردِ سر، چڑچڑاپن، مایوسی، کام سے نفرت، درد و اینٹھن، قوتِ باہ اور نگاہ کی کمی پیدا ہو جاتی ہے، جلد خشک ہو جاتی ہے اور چھوٹی پھنسیاں نکلتی ہیں۔

**ڈایاکیور** ذیابیطس کے پرانے مریضوں میں خوراک کے خلاف مزاحمت کا تقویت بخش علاج ہے اور زائد کولسٹرول کو خارج کرتی ہے۔

**ڈایاکیور** انسولین اور خون میں شکر کی مقدار کو کم کرنے والے دیگر اجزاء کا بدل ثابت ہوتی ہے۔ یہ جسم میں انسولین کی مقدار کو متناسب کرتی ہے اور خون میں شکر کی کمی و زیادتی کو توازن عطا کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: دو کیپسول دن میں ۳ بار کھانے سے آدھا گھنٹہ قبل پانی کے بڑے گلاس کے ساتھ

**نوٹ**: ٦ سال سے کم عمر بچوں کو استعمال نہ کرائیں

**پرہیز**: شیریں اور لیس دار غذا کا استعمال نہ کریں

**Drops 30 ml**

# L 8

*Urinary diseases disorders*
*Cystalgia and oliguria*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Benzoicum Acid. | 2 DH |
| Apocyn. Cannab. | 8 DH |
| Ononis Spinosa | 2 DH |
| Colchicum | 4 DH |
| Solidago | TM |
| Berberis | TM |
| Coccus Cacti. | 3 DH |
| Hexaminum | 3 DH |
| Herniaria Glabra | 3 DH |
| Belladonna | 3 DH |

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

# ایل

مثانہ اور گردہ کے لیئے

**ایل** گردہ اور مثانہ کی خرابیوں مثلاً پیشاب کرتے وقت درد اور تکلیف، مثانہ کی زُودحسی کے سبب پیشاب کا از خود نکل جانا، ناکافی پیشاب کے سبب گردوں میں درد یا گردوں کے کام بند کر دینے کے لئے خاص تجویز کردہ علاج ہے۔

ان امراض کو ابتدائی مرحلہ پر ہی اس دوا کی مدد سے قابو میں لے آنا چاہیئے بصورتِ دیگر ان کے پرانے ہو جانے کی صورت میں علاج مشکل ہو جاتا ہے۔

**ایل** کے استعمال سے :

- مثانہ میں موجود جراثیمی مادّے ضائع ہوتے ہیں اور سوزش میں کمی ہوتی ہے۔
- مثانہ میں تہہ نشیں ریتیلے مادّوں کا اخراج ہوتا ہے۔
- گردوں میں موجود جراثیمی مادے ضائع ہوتے ہیں اور درد میں کمی ہوتی ہے۔
- پیشاب کی نالی میں موجود جراثیم ختم ہوتے ہیں اور سوزش کم ہوتی ہے۔
- بے اختیار قطرہ قطرہ پیشاب کے اخراج پر قابو ہو جاتا ہے۔

**ایل** تہہ نشیں یورک ایسڈ اور فاسفورک ایسڈ کو خارج کرنے اور گردوں کے عمل کو بہتر بنانے کے لئے نہایت موثر دوا ہے۔ یہ گردے کی یوریٹس اور آگزیلیٹس کی پتھریوں پر کیمیاوی اثر ڈالتی ہے جس سے پتھریاں ذروں کی شکل اختیار کر کے پیشاب کے راستے خارج ہو جاتی ہیں۔ یہ پیشاب کے رک جانے، مشکل سے اترنے اور قطرہ قطرہ آنے میں بھی کامیابی کے ساتھ استعمال ہوتی ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے سے پانی میں ملا کر لیجئے دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد
مرض کی شدت یا دورے کی حالت میں ایک سے دو خوراک اضافی استعمال کریں
بچے (۶ تا ۱۲ سال): ہومیوپیتھک ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق

**نوٹ**

علاج کے دوران ضروری ہے کہ روزانہ زیادہ سے زیادہ پانی پیا جائے، خاص طور پر جب کہ پیشاب گدلا آتا ہو، تا کہ یورک ایسڈ کا اخراج با آسانی ہو سکے

**پرہیز**

بہت ٹھنڈے مشروبات سے پرہیز رکھیں۔ یہ تکلیف کو بڑھاتے ہیں

**Drops 30 ml**

# L 25

*Menstrual and menopausal disorders*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Viscum Album | TM |
| Hydrastis | 4 DH |
| Gossypium Herb | 3 DH |
| Secale Cornutum | 4 DH |
| Magnesia Mur. | 3 DH |
| Adrenalinum | 6 DH |
| Calcarea Hyp. | 3 DH |
| Senecio Aureus | 10 DH |
| Aloe | 3 DH |
| Chamomilla Vulg. | 2 DH |
| China Rubra | 5 DH |
| Cuprum Sulf. | 5 DH |
| Cimicifuga | 3 DH |

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

# ایل ۲۵

ایام مخصوصہ وسن یاس کے مسائل کا علاج

لہننگ لیبارٹریز فرانس نے خواتین کے ایام مخصوصہ وسن یاس کے مسائل وتکالیف کو رفع کرنے اورانہیں پرسکون زندگی گزارنے میں مدد فراہم کرنے کے لئے اس دوا میں ایسی انتہائی مستند و موثر ادویات کو شامل کیا ہے جن کے استعمال سے خواتین ان تکالیف سے نجات حاصل کرلیتی ہیں۔

**ایل ۲۵** ڈراپس میں شامل ادویات ایام مخصوصہ کی بے قاعدگی کو باقاعدہ بناتی ہیں اوران کے تولیدی نظام کو قوت فراہم کرتے ہوئے انہیں فعال رکھتی ہیں۔

**ایل ۲۵** ڈراپس ایام مخصوصہ کے ہرطرح کے دردوں کو آرام پہنچاتی ہے، بے چینی وگھبراہٹ کو دور کرتی ہے۔عورت کے اندر تھکاوٹ پیدا نہیں ہونے دیتی اوران کے مزاج میں خوشگوار تبدیلی لاتی ہے۔

**ایل ۲۵** ڈراپس سن یاس کے وقت کی تکالیف کو دور کرتی ہے اور بلڈ پریشر کو بھی نارمل رکھتی ہے۔غصہ و چڑچڑاہٹ کو خوشگوار موڈ میں تبدیل کردیتی ہے۔پرسکون نیند کا باعث بنتی ہے، کمزوری کو دور کرتے ہوئے چکروں اوردل کی قدرتی رفتار کو برقرار رکھتی ہے۔سب سے اہم یہ کہ سن یاس کے وقت ہاتھ، پیراورجسم میں گرمی (HOT FLUSHES، جو کہ سن یاس کے وقت شدت اختیار کرلیتی ہے) کو نارمل رکھنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال**

20 قطرے تھوڑے سے پانی میں ملا کر کھانے سے پہلے یا کچھ دیر بعد دن میں دومرتبہ

**نوٹ**

تمام تکالیف ختم ہوجانے کے بعد بھی کچھ دنوں تک دوا کا استعمال رکھیں

**پرہیز**

کھٹاس، مرچ، تیل، بادی اشیا، چاول وغیرہ کا استعمال نہ کیا جائے

ایام کے زمانہ میں غسل نہ کیا جائے ،جسم کو ٹھنڈ سے بچایا جائے اوروزن نہ اٹھایا جائے

**Drops 30 ml**

# L28

*Varicosities, varicose veins, haemorrhoids, varicose ulcer and in venous Lymphatic circulation disorders*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Hamamelis | TM |
| China Rubra | 4 DH |
| Adrenalinum | 6 DH |
| Secale Cornutum | 4 DH |
| Vinca Minor | 3 DH |
| Hydrastis Can. | 4 DH |
| Carduus Marianus | TM |
| Trillium Pendulum | 6 DH |

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

# ایل ۲۸

شریانوں اور رگوں کے امراض کا علاج

**ایل ۲۸** ڈراپس شریانوں اور رگوں سے متعلقہ مختلف امراض کا علاج ہے یہ بواسیر کی پھولی ہوئی رگوں کی سوجن و شریانوں سے اخراج خون میں اکسیر ہے۔ رگوں کے Valve کی خرابی کے باعث رگیں پھول کر موٹی ہوجاتی ہیں کیونکہ Valve کی کمزوری کے باعث خون مکمل طور پر دل تک نہیں پہنچ پاتا جو رگوں میں جمع ہوکر رگوں میں سوزش و درد کا باعث بنتا ہے۔ اس مرض میں رگیں نیلی ہوجاتی ہیں اور ان کے اطراف بدنما داغ بن جاتے ہیں۔ مگر بعض حالتوں میں شدید نا قابل برداشت درد اور جلد کا السر بھی پیدا ہوجاتا ہے۔

وجوہات: دیر تک ایک جگہ کھڑے رہنا یا بیٹھے رہنا، ورزش نہ کرنا، موٹاپا، دوران حمل یا وضع حمل کے بعد بھی یہ مرض پیدا ہوجاتا ہے۔ شدید سردی اور بڑھاپا بھی اس مرض کے پیدا ہونے کی وجوہات ہیں۔

علامات: جسم کے کسی بھی حصے کی رگوں کا پھول جانا، درد کرنا، رگوں کے آس پاس نیلے نشانات کا ہونا، پیر اور ٹانگوں میں سوزش، ٹانگوں کا کپکپانا، متاثرہ جگہ پر شدید خارش، چلنے میں انتہائی تکلیف کا ہونا۔

رگوں کا پھول کر سوج جانا (بالخصوص بواسیر اور ٹانگوں کی رگوں کا) ایک انتہائی تکلیف دہ مرض ہوتا ہے جس کے باعث انسان نہ ہی کوئی کام کرسکتا ہے اور نہ ہی سوسکتا ہے۔ یہ ایک ایسا مرض ہے جس میں دوران خون میں بھی رکاوٹ پیدا ہوتی ہے، جو درد میں شدت کا باعث بنتی ہے۔

**ایل ۲۸** ڈراپس میں ایسی تمام ادویات موجود ہیں جو رگوں کے Valve کو فعال کرتی ہیں، دوران خون کو قدرتی حالت میں لاتی ہیں، رگوں کے پھول جانے، سوجن، سوزش، درد و رگوں کے آس پاس نیلے داغوں کو شفا سے ہمکنار کرتی ہیں جبکہ اس دوا کے کوئی مضر اثرات بھی مرتّب نہیں ہوتے۔

**ترکیب استعمال**

۳۰ قطرے دن میں تین بار تھوڑے سے پانی میں کھانے سے کچھ دیر پہلے یا بعد

**نوٹ**

ہائی بلڈ پریشر میں اور دوران حمل ڈاکٹر کے مشورے کے بغیر استعمال نہ کی جائے

**پرہیز**

گرمی سے بچیں، تیز گرم پانی سے نہ نہائیں، چائے، کافی
مصالحہ جات سے پرہیز کیا جائے

**Drops 30 ml**

# L 52

*Influenza states*
*feverish aches dry cough*
*post-influenza weakness*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Eupatorium | 3 DH |
| Aconitum | 3 DH |
| Bryonia | 3 DH |
| Arnica Montana | 3 DH |
| Gelsemium | 6 DH |
| China Rubra | 3 DH |
| Belladonna | 3 DH |
| Drosera | 2 DH |
| Polygala Senega | 2 DH |
| Eucalyptus | TM |

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

# ایل ۵۲

وبائی نزلہ زکام، موسمی بخار
انفلوئنزا، فلو

**نزلہ زکام** ہمارے ملک کا ایک عام مرض ہے جو موسمی ارتقاء رکھتا ہے اور خاص کر اوائل و اختتامِ سردی زیادہ ہوتا ہے۔ یہ مرض عام جراثیمی حملہ کے دو تین دن بعد ابتداء میں بہت تیزی سے ظاہر ہوتا ہے اور نہایت متعدی ہے۔

انسان کی جسمانی کیفیت اس کی قوتِ مدُافعت پر منحصرِ ہوتی ہے اور اس میں معمولی کمی سب سے پہلے نظام تنفس کو متاثر کرتی ہے اور انسان نزلہ زکام میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

چونکہ یہ بہت عام مرض ہے اس لئے ہمارے ملک میں اس کی طرف اتنی توجہ نہیں دی جاتی جتنی کا یہ مستحق ہے مناسب علاج سے محروم نزلہ زکام، کان اور ناک سے لے کر سانس کی تمام نالیوں اور پھیپھڑوں میں ہوا کی تھیلیوں کے اندر جھلی میں سوزش کا سبب بنتا ہے اور ابتدائی علامات کے طور پر سر درد، بخار، ریڑھ کی ہڈی میں درد، اکڑن وگِھر پیاس اور تیز تنفس کا احساس ہوتا ہے اور چہرہ سرخ اور سوجا ہوا محسوس ہوتا ہے جبکہ اسکی شدت اختیار کرنے کی صورت میں تیز بخار ہو جاتا ہے ٹھنڈ کا احساس شدید ہو جاتا ہے، اکڑن بڑھ جاتی ہے دوروں کی شکل میں مسلسل خشک کھانسی ہوتی ہے سانس کی جھلیوں سے ناک کے ذریعہ پیپ دار پانی بہنے لگتا ہے اور مریض کو باربار چھینکیں آتی ہیں۔

اگر بہتی ہوئی ناک کی رطوبتوں کو دواؤں سے دبایا جائے یا انہیں خشک کر دیا جائے تو جراثیم اور ان کے پیدا کردہ زہریلے مادوں کے لئے ناک سے بہہ کر خارج ہونے کا راستہ بند ہو جاتا ہے اور جرثوموں کو موقع مل جاتا ہے کہ وہ اندر جھلیوں میں سوزش پھیلائیں۔

**ایل ۵۲** کا مرکب فارمولا اس مقصد کیلئے پیشِ نظر تشکیل دیا گیا ہے کہ یہ جسمانی نظام میں مدافعت پیدا کرے اور ناک کے بہتے پانی کو مناسب طور پر روک کر اسے گاڑھا کر کے اسکا اخراج کرے۔

**ایل ۵۲** ان اجزاء کی مدبّرانہ باہمی ترکیب کا نام ہے جو محض علامات دور نہیں کرتا بلکہ نزلہ زکام کی اصلاح کرتا ہے اور اس سے مکمل نجات دلاتا ہے۔

**ایل ۵۲** بے انتہا مریضوں پر کامیاب آزمائش کے بعد نزلہ زکام کے علاج کیلئے مجرب نسخہ تسلیم کیا گیا ہے۔

**ترکیب استعمال**

انفلوئنزا کی حالت میں: ۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۵ تا ۸ بار
بعد میں ۲۰ قطرے دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد میں
حفظ ماتقدم: ۲۰ قطرے دن میں ۲ بار
بچے (۲ سال سے بڑے): ۱/۴ تا ۱/۲ خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**

جب آپ ایسے لوگوں کے ساتھ ہوں جو انفلوئنزا سے متاثر ہوں یا وباء کی صورت میں انفلوئنزا سے حفاظت کے لئے ۳۰ تا ۵۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر ۳۔۴ بار پیجئے یا ۵ قطرے رومال میں ڈالئے اور دن بھر وقتاً فوقتاً گہرے سانس کے ساتھ سونگھتے رہیں

**پرہیز**

برف، مشروبات، دیگر ٹھنڈی چیزیں استعمال نہ کی جائیں۔ ٹھنڈے پانی کے غسل سے پرہیز کریں

**Drops 30 ml**

# L72

*Minor sleeping disorders*
*Disorder related to anxiety and overexcitability*
*(Emotivity, nervousness)*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Asa foetida | 6 DH |
| Avena sativa | TM |
| Chamomilla vulgaris | 3 DH |
| Cicuta virosa | 6 DH |
| Hyoscyamus niger | 1 DH |
| Ignatia amara | 3 DH |
| Nux vomica | 3 DH |
| Staphysagria | 4 DH |
| Sumbulus moschatus | 6 DH |
| Valeriana officinalis | 2 DH |

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

# ایل ۷۲

اعصابی نظام کیلئے،
اضطرابی کیفیت، ڈپریشن

**ایل ۷۲** ذہنی دباؤ، اعصابی ہیجانی کیفیت، کاروباری اور مالیاتی الجھنوں، گھریلو پریشانیوں اور معاشرتی دباؤ کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے امراض کی دوا ہے۔

ان وجوہات کی بناء پر نیند کا نہ آنا، جسمانی، ذہنی اور اعصابی تھکن، جنسی بے رغبتی، بھوک کا غائب ہوجانا، معدہ بھرے ہونے کا احساس، کھانے کی نالی میں جلن، سانس لینے میں سینے پر بوجھ، دل کی دھڑکن میں بے قاعدگی ہر وقت نامعلوم خوف اور اندیشے کا احساس، سر کا بوجھل ہونا، کندھے پیٹھ اور گردن میں کبھی شدید اور کبھی خفیف درد کا احساس، آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جانا، ہر وقت تھکن اور کونچن، جسم کے ہر حصہ میں دکھن، معدہ میں اپھارہ اور ریاح کا دباؤ، قبض، دسترخوان پر متلی کا احساس وغیرہ سب ختم ہوجاتا ہے۔

**ایل ۷۲** دماغ کے خلیوں اور مرکزی اعصابی نظام پر اثرانداز ہوکر تمام جسمانی و اعصابی نظام کو باقاعدہ بناتی ہے اور جسم کے تمام خلیوں کو ضرورت کے مطابق توانائی بہم پہنچا کر اعتدال پر لاتی ہے جس کے نتیجہ میں صحتمند کارکردگی کا رجحان پیدا ہوتا ہے۔

ہماری معاشرتی زندگی میں طرح طرح کی الجھنوں کے نتیجہ میں ڈپریشن کی عام شکایت ہے اور یہ ڈپریشن کی کامیاب ترین دوا ہے جو زندگی کی الجھنوں کے احساس سے نجات دلا کر زندگی کو مسرتوں اور امنگوں کے دھارے پر ڈال دیتی ہے۔

**ایل ۷۲** کے مسلسل استعمال سے ہر وقت کا چڑچڑاپن اور افسردگی دور ہوجاتی ہے اور ذہن میں بالیدگی اور جسم میں توانائی پیدا ہوجاتی ہے اور یہی زندگی کی کامیابی کی پہچان ہے کہ ہر وقت انسان اپنے آپ کو خوش و خرم محسوس کرے۔

**ترکیب استعمال**

بے خوابی: ۳۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے سے پہلے اور ۶۰ قطرے سوتے وقت
اعصابی شکایت: ۳۰ قطرے صبح اور ۳۰ قطرے دوپہر اضافی خوراک
بچے (۲ سال سے بڑے): 1/4 سے 1/2 خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**

نقائص کے مکمل خاتمے تک مسلسل استعمال کیا جائے

**پرہیز**

غذا ہلکی اور کم کھائی جائے

**Drops 30 ml**

**L107**

*Adjuvant treatment of acute gastroenteritis*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| China Rubra | 3 DH |
| Arsenicum Alb. | 6 DH |
| Nux Vomica | 4 DH |
| Mercurius Cor. | 6 DH |
| Chamomilla Vulg. | 9 DH |
| Colocynthis | 4 DH |
| Ipeca | 4 DH |
| Belladonna | 3 DH |

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

# ایل ۷

ورم معدہ، پیچش

**ایل ۷** دست آنوں والی پیچش، بدہضمی اور معدہ کے جملہ امراض کی دوا ہے۔

اس دوا کی مزید علامات میں معدہ میں اجتماع ریاح ( گیس ) پیٹ کا پھول جانا، درد، ریاح کا دباؤ، سینہ، کندھے، سر اور دل پر بوجھ، کھانا ہضم نہ ہونا، پتلے پانی کی طرح دست، مروڑ، بھوک نہ ہونا، ناف کے نیچے سخت مروڑ، پاخانہ کے ساتھ آنوں کا اخراج، کبھی خون کی آمیزش والے دست، کھٹی ڈکاریں، غیر منہضم خوراک کا باہر آنا، متلی، اُبکائی، کھانے کے فوراً بعد پاخانے کی حاجت شامل ہے۔

**ایل ۷** باسی غذا، زیادہ چربی والے مرغن کھانوں اور رس دار پھلوں کے استعمال سے پیدا شدہ معدہ کی خرابی کا فوری علاج ہے۔

**ایل ۷** پیچش جو ایک نہایت موذی اور تکلیف دہ مرض ہے کا مکمل علاج ہے۔اس میں بڑی آنت والے حصے میں مروڑ، چبھن اور بھالے لگنے والے درد، سفید یا سرخی مائل آنوں کا اخراج، پاخانے کے بعد دیر تک معدے میں جلن بھی رہتی ہے۔ایسے افراد جو Amoebic Dysentry کے مریض ہیں ان کے لئے یہ دوا ایک مکمل علاج کا درجہ رکھتی ہے۔

**ترکیب استعمال**

۱۰ قطرے وقفے وقفے کے ساتھ تھوڑے پانی میں ملا کر۔علامات ختم ہونے کے ساتھ ساتھ خوراک کا وقفہ بڑھا دیا جائے۔(ایک دن میں زیادہ سے زیادہ ۶۰ قطرے)

بچے (۳۰ ماہ سے ۱۲ سال تک): ۳ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر وقفے وقفے کے ساتھ (دن میں ۳۰ قطروں تک)

**نوٹ**

اس دوا کی مکمل افادیت کے حصول کیلئے غذائی احتیاط اشد ضروری ہے

۲ دن تک افاقہ نہ ہونے کی صورت میں اور ۵ دن میں مکمل خاتمہ نہ ہو تو مستند ہومیو پیتھک ڈاکٹر سے رجوع کریں

**پرہیز**

باسی اور مرغن غذاؤں سے پرہیز کیا جائے۔تازہ اور سادہ غذا استعمال کی جائے

**Drops 30 ml**

# L114

*Cholagogue and in dyspeptic disorders*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Dolichos Pru. | 6 DH |
| Nux Vomica | 3 DH |
| Lycopodium | 3 DH |
| Leptandra Virg. | 6 DH |
| Podophyllum | 4 DH |
| Carduus Mar. | 3 DH |
| Chelidonium | 2 DH |
| Boldo | 1 DH |

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

# ایل ۱۱۴

جگر اور پتے کے لئے

**ایل ۱۱۴** جگر کی خرابیوں کی کل علامات کی دوا ہے، مثلاً پتہ کی تھیلی کا پھیل جانا، جگر پرورم اور سوجن، یرقان، جسم کا پیلا ہو جانا وغیرہ۔

جگر اور پتے کی خرابیاں بطور خود کم ہوتی ہیں عموماً یہ کسی اور خرابی یا بیماری کی وجہ سے ہوتی ہیں مثلاً بخار آنا، چوٹ لگنا، ضرب وغیرہ۔ علامات میں داہنی پسلی کے نیچے درد، پیٹھ اور شانے تک درد، بوجھ، متلی، قبض یا اسہال، بھوک کا نہ لگنا شامل ہیں۔

**ایل ۱۱۴** مندرجہ ذیل تکالیف کا احاطہ کرتی ہے :

- جگر، معدے اور آنتوں کی وہ تمام بیماریاں جن میں انکے مخصوص فعل متاثر ہوتے ہیں ۔
- جگر کے صفرا کے اخراج سے متعلق تکالیف سے ذہنی واعصابی تناؤ ۔
- جگر اور پتے سے ہاضمے کے فعل میں مدد دینے والے عروق کے اخراج کی بے قاعدگیاں۔

**ایل ۱۱۴** صفرا سے متعلق تمام خرابیوں کی مؤثر ترین دوا ہے۔ اس کے استعمال سے جگر، پتہ اور آنتوں کی کارکردگی صحت مندانہ ہو جاتی ہے۔ بھوک کھل کر لگتی ہے، نظامِ ہاضمہ مثالی ہو جاتا ہے، پاخانہ باقاعدگی سے آتا ہے اور یرقان دور ہو جاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**

۳۰ قطرے دن میں ۳ بار کھانے سے آدھا گھنٹہ قبل یا بعد تھوڑے سے پانی میں ملا کر
بچے (۲ سال سے بڑے): ۱/۴ سے ۱/۲ خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**

اس دوا کا استعمال مکمل صحت یابی تک جاری رکھا جائے

**پرہیز**

رقیق، پتلی غذا استعمال کی جائے
چکنائی اور نمک سے پرہیز کیا جائے

**Tablets 60**

# Nervopax

*Digestifs, nervousness (Anxiety, insomnies)*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Corallium Rub. | 7 DH |
| Atropinum Sulf. | 6 DH |
| Cuprum Aceticum | 4 DH |
| Magnesia Phos. | 3 DH |
| Aresnicum Alb. | 4 DH |
| Zincum Val. | 4 DH |
| Agnus Castus | 3 DH |
| Silicea | 5 DH |

گولیاں ٦٠

# نروپیکس

سر درد، دانت کا درد، کمر کا درد
پٹھوں کا درد و اینٹھن
انتڑیوں اور جگر کا درد
جوڑوں کا درد، مرگی

## سر درد کسے نہیں ہوتا؟

سر کی چوٹ کی بناء پر ہونے والے سر درد کے علاوہ سر درد کسی نہ کسی جسمانی بیماری کی علامت ہوتے ہیں یا پھر اعصابی تناؤ و جذباتی کشمکش کا اظہار کرتے ہیں۔ جسمانی اسباب میں کمزوری خون کے دباؤ میں کمی یا زیادتی، ماہواری کی بے قاعدگی، تشنج، معدے کی خرابی، قبض، جسمانی تھکاوٹ، بھوک، ہوا کا ناکافی گزر، ایک ہی طریقے سے بیٹھے بیٹھے عضلاتی اینٹھن شامل ہیں جب کہ ماحول سے عدم موافقت، غیر آسودہ آرزوئیں، ناکامیاں، محرومیاں، رکاوٹیں، زندگی کی دوڑ میں پیچھے رہ جانا، بات بات پر کڑھنا وغیرہ سر درد کے ذہنی و جذباتی اسباب ہیں۔

**نروپیکس** ہر قسم کے سر درد کے لئے خواہ وہ جسمانی اسباب کی بناء پر ہو یا جذباتی، پورے سر میں ہو یا آدھے سر میں، دائیں جانب ہو یا بائیں جانب، کبھی کبھار ہو یا مستقل ان تمام حالتوں میں یہ ایلو پیتھک دافع درد ادویات کے برعکس ہر قسم کے مضر اثرات سے پاک ایک موئثر دوا ہے۔ اس میں شامل اجزاء مندرجہ بالا تمام اسباب و حالات کو پیش نظر رکھ کر جمع کئے گئے ہیں تاکہ جسم و ذہن کے گوشوں سے اُٹھنے والے ہر قسم کے سر درد اس کے احاطئہ اثر میں آسکیں۔

**نروپیکس** سر درد کے علاوہ پٹھوں کے تشنجی درد، کھنچاؤ و اینٹھن دور کرتی ہے۔ جوڑوں کا درد و سوزش، گٹھیا کے عمومی درد، محنت و مشقت کی زیادتی سے جسمانی درد، ہڈیوں کا درد، آنکھوں کے اوپر پیشانی کا درد، کنپٹی کا درد، کان کا درد، دانت کا درد، چہرے کا عضلاتی درد، گردن اور ریڑھ کے قریب درد، گدّی کا درد، پستانوں کا درد، اندام نہانی اور خصیتہ الرحم کا درد، کولھوں کا درد اور عرق النساء کے درد بھی اس سے رفع ہوتے ہیں۔ نیز ان دردوں کی بناء پر ہاتھ پاؤں میں تھکن، عضلاتی کمزوری اور مزاج کا چڑچڑا پن بھی دور ہوتا ہے اور طبیعت بشاش رہتی ہے۔

یہ معدے اور انتڑیوں و جگر کے مقام پر اپینڈی سائٹس کی بناء پر یا نکوٹین و تمباکو کے زہر کی وجہ سے یا بڑی آنت کی سوزش کی بناء پر درد، مروڑ اور کھنچاوٹ بھی دور کرتی ہے پیٹ میں اپھارہ اور درد اور پیڑو میں درد اس سے دور ہوتے ہیں۔ مرگی کے دورے اور تشنجی اینٹھن کی بے قاعدگیاں، جلد غش کھانا اور حد سے زیادہ بے چینی اور پریشانی بھی اس کے دائرہ اثر میں شامل ہیں۔

**نروپیکس** کی آزمائش نے اس نتیجہ پر پہنچایا ہے کہ یہ درد کی ایک بہترین دوا ہے اور ہر قسم کے درد کو رفع کرتی ہے خواہ یہ کسی بھی وجہ سے اور جسم کے کسی بھی حصہ میں ہوں۔

**ترکیب استعمال**

دو گولیاں صبح و شام کھانے سے ١/٢ گھنٹہ قبل یا بعد زبان کے نیچے رکھ کر گھلائی جائیں
بچے (٦ سال سے بڑے): نصف خوراک

**نوٹ**

یہ دوا گردے کے درد کی حالت میں دوسری دواؤں کے ساتھ بطور معاون دوا دی جاسکتی ہے
اعصابی دردوں میں دوا کو مسلسل کئی دن تک استعمال کرنا چاہیئے

**پرہیز**

متاثرہ حصص کو گرم رکھا جائے
ٹھنڈے پانی کے غسل سے اور پنکھے کے نیچے وایئر کنڈیشنز میں سونے سے پرہیز کریں

**Tablets 60** | گولیاں ٦٠

# Nico Stop
# نیکواسٹاپ

*An aid to break the smoking and other habits*

ترک سگریٹ نوشی
گٹکا، ماوا، پان سے چھٹکارہ

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Nux Vomica | 8 DH |
| Lobelia | 6 DH |
| Staphysagria | 6 DH |
| Tabacum | 6 DH |

**نیکواسٹاپ** قدرتی اجزا پر مشتمل ایک قابل اعتماد فارمولا ہے جو موثر اور محفوظ انداز میں سگریٹ نوشی، گٹکا، ماوا، پان و دیگر نشہ آور چیزوں اور علتوں سے چھٹکارا دلاتا ہے۔ اس طرح کہ پھر طلب محسوس نہ ہو۔

**نیکواسٹاپ** آپ کے جسم کو کھا جانے والی عادت کے خلاف ایک آزمودہ دوا ہے جو لوگ مدت سے سگریٹ نوشی، پان، ماوا، گٹکا کے عادی ہوں ان کے لئے یہ سب ترک کرنے میں معاون اور مددگار ہے۔

**نیکواسٹاپ** میں ایسے اجزاء شامل ہیں جو نہ صرف سگریٹ نوشی، گٹکا، پان، ماوا، نسوار کی خواہش کو دباتے ہیں بلکہ انہیں چھوڑنے کے بعد پیدا ہونے والی پیچیدگیوں، چڑچڑاپن، مایوسی، تھکاوٹ وغیرہ سے بھی محفوظ رکھتے ہیں۔

نشہ آور اشیاء کے مضر اثرات کو خصوصی طور پر عالمی سطح پر تسلیم کرتے ہوئے روکنے کی کوشش کی جارہی ہے اس لئے لہمنگ لیبارٹریز فرانس نے نشہ آور اشیاء کو ترک کرنے کے لئے ایک معاون ادویہ بعد از تحقیق پیش کی ہے۔ جبکہ یہ دوا چھالیہ، ماوا، پان، گٹکا و دیگر ایسی مضر اشیاء کے استعمال کو روکنے میں معاون ہے۔

**ترکیب استعمال**

ایک گولی ہر چار گھنٹے بعد یا دن میں ۳ بار چبا کر منہ میں گھلائیں
کھانے سے آدھے گھنٹے قبل یا بعد
جب سگریٹ، پان، ماوا یا گٹکا کی شدید طلب کریں تو ایک گولی منہ میں چبا کر گھلائیں

**نوٹ**

بارہ سال سے کم عمر بچے، حاملہ خواتین اور دودھ پلانے والی مائیں ڈاکٹر کے مشورے سے استعمال کریں
ایک دن میں ۸ گولیوں سے تجاوز نہ کریں

**پرہیز**

بوقت استعمال کیفین، منتھول، پیپرمنٹ یا کھانے پینے سے پرہیز کیا جائے
تمباکو یا اس سے بنی ہوئی اشیا سے پرہیز کریں
ایسی محفلوں میں شرکت نہ کریں جہاں کثرت سے نشہ آور چیزوں کا استعمال ہوتا ہو

**Drops 30 ml**

LEHNING

# Passiflora GHL

*Sleep disorders*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Passiflora Inc. | 1 DH |
| Avena Sativa | 1 DH |
| Belladonna | 5 DH |
| Secale Cornutum | 4 DH |
| Valeriana Off. | 1 DH |

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

لہننگ

# پیسی فلورا

بے خوابی و نیند میں خلل
اعصابی کمزوری و تناؤ

صنعت ادویہ سازی نے انفعالی اثرات کے لحاظ سے سکون آور کیمیاوی اجزا ٔ کی تحقیق میں قابل توجہ ترقی کی ہے لیکن ان اجزا ٔ کے ضمنی اثرات نے اطباء کو ان کے استعمال کے خطرات کا بلحاظ فوائد پاس و خیال رکھنے پر مجبور کر دیا ہے۔ وہ ان کے رد عمل سے آشنا ہیں اور بیشتر انکے استعمال سے رفتہ رفتہ پرہیز کر رہے ہیں، مگر مسئلہ یہ پیدا ہوتا ہے کہ ایسی کونسی دوا کا انتخاب کیا جائے جو عضلاتی علامات کو کم از کم رد عمل کے ساتھ دور کر سکے ؟ اس بات کی تحقیق و تشخیص ہو چکی ہے کہ نباتاتی ادویہ ضمنی مضر اثرات اور کسی قسم کے رد عمل سے محفوظ ہیں اور یہ شعور اب عام آدمی میں بھی بہت پایا جا رہا ہے جو نباتاتی ادویہ کی مقبولیت اور کامرانی کی ایک بڑی وجہ ہے یہ بات بھی ذہن میں رکھنی چاہئے کہ سکون آور ادویات اکثر و بیشتر مریضوں کے ادویات کے صندوقچہ میں رہتی ہیں اور اس بات کا ہر وقت امکان پایا جاتا ہے، کہ مریض بوقت ضرورت بغیر ڈاکٹری مشورے کے ان کا استعمال کر لے۔ ان حالات میں ہماری یہ تجویز قابل قبول ہونی چاہئے کہ ”معتدل دوا کا استعمال رکھا جائے۔“

**پیسی فلورا** ہر قسم کے ضمنی اثرات سے مبرا وسیع الاثر نباتاتی سکون آور عامل ہے، جو بے خوابی اور اعصابی کمزوریوں سے متعلق یہ خاص خاص شکایات دور کرتی ہے :

نیند بالکل نہ آئے، دیر تک نہ آئے، نیند معلوم ہو مگر نہیں آئے، نیند آتے ہی اچاٹ ہو جائے، نیند کم آئے جلد بار بار آنکھ کھل جائے، بے خوابی، غنودگی کے ساتھ نیند کی کمی سے ہر وقت اونگھ، بہت سوئے مگر فرحت نصیب نہ ہو، اعصابی تناؤ درد و زود حسی، ہاتھ پیر سُن، رعشہ اور تشنج، طبیعت کی گراوٹ اور سستی، ذہنی تھکاوٹ اور بے آرامی، جنسی ناطاقتی اور اُکساہٹ، سر درد اور کنپٹیوں کا درد، تمام قویٰ کا کنُد ہو جانا،

**پیسی فلورا** جوان لڑکیوں اور عورتوں میں سوزش و درد کے ساتھ غیر اطمینان بخش حیض کی صورت پیدا ہونے والی اعصابی تکالیف، زمانہ موقوفی حیض کی تکلیفات اور ہسٹریا کی کیفیت دور کرنے کے لئے کرشمہ ساز حیثیت رکھتی ہے، ذہنی خلفشار میں مبتلا، مضطرب اور ہیجان انگیز، مستورات جو انتہائی چڑچڑی ہو جائیں، بات بات پر آنسو بہائیں، بہت زیادہ متفکر، پریشان، بے چین اور حساس عورتیں جنہیں کمزوری کا شدید احساس ہو، اس سے مستفید ہوتی ہیں۔

**پیسی فلورا** کے سکون آور قطرے اعصاب کو تقویت دے کر ان کے انفعال کو درست کرتے ہیں، یہ سوتے وقت خیالات کے ہجوم کو دُور کر کے گہری اور بلا خلل نیند لاتے ہیں اور آدمی کل کے کام نبٹانے کے لئے تازہ دم اور بشاش طبیعت اُٹھتا ہے۔

### ترکیب استعمال

۲۰ تا ۳۰ قطرے دن میں ۳ بار تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے سے ۱/۲ گھنٹہ پہلے یا بعد
بے خوابی: اضافی خوراک ۶۰ قطرے سونے سے ایک گھنٹہ قبل
بچے (دو سال سے بڑے): ۱/۴ سے ۱/۲ خوراک عمر کے لحاظ سے

### نوٹ

ایلوپیتھک خواب آور گولیوں کے عادی افراد پر اس دوا کا اثر دیر میں ظاہر ہوتا ہے
اس دوا کے طویل عرصے تک استعمال سے عادت نہیں پڑتی اور چھوڑنے کے بعد قدرتی طور پر نیند آتی ہے

### پرہیز

سرکہ، لیموں، تمباکو، چائے، کافی وغیرہ کم استعمال کی جائے
غذا ہلکی اور نرم کھائی جائے



**Drops 30 ml**

# Phapax

*Migraine*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Cyclamen Europ. | 6 DH |
| Gelsemium | 4 DH |
| Chelidonium Majus | 3 DH |
| Ruta Grav. | 8 DH |
| Iris Versicolor | 3 DH |
| Sanguinaria Can. | 4 DH |
| Argentum Nitricum | 6 DH |
| Actaea Racemosa | 4 DH |
| Digitalis Purp. | 2 DH |
| Melilotus Off. | 2 DH |

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

# فا پیکس

آدھے سر کا درد
عام سر درد

**فا پیکس** لہنگ ہومیو پیتھک قطرے عام سر درد اور خاص طور پر آدھے سر کے درد کو دور کرنے کیلئے بہترین ہومیو پیتھک دوا ہے۔

ایک آنکھ کے اوپر ہونیوالے آدھے سر کے درد عموماً خون کے دباؤ میں کمی و بیشی وریدوں میں اجتماع خون، تشنج، آنکھوں کا دُھندلا پن، جسمانی تھکاوٹ، دماغی محنت، بھوک، ہوا کا ناکافی گزر، عضلاتی اینٹھن اور بات بات پر کُڑھتے رہنے کے سبب پیدا ہوتے ہیں۔ یہ سر درد ماہواری کی بے قاعدگی اور معدہ و جگر کی خرابی کی وجہ سے بھی ہوتے ہیں۔ یہ درد بہت شدید ہوتے ہیں اور آنکھوں کے حلقوں اور ڈھیلوں میں اور دانتوں کے اعصاب میں بھی شدت سے محسوس کیئے جاتے ہیں۔

**فا پیکس** لہنگ ہومیو پیتھک قطرے معیادی سر درد کا بھی علاج ہے جنکے ساتھ چہرے کے درد، چُندھیا پن کا احساس اور آواز سے دوری کی خواہش جیسی علامتیں ہوتی ہیں۔

**فا پیکس** ہومیو پیتھک قطرے ہر قسم کے سر کے درد کو بہت جلد دور کر کے صحت بخشتی ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے دن میں ۳ بار تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے سے ۱/۲ گھنٹہ قبل یا بعد
شدید درد کی صورت میں : ۱ تا ۲ خوراک دن میں اضافی لیں
بچے (۲ سال سے بڑے): ۱/۴ یا ۱/۲ خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**

تکالیف ختم ہوجانے کے بعد بھی ۲ تا ۳ ہفتوں تک کم خوراکوں میں استعمال جاری رکھیں

**پرہیز**

دودھ، سرکہ اور تیزابی سبزیوں کا استعمال کم رکھا جائے
ایام کے زمانے میں جسم کو ٹھنڈ سے محفوظ رکھا جائے

**Drops 30 ml**
LEHNING
# Phytolacca berry

**COMPOSITION:**

Phytolacca Berry MT

قطرے ۳۰ ملی لیٹر
لہننگ
# فائیٹولیکا بیری

*Fat reducing remedy for obesity*

موٹاپا و فربہی

**فائیٹولیکا بیری** (لہننگ) موٹاپے کا قدرتی اور مؤثر علاج ہے۔

وزن کم کرنے کی اس مشہورِ عالم ہومیو پیتھک دوا کو لہننگ لیبارٹریز نے قطروں کی شکل میں تیار کیا ہے۔ اس کے استعمال سے انسان کے جسم کی زائد چربی زائل ہو جاتی ہے اور انسان اپنے آپ کو ہلکا پھلکا محسوس کرتا ہے۔

اس کے استعمال سے بھوک میں اعتدال پیدا ہوتا ہے اور جسم میں نئے ریشوں کی پیدائش بند ہو جاتی ہے۔

**فائیٹولیکا بیری** (لہننگ) کے استعمال کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ یہ خون کو صاف کر کے رنگت کو خوشنما بناتی ہے اور آپ مزید حسین نظر آنے لگتے ہیں۔

**فائیٹولیکا بیری** (لہننگ) موٹاپا رفع کرنے کی ایک بہترین دوا ہے اور دنیا بھر میں کامیابی سے استعمال کی جاتی ہے۔

اس کے استعمال کا کوئی مضر ردِعمل نہیں ہے۔

**ترکیب استعمال**
۲۰ قطرے دن میں ۳ بار تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے سے آدھا گھنٹہ قبل استعمال کریں
(بچوں کے لئے نصف خوراک)

**نوٹ**
بہترین نتائج حاصل کرنے کے لئے اس دوا کے ساتھ **ایل ۱۱۱** کا استعمال انتہائی مفید ہے
ہر دو ہفتے بعد اپنا وزن ضرور کریں اور پیٹ کی پیمائش بھی ضرور کریں

**پرہیز**
بڑا گوشت اور مرغن غذاؤں کا استعمال نہ کیا جائے
دوران استعمال ہلکی پھلکی ورزش ضرور کیجئے

**Syrup 90 ml**

# Phytotux H

*Cough*
*Bronchitis*
*Cold*

شربت ۹۰ ملی لیٹر

# فائیٹوٹکس ایچ

ہر قسم کی کھانسی
نرخرے کی نالیوں کا ورم، ہر قسم کا نزلہ

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Drosera | MT |
| Bryonia | 6 DH |
| Ipeca | 5 CH |
| Belladonna | 5 CH |
| Corallium Rubrum | 3 CH |

کھانسی ، نرخرے کی نالیوں کا ورم اور نزلہ وہ عام شکایات ہیں جو معمولی علامات سمجھ کر نظر انداز کر دیئے جانے کے سبب بعض او قات مہلک صورت اختیار کر لیتی ہیں۔ چنانچہ لہننگ لیبارٹریز فرانس نے کھانسی ونزلہ کی شدت اور اس کے تمام مضر اثرات کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس دوا کے اجزاء ترکیب دئے ہیں جس میں خاص طور پر پرانا شہد شامل ہے۔

**فائیٹوٹکس ایچ** کھانسی کی ہر قسم مثلاً تشنجی کھانسی، کالی کھانسی، دورے والی کھانسی، خشک کھانسی، بلغمی کھانسی، رات کو اٹھنے والی کھانسی، موسم سرما کی کھانسی، ہر قسم کا نزلہ اور اس کی وجہ سے حلق میں اجتماع بلغم، زبان اور حلق میں خشکی کا احساس، حلق میں سرخی، سوجن اور کانٹے چبھنے کا احساس، گلے کا بیٹھ جانا سب دور کرتی ہے۔

**فائیٹوٹکس ایچ** پھیپھڑوں کے اندرونی مسام کو کھول دیتی ہے اور ان میں لچک پیدا کر کے سانس لینے کی صلاحیت بڑھا دیتی ہے، دم گھٹنے کے احساس کو کم کرتی ہے، بلغم کے اخراج کو معمول پر لاتی ہے یہ دمہ، برانکائٹس، پرانی کھانسی اور متلی وغیرہ میں مرض کی شدّت کو کم کر کے مریض کو سکون اور آرام پہنچاتی ہے۔

**فائیٹوٹکس ایچ** ان لوگوں کیلئے بھی مفید دوا ہے جو گرد دھول یا کسی قسم کی تیز خوشبو وغیرہ سے جلد متاثر ہوتے ہیں اور ناک فوراً بہنے لگتی ہے اور کھانسی کی شکایت ہو جاتی ہے۔

**ترکیب استعمال**

ایک بڑا چمچ دن میں ۳ تا ۴ بار
بچے (۳۰ ماہ سے بڑے): ایک بڑا چمچ ۲۴ گھنٹے میں ۲ تا ۴ بار عمر کے مطابق
(ایک سال سے کم عمر بچوں کو استعمال نہ کرائی جائے)

**نوٹ**

ابتدائی علامات ظاہر ہوتے ہی دوا کا استعمال فوری نتائج کا حامل ہے
حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین ڈاکٹر کے مشورہ سے استعمال کریں

**پرہیز**

ٹھنڈی، کھٹی اور زیادہ چکنائی والی چیزوں سے پرہیز کیا جائے

**Granule 350 gm**

# Rexorubia

*Growth disorder*
*Mineralization and*
*during breastfeeding*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Natrum Sulf. | 3 DH |
| Silicea | 3 DH |
| Calcarea Carb. | 2 DH |
| Calcarea Iodata | 4 DH |
| Calcarea Phos. | 2 DH |
| Natrum Phos. | 2 DH |
| Magnesia Phos. | 2 DH |
| Ferrum Phos. | 2 DH |
| Rubia Tinctoria | 3 DH |
| Juglans Reg. Pul. | 4 DH |

۳۵۰ گرام

# ریکسوروبیا (دانہ دار)

معدنی قلت کی بحالی
تشکیل معدنیات، مقوی

**لہننگ لیبارٹریز فرانس** کو یہ فخر حاصل ہے کہ انھوں نے بایوکیمسٹری (علم الکیمیا) میں حالیہ تحقیق کے توسط سے پہلی بار ہومیوپیتھک اجزاء پر مشتمل دانہ دار کثیر المعدنی مرکب پیش کیا ہے۔ اس دانہ دار مرکب میں چونے یعنی کیلشیم کے علاوہ جاندار معدنیات یعنی سیلشیا، میگنیشیا، فولاد اور فاسفیٹ شامل ہیں تاکہ یہ انسانی جسم کی معدنیاتی کمی کو دُور کر سکے اور اس کے کمزور نظام کی اصلاح کر کے اسے قوی بنائے۔

دراصل جب کوئی عضو کسی عارضہ کا شکار ہوجاتا ہے تو اس میں ضروری معدنیات کی فوری طور پر کمی واقع ہوجاتی ہے، چنانچہ متاثرہ عضو کی بحالی یا صحتیابی کے لئے ضروری ہے کہ اس کو وہ معدنی اجزا بہم پہنچائے جائیں جن کی اس کو ضرورت ہو۔ ان نتائج کے حصول کے لئے مختلف معدنی نمکیات کو مماثل تناسب سے باہم ملا کر دینا چاہیئے یہاں تک کہ ایک قدرتی صحتمند جسمانی نظام قائم ہوجائے۔

**ریکسوروبیا** کا ایک جز "روبیا" بچوں کی ہڈیوں کی نشو نما اور بوڑھوں کی ہڈیوں کو سخت اور طاقتور بنانے کے لئے ایک خاص اثر رکھتا ہے۔

**ریکسوروبیا کے مرکب کا مندرجہ ذیل حالات میں استعمال کا مشورہ دیا جاتا ہے:۔**

- بچوں کی نمو پذیر عمر کے دوران، بیمار، زرد، روگی، تکلیف سے دانت نکلتے ہوں ہڈیوں کا نظام افرائش پذیر نہ ہو
- عورتوں کے دوران حمل کے پورے زمانہ میں اور جبتک وہ بچے کو دودھ پلا رہی ہوں اور معدنیات کی اضافی مقدار درکار ہوں
- غدود کے ورم میں خاص طور پر بچپن کے زمانہ میں اور سن بلوغت میں جب اضافی معدنیات جسمانی نظام کی نشوونما کیلئے ضروری ہوں
- قلت خون اور اس سے پیدا شدہ بیماریاں مثلاً عام جسمانی کمزوری، سستی، پژمردگی بھوک کی کمی، پیلاپن، چکر، سردرد، کانوں کی بھنبھناہٹ
- نوعمر لڑکیوں میں ابتدائے بلوغت میں حیض کے نہ ہونے، بے قاعدہ ہونے یا درد سے ہونے کی تکالیف، دوران خُون کی بے قاعدگی
- ریڑھ کی ہڈی کی سوزش، دانتوں کا سڑنا، ضعف اعصاب، ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کو جلد جوڑنے کیلئے، سانس کا پھولنا، کپکپاہٹ
- غذا کا جزو بدن نہ ہونا، کھانے پینے کے باوجود کمزوری، عضلات ڈھیلے ڈھالے اور کمزور، شکم بڑھا ہوا وزن کم
- طویل شدید بیماریوں کے بعد کمزوری، وضع حمل یا اسقاط کے بعد کمزوری، کثرت مباشرت کی وجہ سے کمزوری وغیرہ

**ریکسوروبیا** مندرجہ بالا امراض کے علاوہ پورے جسمانی نظام کی اصلاحی تاثیر رکھتا ہے، اس کے ساتھ ساتھ چند بیماریوں کے لئے یہ طاقتور فاعل کی حیثیت بھی رکھتا ہے چنانچہ مثال کے طور پر ایک گٹھیا کا مریض مرض کے علاج کے ساتھ ساتھ اسکے استعمال سے بھی مستفید ہوسکتا ہے کیونکہ یہ ان حالات میں اسکے نظام کی قوت مدافعت کو بڑھاتا ہے جو درد کی تکلیف کے دوران کم ہوجاتی ہے۔

**ترکیب استعمال**

ایک چائے کا چمچہ تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے ۱/۲ قبل یا بعد
بچوں کیلئے: ۱/۲ چائے کا چمچہ دن میں ۳ بار صبح، دوپہر، رات

**نوٹ**

ہر کوئی جو گرچہ اچھی صحت کا مالک ہو مگر اپنے پیشے اور کٹھن کام میں حد سے زیادہ مصروف رہتا ہو اور ذہنی وجسمانی مشقت کرتا ہو اسے اپنی روزمرہ کی تھکان میں سنبھالا دینے کے لئے استعمال میں رکھنا چاہیئے

**پرہیز**

جلد نتائج حاصل کرنے کے لئے متعین کردہ خوراک سے تجاوز نہ کیا جائے بلکہ بہتر نتائج کے لئے متعین خوراک کا استعمال کئی مہینوں تک کیا جائے



**Drops 30 ml**

# Santaherba

*Conventional therapies in preventive and adjuvant treatment of asthma*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Yerba Santa | 3 DH |
| Ipeca | 4 DH |
| Lobelia Inflata | 3 DH |
| Adrenalinum | 6 DH |
| Belladonna | 4 DH |
| Stramonium | 4 DH |
| Solidago Virg. | 3 DH |
| Ephedra Vulg. | 4 DH |
| Galeopsis Ochr. | TM |
| Sambucus Nig. | TM |
| Crataegus Oxy. | TM |

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

# سانٹاھربا

ہر قسم کے دمہ کیلئے

**سانٹاھربا** ہر قسم کے قلبی و عصبی دمہ اور سانس کی نالی میں سوزش و تشنج کی بناء پر بلغمی رکاوٹ کی بناء پر دمہ، دم گھٹنے اور سینے پر بوجھ کے احساس اور ہانپنے کی سی کیفیت کا بہترین علاج ہے۔

دمہ کی بیماری دورہ کی صورت میں ہوتی ہے تنفس میں تکلیف کا آغاز اکثر سوتے میں ہوتا ہے، مریض بے چین ہو کر جاگتا ہے زور کی سانس لینا چاہتا ہے لیکن سانس صحیح طریقے سے اندر نہیں کھینچ پاتا۔ تھوڑی دیر میں تکلیف بڑھ جاتی ہے۔ مریض آگے کی طرف سر جھکا کر بیٹھتا ہے، لیٹنا دشوار ہو جاتا ہے، چہرہ زرد ہو جاتا ہے، دل تیز دھڑکنے لگتا ہے، ہاتھ پیر سرد ہو جاتے ہیں پھر رفتہ رفتہ تکلیف کم ہو جاتی ہے اس حالت زار کی وجہ ہوا میں معلق گرد و غبار، پھپھوندی، پودوں وغیرہ کے مہین بیج، جانوروں کے پر یا اسی طرح کی سینکڑوں اور چیزوں کا سانس کے ذریعہ جسم میں داخل ہو کر الرجی کا باعث بنتا ہے۔ اس الرجی کا باعث بعض قسم کی دوائیں یا کھانے بھی ہو سکتے ہیں۔ جذباتی دباؤ سانس کی نالی کی پرانی جراثیمی بیماریاں، موسمی درجہ حرارت اور ہوا میں نمی کے تناسب کا بدلتے رہنا، دھواں یا بخارات، تیز خوشبوئیں یا جسمانی تھکاوٹ بھی دمہ کا فوری سبب بن سکتے ہیں۔

**سانٹاھربا** کا فارمولا ہومیوپیتھی کے شعبہ میں متعدد تحقیقات سے حاصل شدہ نتائج کی بنیاد پر بہت احتیاط کے ساتھ مرتب کیا گیا ہے۔ اس میں مختلف اعلیٰ درجہ کی تاثیر رکھنے والے اجزاء شامل ہیں جو جراثیمی کارکردگی کو بے اثر بناتے ہیں، بلغم کے اخراج کو بڑھاتے ہیں، سانس کی نالی کے تشنج کو دور کرتے ہیں اور سانس لینے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں اسکے استعمال سے راتیں پُرسکون ہو جاتی ہیں اور دل پر بھی بہت اچھا اثر پڑتا ہے۔

عام طور پر دمہ کے علاج کے لئے ایسی دوائیں دی جاتی ہیں جن کا فائدہ اور اثر عارضی ہوتا ہے اور جن سے دمہ کے دورے کو وقتی طور پر آرام آجاتا ہے، لیکن یہ فارمولا پسندیدہ انداز میں تمام مسکن دواؤں کا بدل ثابت ہوتی ہے کیونکہ اس کو ہومیوپیتھک اصولوں کے مطابق بنایا گیا ہے جس سے سارے نظام کی اصلاح ہوتی ہے۔ اس کا اثر دیرپا ہوتا ہے۔

**سانٹاھربا** دمہ کی علامتوں کو دور کرتی ہے اور ساتھ ہی ساتھ دمہ کا مستقل علاج بھی ہے۔

**ترکیب استعمال**

۳۰ قطرے دن ۳ بار تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے سے ۱/۲ گھنٹہ قبل یا بعد

بچے (۶ تا ۱۲ سال) : ۱۰ قطرے دن میں ۳ بار، خوراک کا درمیانی وقفہ کم از کم ۴ گھنٹہ ہو

سانس کی نالی کی سوزش کی بنا پر دمہ کے علاج کے لئے: ۳۰۰ ملی لیٹر پانی ابالئے اور اس میں ۲ تا ۳ چمچے شہد یا چینی کے ملائیے، شیرہ کے ٹھنڈا ہونے کے بعد اس میں ایک پوری شیشی سانٹاھربا ۳۰ ملی لیٹر اور ۲۰۰ ملی لیٹر گلیسرین ملا دیجئے اس کے بعد اس آمیزے کو ایک بوتل میں بھر لیجئے اور اس مرکب کے ایک یا ۲ چمچے دن میں ۴ تا ۶ بار استعمال کریں

**نوٹ**

ڈاکٹر سے مشورہ کے بغیر سانٹاھربا کا ایک ہفتہ سے زائد استعمال نہ کیا جائے

**پرہیز**

ٹھنڈی اشیاء سے پرہیز کیا جائے



**Tablets 60**

# Sinuspax

*Rhinitis*
*Sinusitis*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Belladonna | 3 DH |
| Calcarea Carb. | 3 DH |
| Calcarea Flu. | 3 DH |
| Cinnabaris | 8 DH |
| Hepar Sulf. Cal. | 5 DH |
| Hydrastis Can | 3 DH |
| Kalium Bichro. | 5 DH |
| Kalium Sulf. | 4 DH |
| Manganum Sulf. | 3 DH |
| Sabadilla | 3 DH |
| Silicea | 5 DH |
| Thuya Occ. | 2 DH |

گولیاں ۶۰

# سائینیوز پیکس

ناک کی لواحقی ہڈی و جھلی کا ورم
ناک سے متعلقہ جملہ امراض
ناک کا بہنا و نزلہ زکام

**سائینیوز پیکس** بغیر آپریشن ناک کی لواحقی ہڈی و جھلی کے ورم کا کامیاب علاج ہے۔ گو کہ یہ ناک سے متعلق جملہ امراض بشمول ناک کا بہنا، نکسیر، نزلہ و زکام وغیرہ دور کرتا ہے، لیکن یہ خاص طور پر سائینوزائیٹس کے علاج کے لئے نہایت کارآمد ہے۔ اس میں ناک کی ہڈی کے نیچے کے خلا میں نالی کی شکل کا لمبا پھوڑا یا ورم ہو جاتا ہے یا اس میں پانی پڑ جاتا ہے، ناک کی جھلی میں ورم ہو جاتا ہے، سُونگھنے اور چکھنے کی قوت کم ہو جاتی ہے یا بالکل جاتی رہتی ہے، ناک سے پپڑیاں نکلتی ہیں، سڑا ہوا خون آمیز سبز یا زرد بلغم اور چپدار پانی بہتا ہے۔ ناک سے بدبو آتی ہے، بعد میں ناک سڑ جاتی ہے اور زخم ہو جاتے ہیں، ناک کے اندر بدگوشت، بتوڑی یا گلٹی پڑ جاتی ہے۔ یہ بتوڑی بڑھتی جاتی ہے یہاں تک کہ سانس لینے میں دقت ہونے لگتی ہے۔ ایلوپیتھک میں اس کا آپریشن کے سوا کوئی علاج نہیں ہے جبکہ ہومیو پیتھک میں اس دوا کے استعمال سے یہ تمام تکالیف ختم ہو جاتی ہیں۔

**سائینیوز پیکس** کے استعمال سے ناک میں سُوجن اور انجماد دوُر ہو جاتے ہیں اور سانس لینے میں آسانی پیدا ہوتی ہے۔ یہ دافع زکام بھی ہے اور جھلی میں خراش پیدا کرنے والے محرکات کو ختم کر دیتی ہے اور جھلی کے عمل اور رطوبتوں کے اخراج کو طبعی حالت پر لے آتی ہے جس سے ناک میں بولنا بھی ختم ہو جاتا ہے۔ یہ ناک کی درمیانی دیوار میں سوراخ اور ناک کے مہاسوں کے لئے بھی ایک مفید ترین دوا ہے۔

**سائینیوز پیکس** دیرینہ امراض کی ایک بہترین دوا ہے۔ بہت پُرانا نزلہ، ہر موسم کا نزلہ، نیز الرجی کا نزلہ اس دوا کے استعمال سے درست ہو جاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲ گولیاں دن میں ۲ یا ۳ بار منہ میں گھلائیں
بچے (۶ سے ۱۲ سال): نصف خوراک

**نوٹ**

ابتدائی علامات یعنی سر درد، چہرے کا درد، سونگھنے کی حس میں کمی، ناک کا دکھنا، بہنا، بند ہو جانا ظاہر ہوتے ہی اس دوا کا استعمال فوری نتائج کا حامل ہے
۱۰ دن سے زائد علامات برقرار رہنے کی صورت میں مستند ہومیو پیتھک معالج سے رجوع کریں

**پرہیز**

ٹھنڈی چیزیں اور زیادہ چکنائی والی خوراک سے پرہیز کیا جائے

**Drops 90 ml**

# Soludor

*Cardiotonic*
*Vagotonic disorders*
*(Faintness: stress, imotivity....)*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Aurum Coll. | 4 DH |
| Natrum Mur. | 3 DH |
| Crataegus Oxy. | TM |
| Valeriana Off. | TM |
| Avena Sativa | TM |
| Cactus Grand. | TM |
| Camphora | 3 DH |
| Ignatia Amara | 8 DH |
| Arnica Montana | 8 DH |
| Strophanthus | 8 DH |
| Kalium Carb. | 3 DH |

قطرے ۹۰ ملی لیٹر

# سولیوڈور

مفرح قلب واعصاب
سفر کے عوارض

**سولیوڈور** لہنگ گولڈ ڈراپس تھکے ہوئے قلب اور اعصاب کیلئے مفرّح قلب ادویات میں ایک اعلیٰ ترین دوا ہے۔

اس دوا کی عمل انگیزی کی بنیاد اُن چند دواؤں کے خاص تناسب پر ہے جو کہ سب کی سب اعصابی پراگندگی اور قلبی نظام کی بے ترتیبی کے علاج کیلئے خصوصی اہمیت کی حامل ہیں ۔ لہٰذا یہ دوا دل کے کم وبیش تمام امراض کا احاطہ کرتی ہے مثلاً اختلاج قلب مُعمولی گھبراہٹ اور پریشانی میں دل کی دھڑکن کا بے قاعدہ اور تیز ہوجانا، چھاتی یا بائیں کاندھے اور ہاتھ میں اینٹھن کے ساتھ درد اور سانس لینے میں رُکاوٹ اور گھٹن وغیرہ ۔ یہ دوا خون کے شریانوں کو نرم اور لچکدار بنا کر خون کے دوران کو اعتدال پر لاتی ہے، نبض کی رفتار کو معتدل کرتی ہے، اعصاب وقلب پرخون کے دوران کو معمول کے مطابق رکھتی ہے۔ دل کی اختلاجی کیفیت میں یہ دوا اکسیر ہے۔ اس کے علاوہ ذہنی تحریک یا جسمانی مشقّت سے اگر پسینہ بکثرت آئے اور پیشاب اگر مقدار میں کم خارج ہوتو اس دوا کا استعمال ضروری ہے ۔ جب کبھی تنفّس کی تنگی، سینہ میں گھٹن، جسم میں تھرتھراہٹ، جسم میں ناطاقتی اور دل کی دھڑکن میں بے قاعدگی کا احساس ہوتو اس وقت یہ دوا ان حالات پر قابو پا کر مریض کو فوراً نارمل کر دیتی ہے۔

**سولیوڈور** سفر کے دوران دماغ کا بوجھل یا ہلکا ہونے یا چکر آنے ، متلی ہونے ، الٹی ہونے، پیٹ میں مروڑ اور معدہ میں دباؤ کا احساس ہونے کی صورت میں بہترین نتائج کا حامل ہے۔

**سولیوڈور** سونے کے محلول پر مشتمل ہے جو قطعی طور پر فائدہ مند اور اعصابی سکون بخشنے والا ہے۔ یہ مفرّح قلب اور اعصاب ہونے کے ساتھ ساتھ مریض کو مکمل صحتیاب کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ بشر طیکہ اس دوا کو صحتیاب ہونے تک مسلسل استعمال کیا جائے۔

**ترکیب استعمال**

۳۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد
نیم غشی اور بے ہوشی کی صورت میں: ۵۰ قطروں تک کی خوراک ایک وقت میں لی جاسکتی ہے
بے خوابی: ۲۰ تا ۳۰ قطرے رات کو لیٹنے سے ایک گھنٹہ قبل
بچے (۲ سال سے بڑے): ۱/۴ یا ۱/۲ خوراک، عمر کے مطابق

**نوٹ**

دوا کا لمبے عرصے تک استعمال ڈاکٹر کے مشورہ سے رکھا جائے

**پرہیز**

انڈا، نشاستہ، چکنائی ولحمیات کا استعمال کم کیا جائے

**Syrup 90/250 ml**

۹۰/۲۵۰ ملی لیٹر

# TONIQUE VEGETAL

# ٹانک ویجیٹل

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Podophyllum | 2 DH |
| Avena Sativa | 1 DH |
| Kola | 1 DH |
| Artemisia Vulg. | 1 DH |
| Rheum Rhap. | 1 DH |
| Rhamnus Fra. | 1 DH |
| China Rubra | 1 DH |
| Nux Vomica | 2 DH |
| Cinnamomum | 1 DH |
| Arsenicum Alb. | 4 DH |
| Gentiana Lutea | 1 DH |

*Fortifiant*

مقوی

فی زمانہ ایٹمی دور میں جب کہ وقت کی حکومت ہے ہمیں اپنی صحت اور تندرستی پر بھرپور توجہ دینے کی فرصت نہیں، چنانچہ ہم اپنی زندگی کے اوائل ہی میں کمزوری صحت کا شکار ہو جاتے ہیں جس کے نتیجے میں بڑھاپے کے حالات کا وقت سے پہلے سامنا کرنا پڑتا ہے۔

غیر متزلزل صحت اور جسمانی قوت مدافعت کی بنیاد متوازن اور خالص غذا ہے جو اس خلائی دور میں نایاب ہے۔ چنانچہ موجودہ وقت میں مہیا غذا کے ساتھ ساتھ خون اور پورے جسمانی نظام کو قوت پہنچانے کے لئے کسی نہ کسی بھرپور ٹانک کی ضرورت طویل قوت بخش زندگی کے لئے ناگزیر ہے۔

**ٹانک ویجیٹل** لہننگ لیبارٹریز فرانس کا تیار کردہ ایک انتہائی مقوی توانائی سے بھرپور نباتاتی ٹانک ہے جو پودوں سے حاصل شدہ ادویہ سے تیار کیا گیا ہے اور دماغی، اعصابی، جسمانی و جنسی کمزوری کو دور کرتا ہے اور صحت و توانائی بحال رکھتا ہے۔

**ٹانک ویجیٹل** کا فارمولہ دیگر ادویات کے برعکس ہر قسم کے ردِ عمل سے قطعی محفوظ ہے اور اس کا استعمال کسی قسم کے نقصان دہ اثرات کا حامل نہیں ہے جو ہومیوپیتھک ادویات کی ایک اہم خصوصیت ہے۔

**ٹانک ویجیٹل** ایسے اجزاء سے ترکیب دیا گیا ہے کہ تقریباً تمام ہی جسمانی کمزوریوں کو دور کرتا ہے اور صحت و توانائی بحال رکھتا ہے خاص طور پر:

---

جسم کی نشو و نما سے متعلق خرابیاں، دل کی کمزوری، شدید کمزوری پیدا کرنے والی تمام بیماریوں کے بعد نقاہت، کثرت تمباکو نوشی اور نشہ آور اشیاء کے بداثرات، اعصابی اضمحلال، سستی، کاہلی، بے آرامی، گھبراہٹ، نیند کی کمی، آنکھوں کے آگے اندھیرا تھکاوٹ، بھوک کی کمی، ہاضمے کی خرابی، قبض، ذہنی پریشانی، مالیخولیائی کیفیت، دماغ اور حافظہ کی کمزوری، جنسی کمزوری، خون کی کمی، دبلا پن۔

---

**ترکیب استعمال**

ایک بڑا چمچہ تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں تین بار کھانے سے پہلے یا بعد

بچے (۸ سال سے بڑے): ایک چائے کا چمچہ دن میں ۳ بار

**نوٹ**

یہ ایک مقوی نباتاتی ٹانک ہے جسے ڈاکٹر کے مشورے سے گھر کا ہر فرد استعمال کر سکتا ہے

**پرہیز**

نشہ آور اشیاء اور جنسی بے اعتدالیوں سے پرہیز کیا جائے

**Drops 30 ml**
**Tablets 60**

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Phytolacca | 4 DH |

قطرے ۳۰ ملی لیٹر
گولیاں ٦٠

# TRIM

*Obesity*
*Weight loss*

# ٹرم

## موٹاپا

**ٹرم** موٹاپے کو اپنے عمل تحلیل کے ذریعہ بلا کسی ردّ عمل دور کرنے کی ایک اعلیٰ دوا ہے۔

**ٹرم** جسم کے ان تمام حصّوں سے بالخصوص کمر اور پیٹ سے جہاں زائد چربی جمع ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے جسم نہایت بھدّا نظر آتا ہے غیر ضروری چربی کو آہستہ آہستہ گھلا کر تحلیل کر دیتی ہے اور جسم رفتہ رفتہ سڈول اور ستواں ہو جاتا ہے۔

**ٹرم** موٹاپے کے خلاف ایک حفظِ ماتقدّم بھی ہے اور اس کا استعمال جسم کو سڈول رکھتا ہے اور موٹا ہونے سے روکتا ہے۔

تمام ہومیو پیتھک ادویات کی طرح اس کا کوئی مضر ردّ عمل نہیں۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے دن میں ۳ بار تھوڑے پانی میں ملا کر ہر کھانے سے ۱/۲ گھنٹہ قبل
۲ گولیاں دن میں ۳ بار ہر کھانے سے ۱/۲ گھنٹہ قبل زبان کے نیچے رکھ کر منہ میں گھلائیں

**نوٹ**

دوا کو بلا تردد مسلسل اس وقت تک استعمال کیا جائے جب تک حسب خواہش وزن کم نہ ہو جائے
افاقہ ہونے کی صورت میں خوراک کا درمیانی وقفہ بڑھا دیں اور علامات ختم ہونے پر دوا کا استعمال ترک کر دیا جائے
لیکٹوز شامل ہونے کے باعث ذیابیطس کے مریض ڈاکٹر سے مشورہ سے استعمال کریں
موٹاپا دور کرنے کے عمل کو تیز کرنے کے لئے اس کے ہمراہ ایل III بھی استعمال کی جائے

**پرہیز**

مرغن غذاؤں کا استعمال نہ کیا جائے
ہلکی ورزش اور پیدل چلنا مددگار رہوتا ہے

**Syrup 250 ml**

# Urarthone

*Rheumatic Pain and Gout*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| COLCHICUM AUTUMNALE | 1 DH |
| BRYONIA | 4 DH |
| DULCAMARA | 1 DH |
| VISCUM ALBUM | TM |
| KALIUM IODATUM | 4 DH |
| AURUM MURIATICUM | 8 DH |
| SILICEA | 6 DH |
| SULFUR | 4 DH |
| NATRUM SALICYLICUM | 3 DH |
| SOLIDAGO VIRGA AUREA | TM |
| MERCURIUS COR. | 8 DH |

شربت ۲۵۰ ملی لیٹر

# یورارتھون

گٹھیا کے درد
سوجن و سوزش

**یورارتھون** جوڑوں کے گٹھیاوی درد و سوزش میں مبتلا لوگوں کیلئے ایک بہترین دوا ہے۔ گٹھیاوی تکالیف گُردوں کی خرابیوں کی بناء پر جسم سے یورک ایسڈ کے معمول کے اخراج کے خلل کے سبب اس کی مقدار جمع ہوجانے کی وجہ سے بھی پیدا ہوتی ہیں۔ چنانچہ یہ گُردوں کی تمام خرابیاں دُور کر کے اسکے افعال درست کر کے یورک ایسڈ کو تحلیل اور خارج کرنے کے علاوہ اس کی زائد پیداوار کو روکنے کی بھی گرانقدر صلاحیت رکھتی ہے جس کے سبب تمام گٹھیاوی تکالیف دُور ہوتی ہیں۔

معالجین اس کو شدید، پُرانے، گٹھیاوی، عضلاتی و بدنُما جوڑوں کے درد، تغیُّر حیات کی بناء پر اعصابی درد، پٹھّوں کے درد، کمر کے اعصابی درد، کولہے کے پٹھّوں کے اعصابی درد، عرق النّساء کے درد، گٹھیاوی اجتماعات، ٹانگوں میں جھنجھناہٹ، سُوجن، اکڑن و بے حسی جوڑوں میں درد وسوجن عضلاتی واعصابی درد نیز کمر کے گٹھیاوی درد کے علاج کیلئے تجویز کرتے ہیں جنکے اسباب یہ ہیں: غذائی ابتری، یورک ایسڈ کی زیادتی، سخت تھکان وکام کی زیادتی۔

**یورارتھون** ان تمام متعلقہ تکلیف دہ امراض سے تیزی کے ساتھ نُمایاں طور پر نجات دلاتی ہے۔ یہ کامیاب نتائج اسکے فارمولے میں شامل گوناگوں اجزاء کے عروق کی خصوصیات کی بناء پر حاصل ہوتے ہیں۔

**یورارتھون** معدہ میں ہیجان پیدا نہیں کرتی نہ ہی قبض پیدا کرتی ہے۔ دیرینہ امراض کی صورتوں میں اس سے بارہا کامیاب اور حیرت انگیز نتائج حاصل ہوئے ہیں۔

**ترکیب استعمال**

ایک چمچہ آدھے گلاس پانی میں ملا کر صبح سویرے نہار منہ اور رات کو سونے سے قبل
درد کی شدت کی صورت میں ایک خوراک اضافی لی جاسکتی ہے

**نوٹ**

اس دوا کا استعمال مکمل صحت یابی تک جاری رکھنا چاہیے

**پرہیز**

جسم کو ٹھنڈک سے بچایا جائے ٹھنڈے پانی سے غسل نہ کیا جائے

Syrup 250 ml

# Vinicard

*Vagotonic disorders (Faintness: stress, emotivity.........)*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Camphora | 2 DH |
| Nux Vomica | 4 DH |
| Ignatia | 3 DH |
| Veratrum Album | 8 DH |
| Ammonium Mur. | 3 DH |
| Digitalis Purp. | 3 DH |
| Aurum Mur. | 8 DH |
| Cactus Grand. | 2 DH |
| Cascarilla | 1 DH |

شربت ۲۵۰ ملی لیٹر

# وینیکارڈ

مفرّح قلب ٹانک
کمزور اور بے قاعدہ نبض
تنفس میں دقت
دل کی کمزوری، دل کی دھڑکن

دل بجا طور پر اس اعصابی نظام کا پابند ہے جو انسان کی قوت ارادی سے باہر ہے اور جن کی کارکردگی کا انحصار زیادہ تر ہمارے جذبات کے زیر اثر ہے، مثلاً خوف کی حالت میں دل کی دھڑکن از خود تیز ہو جاتی ہے جبکہ غم دل کی دھڑکن کو گھٹاتا ہے۔

عمر کی زیادتی، ادویات کا ردعمل، تمباکو کا زہر، اعصابی و ذہنی تکالیف، ماحول کا شور، زہریلا دھواں، گرد و غبار، یہ سب عوامل قلب کے پٹھوں اور اعصاب میں جن کی وجہ سے قلب کی دھڑکن باقاعدہ اور منظّم ہوتی ہے خرابی پیدا کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ دل کے پٹھوں اور اعصاب کی یہ خرابی دل کی بعض بیماریوں کے نتیجہ میں بھی ہوتی ہے، مثلاً دل کی سوزش، دل کے اندر کی جھلی کا ورم، دل کے اندر خون لیجانے والی رگوں میں رکاوٹ وغیرہ۔

دل کی حرکت کی اس بے قاعدگی اور کمزوری کا اگر مناسب علاج نہ کیا جائے تو یہ بہت سے امراض کو جنم دیتی ہے۔ خاص طور پر:

دل کے عضلات، پٹھوں اور بافتوں پر ورم دل کا پھیل جانا، دل کی چھوٹی رگوں کا اچھی طرح کام نہ کرنا، درد دل، دل کے خلیوں کی کارکردگی متاثر، گھبراہٹ، خون جم جانے کی کیفیت، نظام تنفس کی خرابیاں، دوران خون سست، گٹھیا، تشنج۔

**وینیکارڈ** جملہ امراض قلب کے لئے مفید ترین ٹانک ہے۔ اسکے بیش بہا ہومیو پیتھک اجزائے ترکیبی دل کی حرکت کی بے قاعدگی اور اس کے اسباب کو دور کرنے میں ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔

**وینیکارڈ** کا اثر دل کے پٹھوں پر ہوتا ہے جسکی ناطاقتی و کمزوری دور کر کے مضبوط و توانا کرتا ہے، اور فعل دل و نظام تنفس اور اعصابی نظام کی کارکردگی میں ہونے والی گڑبڑ کو دور کرتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ذہنی و اعصابی تندرستی کے لئے بہترین ٹانک ہے۔

**وینیکارڈ** ہر گھر کی ضرورت ہے اس کے استعمال سے دل کے امراض میں فی الواقع مبتلا ہونے کا خطرہ دور ہو جاتا ہے، یہ غمی کے مواقع پر خاص طور پر استعمال میں لایا جاسکتا ہے۔ کیونکہ یہ انسان میں جینے کی اُمنگ پیدا کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**

ایک بڑا چمچہ تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ تا ۴ بار کھانے سے پہلے

**نوٹ**

یہ شربت بڑوں کے لئے ہے اور ہر اس شخص کو اس کا استعمال رکھنا چاہئے جسے دوران خون کی معمولی کمی کی بھی شکایت ہو

**پرہیز**

انڈا، نشاستہ، چکنائی و لحمیات استعمال نہ کی جائیں

**Tablets 60**

# Voxpax

*Hoarseness*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Arum Triphyllum | 6 DH |
| Pimpinella Anisum | 2 DH |
| Carbo Veg. | 2 DH |
| Hepar Sulf. Cal. | 5 DH |
| Manganum Proxy. | 4 DH |
| Olibanum | 6 DH |
| Arsenicum Alb. | 6 DH |
| Erysimum Off. | 2 DH |

گولیاں ٦٠

# واکسپیکس

آواز کا بیٹھ جانا
آواز کا جاتے رہنا، ورم نرخرہ

**واکسپیکس** اُن خواتین وحضرات کیلئے جن کی آواز گانے، زیادہ بولنے یا تقریر کرنے سے بیٹھ جاتی ہے نہایت مفید ہے۔ یہ نرخرہ میں ورم ودیگر مختلف وجُوہ کی بناء پر آواز کے بھاری پن، پھٹ جانے، بیٹھ جانے، نیز ختم ہو جانے کا بھی علاج ہے۔

**واکسپیکس** کا استعمال حلق کی جُملہ تکالیف میں فوری اثر رکھتی ہے، خاص طور پر: حلق میں سُوزش، درد، جلن، خشکی، جھلّی متورّم اور سُرخ، دم گھٹنے کا احساس، حلق کا ورم کان کی اندرونی نالی تک بڑھ جائے، غدودُوں اور ٹانسلز میں ورم، حلق سے نگلنے میں کانٹے چُبھنے کا احساس، ٹیس والی تکلیف، کھانسی خشک اور بار بار بلغم کے ٹکڑے نکلیں، خاص کر لیٹنے سے زیادہ ہو۔

**واکسپیکس** کا استعمال مندرجہ بالا علامات دُور کر کے آواز کا بیٹھنا، گلے کی سُوزش کی وجہ سے آواز کا جاتے رہنا، گانے، زیادہ زور سے بولنے، تقریر کرنے سے آواز کا بتدریج بیٹھ جانا، سب دور کرتا ہے۔

ایسے خواتین وحضرات جو کافی زور لگا کر بولتے ہوں اُنکے لئے اکسیر ہے۔

**ترکیب استعمال**
دن میں ٤ تا ٥ بار ٢ گولیاں چبا کر زبان پر گھلائیں
بچے (٦ سال سے بڑے): نصف خوراک

**نوٹ**
آواز سے متعلق پیشہ ورافراد کوڈاکٹر کے مشورے سے ہر ماہ ایک ہفتہ استعمال کرنی چاہیے

**پرہیز**
ٹھنڈے مشروبات، کھٹی میٹھی، زیادہ چکنائی والی چیزوں سے پرہیز کیا جائے

| | | |
|---|---|---|
| **L1** Drops 30 ml | **COMPOSITION:** | ایل ۱ قطرے ۳۰ ملی لیٹر |

*Arnica Complex*

*Traumatismes and muscle soreness*

| Composition | Potency |
|---|---|
| Arnica | 3 DH |
| Aconitum | 3 DH |
| Belladonna | 4 DH |
| Bryonia | 3 DH |
| China Rubra | 3 DH |
| Nux Vomica | 4 DH |
| Ruta Grav. | 8 DH |
| Hypericum | 3 DH |
| Millefolium | 3 DH |
| Sambucus Nig. | 3 DH |

# ایل ۱

(آرنیکا کمپلکس)

ضرب وچوٹ کی بناء پر پٹھوں کا درد
محنت کے بعد پٹھوں میں درد

**ایل ۱** ضرب یا چوٹ کی بناء پر پٹھوں اور اعصاب میں درد اور اس سے پیدا ہونے والی جملہ تکالیف کا ایک مکمل علاج ہے۔

اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ لوگ کسی چوٹ سے زخمی ہو جاتے ہیں اور معمولی تکلیف کی بناء پر اس طرف توجہ نہیں دیتے ہیں اور بعد میں مختلف قسم کی پیچیدہ تکالیف اور شکایات پیدا ہو جاتی ہیں۔

**ایل ۱** چوٹ کی وجہ سے متاثرہ اعصاب یا پٹھوں میں مختلف اقسام کی تکالیف مثلاً سر، ریڑھ کی ہڈی، کمر، دمچی کی ہڈی، ٹانگ اور ہاتھ کی ہڈیوں پر چوٹ کے اثر کی وجہ سے بالخصوص جب ہوا میں نمی ہو، موسم ٹھنڈا ہو یا تبدیل ہو رہا ہو، درد کے پیدا ہونے کا، شدید کھنچاؤ اور اکڑن بے آرامی اور بے چینی کا ایک اعلیٰ ترین علاج ہے۔ حادثاتی یا غیر حادثاتی ضرب کی وجہ سے ہڈی کے فریکچر اور جوڑوں کے موچ کا بھی اس دوا میں شافی علاج ہے۔

**ایل ۱** ہر قسم کی چوٹ اور ضرب کی بنا پر تمام تکالیف کا ایک موثر علاج ہے اسکو حفظ ما تقدم کے طور پر بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ بچوں کو اکثر کھیل کے دوران یا گھر میں کسی فرد کو کسی بھی قسم کی چوٹ لگ جانے کی صورت میں اس دوا کو فوری طور پر استعمال میں لائیں۔ یہ ہر گھر کی ضرورت ہے۔

سر میں چوٹ کی وجہ سے یا صدمات کے اثر سے آنکھوں کی روشنی میں کمی، یا تشنج کے دورے کا بھی یہ دوا مؤثر علاج ہے۔

**ترکیب استعمال**

فوری چوٹ : پہلے روز ۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۴ تا ۵ بار
بعد ازاں : ۲۰ قطرے دن میں تین بار
بچے (اڑھائی سال سے ۱۲ سال تک) : ۵ قطرے دن میں ایک بار

**نوٹ**

ہر قسم کی چوٹ اور درد میں خواہ علامات کچھ بھی ہوں اس دوا کا استعمال مفید اثرات کا حامل ہے
مرض کی علامات ختم ہونے کے ساتھ ساتھ خوراک کم کر دی جائے
ڈاکٹر کے مشورے کے بغیر طویل عرصہ تک دوا کا استعمال نہ کیا جائے

**پرہیز**

متاثرہ حصوں کو گرم رکھا جائے

# L2

**Drops 30 ml**

*Agnus Castus Complex*

*Chronic infections with enlarged adenoids*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Agnus Castus | 3 DH |
| Glonoinum | 8 DH |
| Apis Mellifica | 4 DH |
| Phytolacca | 3 DH |
| Pulsatilla | 4 DH |
| Spongia Tosta | 3 DH |
| Mercurius Cor. | 4 DH |
| Belladonna | 4 DH |
| Juglans (Folia) | 2 DH |
| Arsenicum Alb. | 4 DH |

# ایل ۲

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

(ایگنس کاسٹس کمپلکس)

ناک کے غدود، ٹانسلز

**ایل ۲** کے دائرہ شفاء میں ناک اور اس سے ملحقہ آلات تنفس میں سوجن، سرخی اور جراثیمی اثرات اور ان سے پیدا ہونے والی بیماریاں مثلاً گوشت کا بڑھ جانا، ناک کی ہڈی کا ٹیڑھا ہونا، ناک سے مسلسل رطوبت کا اخراج، سوزش، چھینکیں، سر درد، ناک کے اوپری حصہ میں بھاری پن اور درد، آنکھوں میں جلن، سوزش، پانی بہنا اور کبھی کبھی کانوں کی بندش کا احساس شامل ہیں۔

**ایل ۲** Nasal Cavity میں بد گوشت کے پیدا ہو جانے کا بھی ایک شافی علاج ہے۔ اکثر ایسے افراد میں جو نزلہ، زکام جیسی بیماریوں کا شکار رہتے ہیں ان میں ناک کے بد گوشت کا بڑھ جانا عام ہے۔

**ایل ۲** کو مسلسل ناک سے رطوبت کے اخراج، گلے میں سرخی، کانٹے کی چبھن کے احساس، نوالہ نگلنے میں تکلیف، سر میں درد، ناک کے اوپری حصہ میں بھاری پن کے احساس میں حتمی شفایابی کیلئے ضرور استعمال کیا جانا چاہیئے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد

بچے : ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق

**نوٹ**

علامات برقرار رہنے پر مستند ڈاکٹر سے رجوع کریں

**پرہیز**

ٹھنڈی اور کھٹی چیزیں استعمال نہ کی جائیں

# L 3

**Drops 30 ml**

***Rubia Complex***

*Inflammations of the urinary tract*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Rubia Tinctoria | TM |
| Berberis Vulgaris | 3 DH |
| Belladonna | 3 DH |
| Terebinthina | 3 DH |
| Pareira Brava | 3 DH |
| Benzoicum Acidum | 1 DH |

# ایل ۳

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (روبیا کمپلکس)

گردہ و مثانہ کے جملہ امراض

سنگِ مثانہ، ورمِ گردہ

تجربات نے ثابت کیا ہے کہ تمام پتھریوں میں کیلشیم آگزیلیٹ کی پتھری سب سے زیادہ سخت ہوتی ہے۔

**ایل ۳** کے اہم جز رُوبیا کی یہ خصوصیت ہے کہ یہ فاسفیٹ، امونیم میگنیشیم اور خاص طور پر کیلشیم آگزیلیٹ سے انفرادی طور پر یا اُن سے مل جُل کر بنی ہوئی ہر قسم کی پتھریوں کو گُردہ یا مثانہ میں آہستہ آہستہ گھلا کر یا ریزہ ریزہ کر کے پیشاب کے ذریعہ ذرّات کی شکل میں خارج کر دیتی ہے۔ اور مریض کو آپریشن کی ضرورت نہیں پڑتی۔

گُردہ میں ورم اور بعض دُوسری خرابیوں کے سبب پیشاب کیساتھ البومین، جو پیشاب گرم کرنے پر انڈے کی سفیدی کی طرح ظاہر ہوتا ہے، اور دوسری ایسی چیزیں جو جسم کیلئے ضروری ہوتی ہیں، خارج ہونا شروع ہوجاتی ہیں۔ جس سے دوسرے امراض جنم لینے لگتے ہیں۔ ورم گردہ اور اس کی بے قاعدگیوں کو دور کرنے کیلئے یہ فارمولا انتہائی فائدہ مند ہے۔

**ایل ۳** کا دائرہ کار صرف پتھری کا اخراج اور گردے کی خرابیاں دور کرنے کی حد تک نہیں بلکہ یہ علاج کے بعد پتھریوں کے بننے کے عمل کو روکنے کیلئے بھی اکسیر ہے کہ اس کے استعمال سے پیشاب میں کیلشیم آئن کی مقدار بڑھنے نہیں پاتی کہ وہ سخت ہوسکیں، اسکے علاوہ یہ پیشاب کے نظام سے متعلقہ ان تمام امراض کو دور کرنے کیلئے بہترین ہے:۔

پیشاب پُر تعفن، گاڑھا، زرد، سُرخ، سیاہ، مواد ملا، خُون ملا، بلغم یا آوں کا رسُوب ملا، پیشاب کی ناقابل برداشت حاجت، جلن، درد، قطرہ قطرہ، اعضاء کی سوزش، گردے میں ورم، اینٹھن، چبھن، جلن، درد، تشنج اور خُون کی رگوں کا تنگ ہوجانا، مثانہ کے آلات کی تکالیف، اندرونی حصہ کا ورم، درد، اینٹھن، خراش، تلی بڑھی ہوئی، درد، سوئیاں چبھنے، بلبلے اٹھنے کا احساس، جسمانی کمزوری، تنفس میں دقت، کمی خُون، سستی، رعشہ، چکر، کام سے عدم رغبتی۔

**ایل ۳** جسم پر کوئی نقصان دہ اثر نہیں کرتی، یہ بغیر آپریشن پتھری سے نجات دلانے کیلئے خاص اثر رکھتی ہے، اور درد گردہ میں جادو کا سا کام دکھاتی ہے۔ اسکے علاوہ ان تمام خرابیوں کو دور کرنے کیلئے اضافی طور پر فائدہ مند ہے جو گردے اور پیشاب بنانے والے دوسرے اعضاء کے ورم اور سوزش کے بہت زیادہ بڑھ جانے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں تین بار کھانے سے پہلے یا بعد
بچے (۲ سال سے بڑے): ۱/۴ تا ۱/۲ خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**

علامات برقرار رہنے پر مستند ڈاکٹر سے رجوع کریں

**پرہیز**

چائے، گوشت، پالک کا ساگ، کچی پیاز، کچے ٹماٹر، ادرک وغیرہ استعمال نہ کی جائیں
نمک کا استعمال کم از کم کیا جائے

# L 5

**Drops 30 ml**

**Acid. Phos. Complex**

*Fatigue especially related to overstrain and minor disorders of memory*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Acidum Phos. | 2 DH |
| Zincum Mur. | 8 DH |
| Picricum Acid. | 4 DH |
| Gelsemium | 6 DH |
| Valeriana Off. | TM |

# ایل ۵

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

(ایسڈ فاس کمپلکس)

لہننگ لیبارٹریز کا یہ فارمولہ مختصر الفاظ میں سر تا پیر دماغی اور جسمانی تھکاوٹ و کمزوری کیلئے ایک موئثر ترین ٹانک ہے، اس دوا کا اثر جذبات اور دماغ پر بہت زیادہ ہوتا ہے، غم کے ستائے ہوئے، مایوسِ محبّت اور علالت یادِ وطن کے مریضوں کیلئے جن پر کسی عزیز یا اقربا کے بچھڑنے یا فوت ہونے پر ان کی یاد ہر وقت مسلط رہتی ہو، جنکے دماغ پراگندہ ہوں، خیالات یکسو نہ ہوتے ہوں، سوچنے سے چکر آتے ہوں، دماغی صدمات، غم یا محبت میں مایوسی، فرقت و ہجر سے پیدا شدہ نتائج کیلئے یہ دوا سب سے اعلیٰ درجہ رکھتی ہے۔ یہ دماغ اور نظام عصبی کی کمزوری جو جماع کی کثرت یا بے حد تھکاوٹ سے پیدا ہو، کو درست کرنے کیلئے پُر تاثیر ہے۔

نوجوان لڑکے اور لڑکیاں جو تعلیمی بوجھ سے دب کر اپنی صحت خراب کر لیتے ہیں، یعنی جنکی بھوک اور نیند ختم ہو جاتی ہے، دن بھر محنت اور چلنے پھرنے کے بعد سخت تھکاوٹ محسوس کرتے ہیں، جاگتے ہوئے یا نیند کی حالت میں عضلات میں تشنج، قوتِ ارادی کی کمی، مطالعہ کرنے سے دردسر، پیٹھ اور ٹانگوں میں کمزوری، حیض کی بے قاعدگی وغیرہ میں نہایت کامیابی کے ساتھ استعمال کی جا سکتی ہے۔

**ایل ۵** ان لوگوں کیلئے جو توانا و تندرست ہوا کرتے تھے مگر جن کی رطوباتِ زندگی ضائع ہو جانے سے شدید حاد بیماریوں سے یا اخلاقی جذبات کے دب جانے سے کمزوری پیدا ہو چکی ہو، ان بچوں اور نوجوان آدمیوں کیلئے جو بڑھ رہے ہوں، دبلے پتلے ہوں، جن کی پیٹھ اور اعضاء میں درد ہو، نیز حلیم الطبع لوگوں کیلئے مفید ہے۔

**ایل ۵** مندرجہ ذیل علامات دور کرنے کیلئے بے پناہ قوت رکھتا ہے۔

دماغی، اعصابی، جسمانی تھکاوٹ، تناؤ و کمزوری، تھکن، پژمردگی، ناطاقتی، پریشان خیالی، رنج و غم کے احساس کی زیادتی، نفسیاتی و ذہنی امراض، دماغ میں خون کی زیادتی، دماغی اور اعصابی خلیوں کی خرابی، بڑھاپے کی تکالیف، سینے کی کمزوری، طبیعت کی گراوٹ، بے آرامی، طبیعت اُکھڑی اُکھڑی، پستی کا احساس، اداسی، بے چینی، غمگینی، خاموشی، رعشہ، غصہ کے اثرات، کام سے عدم رغبتی، کم ہمتی، اپنے آپ میں گم، دن کے وقت اونگھنا، بات کرنے کو دل نہ چاہنا، الگ الگ رہنے کی خواہش میل جول سے نفرت، اعصابی درد، گردن اور پٹھوں اور پیٹھ و کمر میں کمزوری، ٹانگوں میں بےچینی، ہاتھ پیر میں چونٹیاں رینگنا اور چبھن و بے حسی، دماغی تھکاوٹ، غم یا کثرت جماع کے نتیجہ میں بال سفید ہو جائیں یا گر جائیں، دردسر، کھوپڑی میں خارش، حافظہ کمزور، نسیان اور بھول کا مادہ، ذہن مرکوز نہ کر سکنا، بے خوابی، سستی، ذہنی صلاحیتیں متاثر، دل کے پٹھوں کی کمزوری، دل کی دھڑکن، اختلاج قلب، دم گھٹنے کا احساس، گردش خون کی بے اعتدالی، نبض کمزور و نرم، بھوک کی کمی، جگر کی کمزوری، معدہ کی کمزوری، اپھارہ سینہ میں جلن، تیزابیت، بدہضمی، دست اور قبض وغیرہ، جنسی کمزوری، بدخوابی، کثرت مباشرت، جلق یا اغلام وغیرہ سے مادہ تولید کے ضیاع کے باعث کمزوری، چکر تھکاوٹ، احتلام نامردی، حیض زیادہ، قبل از وقت، زمانہ موقوفی، حیض میں ذہنی کھنچاؤ چڑچڑاہٹ، متفکر مضطرب، تھکن، طبیعت گری گری، نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کے جسم لاغر، چہرے زرد اور بے رونق، منہ پر مہاسے، غیر فطری خواہش، زیادہ پڑھنے والے بچوں میں ذہنی قوت کی کمی، ذہنی خرابی، ذہنی کمزوری و اضطراب، امتحان کا خوف۔

**ایل ۵** میں شامل بے ضرر ہومیوپیتھک اجزاء جسم میں چستی پیدا کرتے ہیں۔ اس کے استعمال سے تھکن کا غیر معمولی احساس جاتا رہتا ہے اور کھوئی ہوئی جسمانی قوت واپس آنے لگتی ہے۔

**ترکیب استعمال**


۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں تین بار کھانے سے پہلے یا بعد

**نوٹ**

موجودہ مشینی دور کی مصروفیت میں ہر فرد کو ڈاکٹر کے مشورے سے اس کا استعمال رکھنا چاہئے
علامات ختم ہونے کے ساتھ ساتھ دوا کا استعمال کم اور افاقہ ہونے پر ترک کر دیں
معالج کی ہدایات کے بغیر تین ہفتوں سے زائد دوا کا استعمال نہ کیا جائے

**پرہیز**

چکنائی اور مٹھاس کم استعمال کی جائے



# L 6

**Drops 30 ml**

***Juniperus Complex***

*Benign urinary disorders (Recurring cystitis, chronic prostatitis)*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Juniperus Com. | 2 DH |
| Mercurius Cor. | 6 DH |
| Terebinthina | 3 DH |
| Nitric. Acidum | 4 DH |
| Sabal Serr. | 2 DH |
| Thuya Occ. | 3 DH |
| Cantharis | 8 DH |
| Belladonna | 3 DH |
| Chelidonium | 1 DH |
| Dulcamara | 3 DH |

# ایل ٦

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

(جونی پرس کمپلکس)

پیشاب کے جملہ امراض

گردوں کی سُوجن

گردے انسانی جسم کے نہایت اہم عضو ہوتے ہیں۔ جو پیشاب کے بنانے اور خارج کرنے میں نمایاں کردار ادا کرتے ہیں۔

لہننگ لیبارٹریز کے اس فارمولے کی اگر ایک ہی جملہ میں تعریف کرنی ہو تو کہہ سکتے ہیں کہ یہ بولی نظام کے جملہ امراض کے لئے ایک عجیب وغریب دوا ہے۔ اس فارمولے میں شامل ادویہ ان تمام خرابیوں کو دور کرنے میں انتہائی موئثّر اور مفید ہیں جو گردے اور پیشاب بنانے والے دوسرے اعضاء کے ورم اور سوزش کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں۔

**ایل ٦** کی مانی ہوئی خصوصیت یہ ہے کہ یہ رُکے ہوئے پیشاب میں سلائی کا کام کر کے اس کا اخراج کرتی ہے چنانچہ ہم اسے ہومیوپیتھک کیتھیٹر بھی کہہ سکتے ہیں۔ اسکے علاوہ یہ جسم سے نقصان دہ مادوں کو خارج کرنے میں مدد دیتی ہے۔

**ایل ٦** کا استعمال مندرجہ ذیل حالات میں موئثر اور مفید ہے:۔

پیشاب سرخ، زرد، گدلا، سیاہ، کیچڑ جیسا، پیشاب گاڑھا لیسدار، جھاگ دار، چکنا، متعفن پیشاب میں خون، رسوب آؤں، دھات، البومین، پیشاب میں جلن، چبھن، کٹن، ٹیس، درد، پیشاب میں رکاوٹ، قطرہ قطرہ، یکایک، باربار پیشاب کی دھار چھوٹی ہو، کمزور ہو، منقسم ہو، پیشاب کی نالی مفلوج، ورم، جلن، تشنج، خارش، گردے متورم سوزش، درد و کمزوری، جگر اور تلی پر ورم، سوزش، جلن ودیگر تکالیف، مثانہ میں ورم، سوزش، درد کمزوری، اینٹھن، مروڑ آلات بول کی افعالی خرابیاں، نالیوں کی کمزوری، شرمگاہ متورم، شدید جلن، رحم میں سوزش پیڑو کے اعضاء کمزور، ورم، بے چینی، جلن، مذی کے غدود اور خصیے بڑھے ہوئے اور سخت۔

اس دوامیں ایسے اجزاء بھی شامل ہیں جو نظام بول کی جملہ تکالیف دور کرنے کے ساتھ ساتھ ان سے پیدا شدہ عام جسمانی کمزوری، ریڑھ کی ہڈی، کمر اور پیٹھ کا درد، سر درد، سستی، کاہلی، بے چینی، غمگینی و لاپرواہی دور کر کے قوتِ ہاضمہ بڑھاتی ہے اور غذا جزوبدن ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ آلات تناسل کی کمزوری، پستانوں کی کمزور نشوونما، جلدی خارش، ایگزیما، سر اور چہرے کے مسّے وغیرہ بھی دور کرتی ہے۔

**ایل ٦** کی آزمائش فرانس کے بیشتر ہسپتالوں میں ہو چکی ہے۔ یہ مندرجہ بالا علامات میں اپنے مریضوں کے لئے محسن ثابت ہوتی ہے اور مریض کو صحت وشفا دے کر گردوں کو آپریشن سے بچاتی ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے دن میں ۳ بار تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے سے پہلے یا بعد

بچے: ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق

**نوٹ**

علامات برقرار رہنے پر ڈاکٹر سے رجوع کریں

**پرہیز**

پروٹین، انڈا، گوشت، چائے، ٹھنڈے مشروبات، پالک کا ساگ، کچی پیاز، ادرک اور کچے ٹماٹر استعمال نہ کئے جائیں۔ نمک کا استعمال بہت کم رکھا جائے

# L7 Drops 30 ml

***Millefolium Complexe***

*Enuresis*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Millefolium | TM |
| Belladonna | 3 DH |
| Pulsatilla | 4 DH |
| Nux Vomica | 3 DH |
| Equisetum | TM |
| China | 3 DH |
| Plantago Major | TM |
| Rubia | TM |
| Causticum | 4 DH |
| Sulfur | 4 DH |

# ایل ۷ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

(ملیفولیم کمپلکس)

بستر پر پیشاب

بول بستری

**ایل ۷** بستر پر غیر ارادی طور پر پیشاب کے نکل جانے کی ایک مفید ترین دوا ہے۔ یہ ایک عام شکایت ہے کہ اگرچہ بچوں کو سونے سے قبل پیشاب کروا کر سلایا جاتا ہے مگر اکثر و بیشتر بچے بستر پر پیشاب کر دیتے ہیں جسکی کئی وجوہات ہیں مثلاً پیٹ میں کیڑوں کی شکایت، مثانہ کی کمزوری، مفلوجی یا نیم مفلوجی کیفیت، ذہنی دباؤ، خوف اور ڈر، معدہ میں بدہضمی کی شکایت، ماں یا باپ کی ڈانٹ ڈپٹ کا سلسلہ، دانتوں کا خراب ہونا اور دانتوں کی تکالیف وغیرہ۔

بڑی عمر کے افراد میں بھی اکثر یہ شکایت پائی جاتی ہے کہ پیشاب رکتا نہیں، اکثر کپڑے خراب ہو جاتے ہیں اور پیشاب غیر ارادی طور پر خطا ہو جاتا ہے۔ اسکے بھی مختلف اسباب ہیں مثلاً آلات بول میں کسی قسم کا نقص، مثانہ کا مفلوج یا نیم مفلوج ہونا، گردوں کی ناقص کارکردگی، ذیابیطس، معدہ کی ہمہ اقسام کی شکایات، گردہ مثانہ یا آلات بول میں پتھری، ذہنی پریشانی اور دباؤ، پروسٹیٹ کی ناقص کارکردگی، پیٹ میں کیڑوں کی شکایت وغیرہ۔

**ایل ۷** مندرجہ بالا تمام علامات میں بچوں اور بڑوں دونوں کی شافی دوا ہے۔

**ایل ۷** زور سے کھانسنے یا ہنسنے کی صورت میں بھی پیشاب کے خطا ہو جانے کا ایک موئثر علاج ہے۔

**ترکیب استعمال**: ۲۰ قطرے تھوڑے سے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے ۱/۲ گھنٹہ قبل یا بعد
بچے (۲ سال سے بڑے): ۱/۴ تا ۱/۲ خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**: علامات برقرار رہنے پر ڈاکٹر سے رجوع کریں

**پرہیز**: دوران علاج ٹھنڈی اور کھٹی اشیاء سے پرہیز کیا جائے

| L9 | Drops 30 ml |
|---|---|

**Uva Ursi Complex**

*Infectious and inflammatory states of bladder*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Uva Ursi | 1 DH |
| Pulsatilla | 5 DH |
| Euphrasia Off | 3 DH |
| Helleborus Nig. | 4 DH |
| Belladonna | 3 DH |
| Argentum Met. | 8 DH |
| Aconitum | 3 DH |
| Coccus Cacti | 2 DH |

# ایل ۹

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (اُوا اُرسی کمپلکس)

مثانہ میں سوزش
مثانہ میں ورم

**ایل ۹** مثانہ کی سوزش اور ورم کی ایک اعلیٰ ترین دوا ہے۔

عموماً ایسے حضرات جو تپ دق، سوزاک یا آتشک کے مریض رہ چکے ہیں جراثیمی حملہ کی بناء پر یا پروسٹیٹ کی ناقص صورت حال یا کسی اور وجہ سے آلات بول میں پتھری کی موجودگی یا مثانہ میں رسولی کی وجہ سے سوزش مثانہ کا شکار ہو جاتے ہیں جس میں مثانہ کی اندرونی جھلی پر سرخی، سوزش اور سوجن پیدا ہو جاتی ہے۔ بعض حالات میں یہ شدت پذیر ہوتی ہے اور بعض حالات میں معمولی۔

**ایل ۹** سوزش مثانہ کی تمام علامات مثلاً مثانہ کے ارد گرد درد اور گردے کے درد کا شدت سے احساس، پیشاب کرتے وقت جلن، پیشاب کی نالی میں رکاوٹ کی بناء پر اخراج قطروں کی صورت میں، سوزش کی شدت کی صورت میں بخار، متلی، جسم کے ہر حصہ میں ٹوٹن، ٹھنڈا پسینہ، بار بار پیشاب کی حاجت، بعض حالات میں پیشاب کا غیر ارادی اخراج، پیشاب میں پیپ اور خُون، پیشاب بدبودار، دن بدن صحت کا انحطاط وغیرہ کا مکمل علاج ہے۔

**ایل ۹** برسہا برس کی تحقیق کے بعد مندرجہ بالا علامات کے شافی علاج کے طور پر پیش کی گئی ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے سے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے ۱/۲ گھنٹہ قبل یا بعد
بچے: نصف خوراک یا ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق

**نوٹ**

علامات برقرار رہنے پر مستند ڈاکٹر سے رجوع کریں

**پرہیز**

تیز مرچ مصالحہ، انڈا، گوشت، بینگن، ٹماٹر اور پالک سے پرہیز کیا جائے
مریض کے لئے دودھ کی غذا زیادہ موزوں ہے

**L 10** Drops 30 ml

***Natrum Carb. Complex***

*Metabolic rheumatics*
*(Gout, chondrocalcinosis)*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Natrum Carbonicum | 4 DH |
| Arsenicum Album | 4 DH |
| Lycopodium | 4 DH |
| Berberis Vulgaris | 3 DH |
| Benzoicum Acidum | 2 DH |
| Apis | 4 DH |
| Arnica | 2 DH |
| Lithium Carbonicum | 2 DH |
| Natrum Phos. | 3 DH |
| Terebinthina | 4 DH |

# ایل ۱۰

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

(نیٹرم کارب کمپلکس)

جوڑوں میں گٹھیاوی درد و سوزش
گٹھیا میں بار بار مبتلا ہونیکا رجحان
گٹھیاوی کیفیت

مرغّن و ناقص غذا کا کثرت استعمال و جسمانی ورزش کی کمی اور صحت کو خراب کرنیوالی دوسری عادتوں کی وجہ سے جسم میں غیر منہضم شدہ غذا کے اخراج کے نظام میں خلل پیدا ہوجاتا ہے ۔ چنانچہ جسم کی ساخت میں پیشاب کے ذریعہ خارج ہونے والے نمکین اجزاء یورک ایسڈ جمع ہو جاتے ہیں جو جوڑوں میں گھُس کر جوڑوں کے قدرتی لیس دار مادہ کو خارج کرتے ہیں جس کے سبب جوڑوں میں شدید درد گٹھیا پیدا ہوتے ہیں ، نیز باریک رگوں اور لعاب دار جھلیوں سے خون رسنے لگتا ہے اور ورم قائم ہو جاتے ہیں جنہیں دبانے سے گڑھا پڑ جاتا ہے ۔ جسم میں غیر ضروری پانی جمع ہو جاتا ہے اور جلد میں دوران خُون نہیں رہتا ۔

**ایل ۱۰** جوڑوں کے گٹھیاوی درد و سوزش کی تکلیفات میں ایک بے بہا دوا ہے ۔ گو کہ جوڑوں کے درد کا علاج کافی مشکل ہے کیونکہ یہ بیماری عرصہ تک قائم رہتی ہے اور مرض بار بار عود کر آتا ہے لیکن اس دوا نے اس مسئلہ کو اسطرح حل کر دیا ہے کہ یہ جسم سے مہلک یورک ایسڈ پیشاب کے ذریعے خارج کرتی ہے اور ایک ضروری عنصر سیلی سیلک ایسڈ جسم کو بہم پہنچاتی ہے ۔ جس کی کمی کی وجہ سے بھی جوڑوں کے درد پیدا ہوتے ہیں ۔ تاہم یہ دوا آہستہ آہستہ اثر کرتی ہے اور اس دوا کا استعمال کافی عرصہ تک پابندی سے جاری رکھنا ضروری ہے ۔ جب پیشاب کی زیادتی ہو جائے تو یہ ایک مبارک فال ہے اور سمجھنا چاہئے کہ دوا کا اثر ہو رہا ہے ۔ پیشاب کی زیادتی اور پیشاب کے اندر رسُوب کی زیادتی گٹھیا کے مریض کیلئے ایک نعمت ہوتی ہے ۔

**ایل ۱۰** گٹھیا ، جوڑوں کے درد اور سُوجن کی انتہائی موثّر دوا ہے جس کا عام درد کش ادویات پر وقت ضائع کئے بغیر بروقت علاج لازمی ہے ورنہ جوڑوں کے تنزل و انحطاط کا باعث ہوسکتا ہے ۔

**ایل ۱۰** جسمانی ساختوں کو نمکین اجزاء سے اسطرح صاف کر دیتی ہے کہ ان ساختوں کو ان نمکین اجزاء سے نقصان پہنچتا ہے اور جو سوزش پیدا ہوتی ہے وہ بھی دور ہو جاتی ہے ۔ یہ تباہ شدہ بافت کو دوبارہ بننے میں مدد دیتی ہے اور متاثرہ حصّہ میں خُون کی فراہمی کو ٹھیک کرتے ہوئے بحالی صحت کے مجُموعی عمل کو تیز کرتی ہے اور بالآخر صحت کو اعتدال پر لاکر راحت و آرام کا باعث بنتی ہے ۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے دن میں تین بار تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے سے قبل
بچے : ڈاکٹر کے مشورے کے مطابق

**نوٹ**

علامات برقرار رہنے پر مستند ڈاکٹر سے رجوع کریں

**پرہیز**

جسم کو ٹھنڈ سے محفوظ رکھا جائے

# L 11 Tablets 60

## Silicea Complex

*Overinfected suppurating pruriginous dermatosis specially acne*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Silicea | 3 DH |
| Argentum Met. | 4 DH |
| Antimonium Cru | 4 DH |
| Arsenicum Alb. | 6 DH |
| Calcarea Fluor | 4 DH |
| Ferrum Phos. | 3 DH |
| Magnesia Phos. | 3 DH |
| Mercur. Solubilis | 8 DH |
| Manganum Peroxyd | 3 DH |

# ایل ١١

گولیاں ٦٠

## (سلیشیا کمپلکس)

پیپ دار دانے
پیپ دار زخم

**ایل ١١** چہرے پر نکلنے والے پیپ دار دانوں کا علاج ہے۔

**ایل ١١** انسانی جسم کے جلدی حلقوں پر نکلنے والے پیپدار دانے، ہمہ اقسام کے رسنے والے زخم، جلدی ناسوروالے زخم، جلدی السر چاہے وہ کسی حادثہ کی وجہ سے ہوں یا ایسے السر جن کو چھونے یا کپڑے کی رگڑ سے خُون جاری ہو جائے، وریدی السر، جلد کے کسی حصہ پر ہونے والے پیپدار زخم، سر میں کھرنڈ والے یا پیپدار دانے و جلد کی رسولی کا مکمل علاج ہے۔

اس دوا کو مندرجہ بالا تکالیف کیساتھ بخار، معدہ اور ہاضمہ کی خرابی نیز جلدی سوجن کی صورت میں بھی مفید علاج ہے۔

**ایل ١١** کسی حادثہ یا چوٹ کی وجہ سے پیپدار اور رسنے والے زخم کے لئے بھی مکمل افادیت کی حامل ہے۔

**ترکیب استعمال**

٢ گولیاں دن میں ٣ بار کھانے سے قبل چبا کر زبان پر گھلائی جائیں
بچے (٦ سال سے بڑے): نصف خوراک

**نوٹ**

علامات بہتر ہونے کی صورت میں خوراک کا وقفہ بڑھا دیا جائے اور افاقہ ہونے پر دوا کا استعمال ترک کر دیا جائے

**پرہیز**

شکر، میٹھی اشیاء، تیز مرچ مصالحہ سے پرہیز کیا جائے

L 12 Tablets 60

*Sulfur Complex*

*Cutaneous allergies atopic dermatitis, dry and pruriginus dermatosis, specially eczema and chronic urticaria*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Sulfer | 3 DH |
| Arsen. Alb. | 4 DH |
| Alumen | 4 DH |
| Magnesia Sulf. | 3 DH |
| Natricum Sulf. | 3 DH |

# ایل۱۲

گولیاں ۶۰

(سلفر کمپلکس)

جلدی سوزش ، خشک دانے ، چنبل
سوراسس ، جلدی کھجلی ، بواسیر

**ایل۱۲** جلد پر خُشک سرخ و سیاہی مائل دانوں ، پیپ والے نوکدار دانوں ، ایسے دانے جو الگ الگ ہوں یا ایک ساتھ جڑے ہُوئے ہوں یا گول دائروں کی شکل میں ہوں، دانوں سے لیسدار پیپ یا سفید مواد خارج ہوتا ہو، دانوں میں شدید کھجلی اور خاص طور پر رات کو کھجانے کی شدّت میں اضافہ ہوتا ہو۔ ان تمام علامات میں اکسیر دَوا ہے۔

**ایل۱۲** سوراسس کی بھی ایک لاجواب دوا ہے یعنی جسم کے کسی بھی حصّہ میں جلد پر سفید بھوسی کی طرح ایک تہہ جم جاتی ہے جس میں سے بعض اوقات مواد کا اخراج بھی ہوتا ہے۔ یہ سفیدی بعض دفعہ مچھلی کے سفید چھلکے کی مانند بھی ہوتی ہے۔ جگہ جگہ جلد کھردری ہوجاتی ہے اور اس میں سے لیسدار پیپ یا خون کا اخراج ہوتا ہے۔

**ایل۱۲** ایسے مریضوں کیلیئے جنھیں جلدی تکالیف یا سوراسس کے ساتھ بواسیر خونی یا بادی کی شکایت ہو اکسیر کا حکم رکھتی ہے لہذا ان مریضوں کیلیئے جنھیں جلدی شکایت رہی ہیں کسی وقت بواسیر خونی یا بادی لاحق ہوجائے تو اس دوا کو فوراًیاد کر لینا بواسیر سے نجات کے مترادف ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲ گولیاں دن میں ۲ بار کھانے سے قبل چبا کر زبان پر گھلائی جائیں
بچے (۶ سال سے بڑے): نصف خوراک

**نوٹ**

علامات ختم ہونے کی صورت میں خوراک کا وقفہ بڑھا دیا جائے اور افاقہ ہونے پر دوا کا استعمال ترک کر دیا جائے

**پرہیز**

بڑا گوشت، انڈا، ترش، بادی، مصالحہ دار، تلی ہوئی چیزیں، آلو، پالک، بندگوبھی، کچی پیاز استعمال نہ کی جائے۔ اس دوا کے ساتھ تھوڑی سی بدپرہیزی بھی دوا کے اثرات کو کمزور کر دیتی ہے

# L15 Drops 30 ml

## Crataegus Complex

*Palpitations, anxiety, cardiovascular events of nervousness and sleeplessness*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Crataegus Oxy | TM |
| Arnica Mont. | 2 DH |
| Aconitum | 4 DH |
| Nux Vomica | 4 DH |
| Glonoinum | 8 DH |
| Cactus Grand. | 2 DH |
| Arsenicum Alb. | 4 DH |
| Apocynum Can. | 8 DH |

# ایل ۱۵ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (کریٹگس کمپلکس)

امراضِ قلب

امراض قلب کی یہ دوا اپنی ترتیب کے لحاظ سے دل کی تمام تکالیف میں مفید ہونے کے علاوہ ان وجوہات کیلئے بھی مفید ہے جو امراض قلب کا سبب بنتی ہیں نیز یہ دل کا بہترین ٹانک بھی ہے۔ امراض قلب کی طویل فہرست ہے، دل کی شریانوں کا تنگ ہو جانا، سکڑ جانا اور بعض حالات میں بند ہو جانا، دل کا درد، دل کا بڑھ جانا، دل کی رفتار میں ہم آہنگی کا نہ ہونا، وجع القلب، غلافِ قلب میں چبھن، درد اور ٹیس کا احساس، اسکے علاوہ ورم غلاف قلب، ورم عضلات قلب اور دل کے اندرونی و بیرونی پرت کی سوزش یعنی ہمہ اقسام سوجن قلب وغیرہ وغیرہ۔

**ایل ۱۵** امراض قلب لاحق ہونے کے بعد بعض اضافی علامات جو تکلیف دہ ہونے کے علاوہ دل کے امراض کو براہ راست متاثر کر دیتی ہیں، مثلاً پیشاب کی کمی، ہاتھ پیر اور جسم کے مختلف اعضاء کا سُوج جانا، معدہ اور خاص طور پر بائیں جانب درد کا احساس، حرکت اور چلنے پھرنے سے سانس کا رکنا، بائیں جانب ہاتھ کی انگلیوں تک دوڑنے والا درد اور سُن ہو جانے کا احساس، بلڈ پریشر کا بڑھ جانا یا گھٹ جانا وغیرہ بھی دور کرتی ہے۔

**ایل ۱۵** قلب کے علاوہ معدہ اور گردوں کے افعال کو بھی اعتدال پر لاتی ہے جسکے نتیجہ میں معدہ میں تیزابیت اور گیس پیدا نہیں ہوتی اور ہاضمہ اتنا مکمل ہوتا ہے کہ دل پر کسی قسم کا دباؤ نہیں پڑتا، گردوں کے افعال میں اعتدال سے پیشاب صحیح صورت میں خارج ہوتا ہے اور جسم کے مختلف حصّوں میں پانی جمع نہیں ہوتا۔ ذیابیطس کے مریض اکثر امراض قلب کا شکار ہو جاتے ہیں اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ شکر کی زیادتی کی وجہ سے ان کی رگوں اور پٹھوں میں سختی پیدا ہو جاتی ہے۔ ایسے مریض اس دوا سے مکمل فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور اس دوا کا مسلسل استعمال ان کو معمول کی زندگی عطا کر سکتی ہے۔

**ایل ۱۵** کے متعلق پورے وثوق کے ساتھ یہ باور کیا جاسکتا ہے کہ یہ نہ صرف وقتی تکالیف میں آرام پہنچا کر مریض کو سکون پہنچاتی ہے بلکہ یہ ایک مکمل علاج بھی ہے اور اسکا مسلسل استعمال امراضِ قلب کے تمام حالات میں ایک صحتمند دل کی مکمل ضمانت ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے دن میں ۲ بار تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے سے قبل یا بعد میں

**نوٹ**

یہ دوا فقط بڑوں کے لئے ہے۔ علامات دور ہونے کے ساتھ خوراک کا وقفہ بڑھا دیں اور افاقہ ہونے پر استعمال ترک کر دیں

ڈاکٹر کے مشورہ کے بغیر دوا کا استعمال طویل عرصہ تک جاری نہ رکھیں

**پرہیز**

انڈا، نشاستہ، چکنائی ولحمیات

**L 18** Drops 30 ml

***Kalmia Complex***

*Headaches*
*Neuralgia*

| COMPOSITION: | |
|---|---|
| Kalmia Lat. | 3 DH |
| Conium Mac. | 4 DH |
| Argentum Coll. | 8 DH |
| Helleborus Nig. | 6 DH |
| Arsenicum Alb. | 6 DH |

**ایل ۱۸** قطرے ۳۰ ملی لیٹر

(کالمیا کمپلکس)

سر درد
پٹھوں کا درد، اعصابی درد

**ایل ۱۸** ہمہ اقسام کے ایسے درد کا شافی علاج ہے جنکا تعلق پٹھوں یا اعصاب سے ہو۔

اس کے احاطئہ علاج میں پٹھوں یا اعصاب کا درد جسے عام طور پر اعصابی درد کہا جاتا ہے ، گردن اور کندھوں کے پٹھوں کا درد، ریڑھ اور پیٹھ کے پٹھوں کا درد، دونوں ہاتھوں کے پٹھوں کا درد، کمر، ران، اور ٹانگوں کے پٹھوں کا درد، ایڑی کا درد، عرق النساء یا لنگڑی کا درد، چہرے اور سر کا اعصابی درد شامل ہے۔

**ایل ۱۸** سینہ کے پٹھوں کے درد کیلیئے بھی بہت مفید ہے اسکے علاوہ چلنے سے اگر بائیں ہاتھ اور جسم کے بائیں طرف کے پٹھوں میں درد ہو تو اس دوا کو فوراً استعمال کرنا چاہیئے۔

**ایل ۱۸** ایک عرصہ کی تحقیق کے بعد تیار کی گئی ہے اور برسوں سے دنیا بھر میں اسکا استعمال جاری ہے اور اس دوران اس کی افادیت ناقابل فراموش اور لاثانی پائی گئی ہیں۔

ہومیوپیتھک طریقہ علاج میں اعصابی درد کیلیئے اسقدر وسیع تر علامات رکھنے والی دوا شائد ہی کوئی اور میسر ہو۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے دن میں ۳ بار تھوڑے پانی میں ملا کر ہر کھانے سے قبل یا بعد میں
بچے: ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق

**نوٹ**

درد کی شدت کی صورت میں متاثرہ حصے کو گرم رکھا جائے
یہ دوا فقط بڑوں کے لئے ہے، افاقہ ہونے پر استعمال ترک کردیں
دوا کا ایک ہفتہ سے زائد جاری رکھنے کے لئے مستند ڈاکٹر سے رجوع کیا جائے

**پرہیز**

دہی اور دیگر ٹھنڈی تاثیر والی اور کھٹی اشیاء سے پرہیز لازمی ہے

**L 20** **Tablets 60**

## Sepia Complex

*Premenstrual syndrome, Menstrual problems Dysmenorrhoea*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Sepia Officinalis | 8 DH |
| Kalium Carb. | 3 DH |
| Ambra Grisea | 8 DH |
| Strontium Mur. | 4 DH |
| Calcarea Carb. | 3 DH |

# ایل ۲۰

گولیاں ۶۰

## (سیپیا کمپلکس)

لیکوریا
امراض رحم

لہننگ لیبارٹریز کا یہ فارمولا نسوانی اعضاء خاص کر بیضہ دانی کی خرابیوں کی وجہ سے ہونے والی تمام بیماریوں کا بیش بہا علاج ہے ۔ یہ سیلان الرحم کی بہترین دوا ہے اور پانی کو فوراً روکتی ہے۔ رحم سے بدبودار مادّہ کا اخراج اور عورتوں میں بڑھاپے کی وجہ سے ماہواری بند ہوتے وقت کی تکلیفیں اسکے دائرہ اثر میں آتی ہیں ۔

**ایل ۲۰** کا خاص اثر زنانہ جنسی اعضاء اور بیضہ دانی کے افعال پر ہوتا ہے اور ہر عمر کی مریض خواتین کیلئے خواہ جوان ہوں یا ادھیڑ عمر کی یکساں فائدہ مند ہے ۔ گرچہ ایک ڈاکٹر کیلئے عورتوں میں پیٹ کے امراض کی صحیح تشخیص ایک مشکل کام ہوتا ہے۔ لیکن یہ دوا عورتوں میں نچلے پیٹ کے تمام امراض میں جن کی علامات واضح نہ ہوں پورے اعتماد کے ساتھ استعمال کی جاسکتی ہے ۔

**ایل ۲۰** کے استعمال کیلئے خاص خاص علامات یہ ہیں:

رحم کا گر جانا، سوزش، ورم، جلن، خارش، رسولی، رگوں کی خرابی، شرمگاہ سے گندی، سڑاند والی دودھ کی طرح یا زردی مائل سبز رطوبت کا اخراج، سن یاس کی تکالیف، گرمی، پسینہ زیادہ، چڑچڑاپن، ذہنی تھکاوٹ، الگ الگ رہنے کی خواہش، پیڑو میں درد، سوزش، مروڑ، اینٹھن، کھنچاوٹ، ناف نلوں کی تکالیف، ماہواری بے قاعدہ درد کے ساتھ، خون سیاہ، عضو مخصوص میں خُون کا اجتماع، نوجوان لڑکیوں میں پہلے حیض مشکل سے ہوں، سینے کی تکالیف کیساتھ ہوں، آلات تناسل میں درد، پیشاب میں جلن، سوزش، ، باربار، قطرہ قطرہ، سُرخ رسوب، متعفّن، عام جسمانی کمزوری، چہرہ زرد، نیند کی کمی، کمر کا درد، وضع حمل یا اسقاط کی کمزوری، رخساروں پر ورم، سر پستان متورم، پھٹے ہوئے، خارش میں سے خُون بہے اور زخم پڑتے معلوم ہوں ۔

**ایل ۲۰** کا اثر ایسی مستورات پر زیادہ ہوتا ہے جو دُبلی پتلی نازک مزاج ہوں، چڑچڑی ہوں، غصّہ ور ہوں، تابع جذبات ہوں، پست حوصلہ و غمگین ہوں، حساس طبعیت ہوں، بہت جلد رو دیتی ہوں، جن کا پیٹ بڑھا ہوا ہو، جسم ڈھیلا ڈھالا ہو، معمولی محنت سے کمزوری ہو جاتی ہو اور صحت و طاقت نہ رہتی ہو۔

اس دوا کے استعمال سے تمام تکلیفوں اور شکایتوں میں فوری کمی ہو جاتی ہے اور پابندی کے ساتھ استعمال سے بیماری بالکل ختم ہو جاتی ہے ۔

**ترکیب استعمال**

بڑوں اور بچوں (۱۲ سال سے زائد عمر) کے لئے: ۲ گولیاں دن میں ۳ بار چبا کر منہ میں گھلائی جائیں، کھانے سے قبل یا بعد

**نوٹ**

علامات ختم ہونے کے ساتھ دوا کا وقفہ بڑھا دیں اور مکمل افاقہ ہونے پر دوا کا استعمال ترک کر دیا جائے

**پرہیز**

دودھ، مکھن، مرغن غذائیں استعمال نہ کی جائیں، پاؤں کے وزن پر نہ بیٹھا جائے

**L 21** Drops 30 ml

### *Cimicifuga Complex*

*Menstrual disorders, uterine bleeding after complete elimination of any organic cause*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Cimicifuga | 4 DH |
| Mercurius Cor. | 4 DH |
| Sabina | 8 DH |
| Hydrastis | 4 DH |
| Secale Corn. | 3 DH |
| Aurum Mur. Nat. | 8 DH |
| Lycopodium | 4 DH |
| Nitricum Acidum | 4 DH |
| Lilium Tigrinum | TM |

**ایل ۲۱** قطرے ۳۰ ملی لیٹر

### (سمی سی فوگا کمپلکس)

کثرتِ حیض، رحم سے خون کا اخراج
بچے دانی کی سوزش

**ایل ۲۱** کا فارمولا رحم کی سوزش و خُون کے اخراج اور کثرتِ حیض کیلئے ایک معجز نما ادویاتی سہارا ہے۔ آلات تناسل زنانہ پر اس دوا کا بہت گہرا اثر ہوتا ہے۔ رحم کی کمزوری، رحم اور خصیۃ الرحم میں درد، رحم کی اندرونی جھلیوں کی سوزش، پستانوں کے مقام پر درد و سوزش، کمر میں درد، کثرت حیض درد کیساتھ، سیلانِ خون زور سے رُک رُک کر، سیلان الرحم کے ساتھ رحم میں بوجھ کا احساس، شرمگاہ کے ورم اور دیگر خرابیوں کو دور کرنے کیلئے یہ دوا بہترین کام کرتی ہے۔

**ایل ۲۱** کا استعمال دورانِ حمل بہت مفید ہے، اس سے رحم کے مُنہ پر سختی نہیں رہتی اور وضع حمل میں بہت آسانی ہو جاتی ہے اسقاط حمل، حمل کے دوران متلی، جھوٹا دردزہ، وضع حمل کے وقت سردی اور لرزہ، دردزہ زیادہ تیز، رحم کے زخموں اور وضع حمل کے بعد نفاس کے رک جانے کی شکایت بھی اسکے استعمال سے دُور ہو جاتی ہے۔ زچگی کے بعد زچہ کے زخموں اور چوٹوں سے خُون کے اخراج کو روکتی ہے۔ مسلسل سیلان خون میں یہ دوا بہت مفید ہے۔ اگر تیسرے مہینہ میں خون شروع ہو جائے اور حمل ساقط ہونے کا اندیشہ ہو تو یہ دوا بارانِ رحمت ثابت ہوتی ہے۔

**ایل ۲۱** کے اجزا نقصان دہ اثرات سے پاک ہیں اور اس کے استعمال سے رحم اور اسکے قریب جمع ہونے والا خون کم ہو جاتا ہے جس سے درد دُور ہو جاتا ہے۔ رحم کو قوت ملتی ہے جس سے نہ یہ ڈھیلا ہوتا ہے نہ جھکتا ہے نہ باہر آتا ہے، رحم کی رگوں کی خرابی دور ہوتی ہے اور خون کا اخراج بند ہو جاتا ہے، حیض کی تمام بے قاعدگیاں ختم ہو جاتی ہیں اور تکالیف دور ہو جاتی ہیں، سینے کی نشوونما بہتر ہوتی ہے، جنسی غدودوں کے افعال باقاعدہ ہوتے ہیں، خُون کے ضیاع سے کمزوری و نقاہت دُور ہوتی ہے، چستی و چالاکی بڑھ جاتی ہے، خواتین میں خواہش نفسانی بڑھ جاتی ہے اور شہوت انگیز خواہش ہوتی ہے۔

یہ دوا اُن خواتین کیلئے مفید ہے جو ہر وقت غم میں ڈوبی رہتی ہوں یا ہر وقت بولتی رہتی ہوں، جن پر مالیخولیائی کیفیت طاری رہتی ہو اور ہسٹریا و مرگی کے دورے بھی پڑتے ہوں۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے دن میں ۳ بار تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے سے قبل یا بعد میں
بچے (۱۵ سال سے کم عمر): ڈاکٹر کے ہدایات کے مطابق

**نوٹ**

تمام تکالیف ختم ہو جانے کے بعد بھی کچھ دنوں تک دوا جاری رکھیں

**پرہیز**

کھٹاس، مرچ، تیل، بادی اشیا، چاول وغیرہ کا استعمال نہ کیا جائے۔ ایام کے زمانے میں غسل نہ کیا جائے۔ جسم کو ٹھنڈ سے بچایا اور وزن نہ اٹھایا جائے

## L 24 Drops 30 ml

**Rosmarinus Complex**

*Menstrual disorders*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Rosmarinus | TM |
| Pulsatilla | 3 DH |
| Cuprum Aceticum | 4 DH |
| Sulfur | 4 DH |
| Nux Vomica | 4 DH |
| Caulophyllum | 3 DH |
| Belladonna | 3 DH |
| China | 1 DH |
| Ferrum Mur. | 3 DH |

## ایل ۲۴ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (روزمیرینس کمپلکس)

دوران خون کے نقائص
حیض کی غیر موجودگی، قلّتِ حیض

**عورت** ہو یا مرد دونوں کو بچپن ولڑکپن کے بعد سِنِ بلوغت میں قدم رکھنا پڑتا ہے ۔ اس دور میں درحقیقت ایک نئی زندگی کا آغاز ہوتا ہے۔ جسم میں بہت سی تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں۔ جن میں جنسیِ اعضاء اہم ہیں جو کہ عمر کی تبدیلی سے متاثر ہوتے ہیں ۔عورت کا جنسی نظام مرد کے مقابلہ میں کہیں زیادہ پیچیدہ ہوتا ہے ۔بہت سی خواتین بظاہر تندرست نظر آتی ہیں مگر کسی نہ کسی جنسی بیماری کا شکار ہوتی ہیں۔ لڑکیوں میں جب اس عمر کا آغاز ہوتا ہے تو جسم کے اندر بہت ساری تبدیلیاں رونما ہونی شروع ہوتی ہیں اور اگر ان قدرتی تبدیلیوں کو کسی رکاوٹ کا سامنا ہو تو یہ تکلیف کا باعث بنتی ہے ۔

**ایل ۲۴** لہنگ لیبارٹریز کی جدید تحقیق برائے امراض نسواں ان خواتین کی دوا ہے جن کو شروع ماہواری کے دوران سخت تکالیف کا سامنا ہو اور عورت کی زندگی حیض کی کسی بھی بیماری میں مبتلا ہونے کی بناء پر اجیرن ہو گئی ہو۔

**ایل ۲۴** مندرجہ ذیل کسی بھی علامات میں استعمال کیلئے سالہا سال کی آزمودہ اور مستند دوا ثابت ہوئی ہے :

- ماہواری کے دوران سخت تکالیف کا سامنا
- سینہ پر بوجھ کا احساس، دل کی دھڑکن زیادہ
- حیض سے پہلے شدید درد، مدت غیر معین ہو
- سر میں چکر، غنودگی، طبعیت میں جھنجھلاہٹ کا احساس
- بندش کی وجہ سے دوران خون کی خرابیاں
- پیڑو، کمر، ٹانگوں، پنڈلیوں، ایڑیوں میں درد، اکڑن

**ایل ۲۴** اُن خواتین کیلئے بیش بہا قیمتی دوا ہے جو کہ کسی بھی وجہ سے حیض اور ماہواری کی کسی بھی بیماری میں مبتلا ہوں ۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے دن میں ۳ بار تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے سے قبل یا بعد میں
بچے (۱۵ سال سے کم عمر): ڈاکٹر کے ہدایات کے مطابق

**نوٹ**

تمام تکالیف ختم ہو جانے کے بعد بھی کچھ دنوں تک دوا جاری رکھیں

**پرہیز**

دوران استعمال وزن زیادہ اٹھانے ،ٹھنڈے پانی میں زیادہ کام کرنے اور کثرت مجامعت سے پرہیز کریں

**L 26** Drops 30 ml

***Hypericum Complex***

*Dental and various neuralgia*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Hypericum | 1 DH |
| Melilotus Off | 2 DH |
| Viburnum Op. | 3 DH |
| Arnica Mont. | 3 DH |
| Belladonna | 3 DH |
| Secale Corn. | 4 DH |
| Arsen. Iod. | 4 DH |
| Phosphorus | 8 DH |
| Rhus Tox | 7 DH |

# ایل ۲۶

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

**(ہائپریکم کمپلکس)**

دانتوں کا اعصابی درد، چوٹ و زخم
اعصاب یا پٹھوں پر ضربات

**ایل ۲۶** کے فارمولے کا اثر خاص طور پر ان زخموں یا چوٹوں پر ہوتا ہے جہاں پر اعصاب کی زیادتی ہو مثلاً دماغ، ریڑھ کی ہڈی، ڈچی، انگلیوں کے سرے وغیرہ۔

**ایل ۲۶** کا دائرہ کار صرف دماغ اور ریڑھ کے ستونوں تک ہی محدود نہیں بلکہ دماغ کی ہڈیوں اور ریڑھ کی ہڈیوں میں بھی بذات خود اثر کرتی ہے، چنانچہ ریڑھ کے اندر کے زخم بھی اس سے تندرست ہوتے ہیں۔ اسکے علاوہ پھٹے ہوئے زخم جو کیلوں پر پاؤں پڑ جانے سے پیدا ہوں، انگلیوں پر جانور کے کاٹنے سے ہوں، ہتھیاروں کے زخم جن سے خون نکلے، بندوق وغیرہ کے زخم میں اس دوا کو بھولنا ظلم ہے۔

متذکرہ صدر بیان پڑھ کر یہ نہ سمجھ لینا چاہیئے کے اس دوا کا اثر محض زخموں تک محدود ہے، بلکہ اس کا اثر بہت وسیع اور طاقت ور ہے، ہڈی کا ٹوٹ جانا، جوڑ اتر جانا، موچ آجانا، ٹکرانے یا گرنے سے دماغ کا ہل جانا، عصبی درد و ورم، رعشہ، دانت کا درد، جسم میں کسی جگہ جراثیم کے اثر سے پیپ پڑ جانا، گومڑ، گلٹیاں، پھوڑے، پھنسی، آبلے، خارش، اونچائی سے گرنے کے بدنتائج، بیرونی چوٹ سے رگوں کا پھولنا، کھیل کوُد کے دوران جسم کو پہنچنے والے نقصانات، زیادہ بوجھ اٹھا لینے یا زیادہ مشقت کا کام کرنے کی وجہ سے جسم اور خاص کر دل پر دباؤ پڑنے اور گٹھیا کی طرح کے درد میں استعمال کیلئے حکمی اثر رکھتی ہے۔ اسکے علاوہ یہ مابعد اثرات دور کرنے کیلئے بھی مفید ہے۔ مثلاً عملِ جرّاحی سے پیدا شدہ درد، ولادت کے بعد کے درد، اعضاء میں کمزوری، کپکپی، بھاری پن، اینٹھن، سُکڑن، لاغری، دماغی تھکاوٹ وغیرہ۔

**ایل ۲۶** چوٹ کی وجہ سے پیدا ہونے والی تمام تکلیفات اور بیماریوں میں کامیابی کیساتھ استعمال کی جاسکتی ہے۔ اسکے استعمال سے نظامِ عصبی مکمّل طور پر قوی ہو جاتا ہے، زخم مندمل ہو جاتے ہیں، ورمی کیفیت دور ہو جاتی ہے، پھوڑے پھُنسیاں بغیر پکے درست ہو جاتے ہیں، ٹوٹی ہوئی ہڈیاں جلد جڑ جاتی ہیں اور دماغی قویٰ زیادہ چست و چالاک ہو جاتے ہیں۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے دن میں ۳ بار تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے سے ۱/۲ گھنٹہ قبل یا بعد
بچے (دوسال سے بڑے): ۱/۴ یا ۱/۲ عمر کے مطابق

**نوٹ**

ہر قسم کے زخم و چوٹوں میں خواہ علامات کچھ ہی ہوں، اس دوا کا فوری استعمال ضروری ہوتا ہے

**پرہیز**

متاثرہ حصے کو ٹھنڈ سے محفوظ رکھا جائے۔ ثقیل غذا استعمال نہ کی جائے

# L 29 Tablets 60

## Ferrum Complex

*Asthenia in women*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Ferrum Met. | 3 DH |
| Aloe | 3 DH |
| Platina Mur. | 5 DH |
| Arsenicum Alb. | 4 DH |

# ایل ۲۹ گولیاں ۶۰

## (فیرم کمپلکس)

خواتین میں کمزوری
قلتِ خون، یرقان

**ایل ۲۹** کے اس فارمولے کا اہم جُز فیرم یعنی لوہا حیوانی جسم کا ایک نُمایاں جُز ہے۔ اسکی کافی مقدار خُون میں ملتی ہے۔ روزمرہ کی غذا میں بھی کافی مقدار میں پایا جاتا ہے اور جب کسی کو اسکی زیادہ مقدار کھلا دی جائے یا خون کے اندر لوہے کی مقدار کو زیادہ کر دیا جائے تو اسکا اثر مقدم یہ ہوتا ہے کہ بھوک بڑھ جاتی ہے دل کی ضربات قوی ہو جاتی ہیں اور جسم کے اندر طاقت آتی ہے۔

فولاد زیادہ تر خون پر اثر کرتا ہے اور اسکے اندر آکسیجن کو جذب کرنے میں مدد دیتا ہے، اسکے سرخ اجزاء بڑھاتا ہے، جس سے اسکا رنگ سرخ ہو جاتا ہے۔ یہ خاص طور پر کمی خون سے کمزور شدہ مریضوں میں استعمال ہوتا ہے، یہ کیفیت چاہے حیض کی خرابیوں سے ہو یا کسی طریقہ سے خون کے ضائع ہو جانے سے یا ہوا روشنی اور غذا کی کمی سے کمزور کر دینے والی بیماریوں سے، لوہا ان سب بیماریوں میں ایک بہترین دوا ہے۔

**ایل ۲۹** کا مرکب فارمولا مندرجہ ذیل کسی علامات کے ساتھ کمی خون کیلئے یقینی شفاء ہے:

لاغری، کمزوری، ناطاقتی، نڈھالی، بےچینی، سانس پھولنا، اعضاء میں تشنّج، کپکپی، سکڑن، درد، چہرہ پیلا، ہونٹ خشک، پھٹے ہُوئے، سر، سینہ، چہرہ یا کسی دوسرے حصّہ میں اجتماع خُون، وریدیں متورم، جلن و درد، بےخوابی، حیض بہت جلد جلد، مقدار میں بہت زیادہ، زیادہ وقت تک رہیں، سیلان خون، ناک سے، پھیپھڑوں سے، رحم سے، گردوں سے، خُون پیلا نیلا، پانی کا سا پتلا، جلد منجمد ہو جائے، غذا کا جزو بدن نہ ہونا، وزن کم ہونا۔

**ایل ۲۹** کا اثر صرف خون کی تکلیفات تک محدود نہیں بلکہ اس میں شامل اجزاء دیگر عوارض مثلاً جگر، معدہ، آنتوں اور پھیپھڑوں کے تمام امراض، مردوں اور عورتوں دونوں میں نامردی اور بانجھپن، ہڈیوں کا سڑ جانا، مسّے، گومڑ، تمباکو کے استعمال سے پیدا شدہ تکالیف، قبض، دھڑکن، کھانسی، جسم میں اینٹھن، مُنہ پر کیل، مہاسے اور نیلے یرقان کیلئے اکسیر ہیں۔

اس قُرصِ فولاد کے اثرات سے قلّت خون کی شکایت نہیں رہتی، کمزوری رفع ہو جاتی ہے، ہاضمہ کی خرابیاں، خارش اور اعصابی تکلیفات خصوصاً رعشہ دور ہوتا ہے۔ نیا طاقتور خُون پیدا ہوتا ہے، موجود خون صاف ہوتا ہے، پٹھوں میں طاقت آتی ہے، جسم میں امراض کے خلاف قوت مدافعت بڑھتی ہے، بھوک بڑھتی ہے، پاخانہ درست ہوتا ہے، بےڈول جسم متناسب ہوتا ہے، چہرے پر سُرخی آتی ہے، رنگ و روپ نکھرتا ہے، جلد نفیس ہوتی ہے اور جسم و دماغ میں چستی اور پھُرتی پیدا ہوتی ہے۔ یہ دوا ڈھیلی ڈھالی مستورات، تھکے ماندے افراد جو ایک جگہ کام کرتے ہوں اور بوڑھے انسانوں کیلئے رحمتِ ایزدی ثابت ہوتی ہے۔

**ترکیب استعمال**

دو گولیاں دن میں دو یا تین بار کھانے سے قبل یا بعد منہ میں گھلائی جائے
بچے (٦ سال سے بڑے): ایک گولی دن میں ۲ سے ۳ بار

**نوٹ**

علامات ختم ہونے کے ساتھ دوا کا وقفہ بڑھا دیں اور مکمل افاقہ ہونے پر اس کا استعمال ترک کر دیا جائے۔ فی زمانہ ہر شخص کو اس کا استعمال وقتاً فوقتاً رکھنا چاہیئے

**پرہیز**

مٹھاس اور بڑے گوشت کا استعمال کم کیا جائے

L 30 Drops 30 ml

**Santalum Complex**

*Prostate benign hypertrophia*

| COMPOSITION: | |
|---|---|
| Oleum Santali | 2 DH |
| Balsamum Cop. | 2 DH |
| Thuya Occ. | 3 DH |
| Petroselinum | 2 DH |
| Petasites | 1 DH |

# ایل ۳۰

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

(سنٹالم کمپلکس)

پروسٹیٹ غدود کا بڑھ جانا

پروسٹیٹ میں انفیکشن

**ایل ۳۰** پروسٹیٹ غدود کے بڑھ جانے یا اس میں انفیکشن سے پیدا ہونے والے مختلف امراض کا ایک مکمل علاج ہے۔

پروسٹیٹ غدود کے بڑھ جانے یا اس میں انفیکشن کی وجہ سے پروسٹیٹ میں سوجن پیدا ہو جاتی ہے اور اسمیں سختی پیدا ہو جاتی ہے۔ کبھی پیشاب درد کیساتھ آتا ہے، کبھی رک جاتا ہے، کبھی بار بار حاجت ہوتی ہے، کبھی جلن کیساتھ ہوتا ہے فوطوں کی سوجن، مذی کا اخراج، ہر وقت بےچینی، کمر، پیڑو، اور پیٹھ کے ریشوں میں اکڑن، درد اور چبھن کا احساس ہوتا ہے۔

عموماً وہ مرد حضرات جنکی عمر ۴۰ سال سے زائد ہو اگر ان میں مذکورہ علامات میں سے کوئی بھی علامت پائی جائے تو انہیں پروسٹیٹ کے علاج کیلئے اس دوا کو استعمال کرنا چاہیئے۔

پروسٹیٹ کے انفیکشن کی وجہ سے مرد حضرات جنسی کمزوری کا بھی شکار ہو جاتے ہیں اور اسکا علاج اس وقت تک نامکمل رہتا ہے جب تک کہ پروسٹیٹ کا علاج نہ کیا جائے۔

**ایل ۳۰** کے اجزاء مندرجہ بالا تمام علامات میں شافی کا حکم رکھتے ہیں۔

**ایل ۳۰** کے اجزاء سوزاک اور سفلس کے جراثیم کو بھی ختم کرنے کی شافی صلاحیت رکھتے ہیں جو پروسٹیٹ کے انفیکشن کا باعث ہوتے ہیں۔ یہ جراثیم پیشاب کی نالی سے پروسٹیٹ میں منتقل ہو کر پروسٹیٹ اور جسم کے مختلف حصّوں کو مختلف انداز سے متاثر کرتے ہیں۔

**ترکیب استعمال**

۳۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد استعمال کریں
یہ دوا فقط بڑوں کے لئے ہے۔ بچے مستند ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق

**نوٹ**

نوٹ: روزمرہ زندگی میں پاکیزگی برقرار رکھی جائے

**پرہیز**

ترش اور بادی اشیاء سے پرہیز کیا جائے

# L 31

**Drops 30 ml**

***Hypophysis Complex***

*Pituitary disorders*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Hypophysine | 9 DH |
| Lycopus Virginicus | 3 DH |
| Spongia | 8 DH |
| Arsenicum Iodatum | 4 DH |
| Viscum Album | 1 DH |
| Leonurus Cardiaca | 1 DH |
| Sulfur | 4 DH |
| Calcarea Acetica | 2 DH |
| China | 3 DH |
| Chamomilla | 3 DH |

# ایل ۳۱

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (ہائیپوفائیسس کمپلکس)

پچوٹری ہارمون کیلئے

**ایل ۳۱** پچوٹری ہارمون کی افزائش کی دوا ہے ۔

یہ انتہائی اہم اور ضرورت کی دوا ہے۔ اس دوا کی اہمیت کا احساس اسکی افادیت کے جاننے کے بعد ہی ہوسکتا ہے ۔ دماغ کے پچھلے حصہ میں قدرت نے ایک انتہائی اہم غدود رکھا ہے جسے طبّی زبان میں پچوٹری کہتے ہیں ۔ اس غدود کا کام پیدائش کے وقت سے لے کر عمر کے ہر حصہ میں جسم کے عضلات کی نشوونما اور ارتقاء کے لئے ایک ہارمون پیدا کرنا ہے۔ اگر یہ غدود کسی وجہ سے ہارمون کی پیدائش کو کم کردے یا بند کردے تو عمر کے مختلف حصوں میں اسکے اثرات مختلف اقسام کے ہوتے ہیں اور نشوونما کیساتھ جسم مختلف قسم کے انحطاط کا شکار ہو جاتا ہے ۔

اگر اس غدود نے ہارمون کی پیدائش کم کردی تو بچپن سے لے کر جوانی تک اس قسم کی علامات عام ہیں: جسمانی نشوونما رک جاتی ہے، جنسی انحطاط اور نامردی ، جنسی عضو کا بڑھنا بند ہو جانا ، لڑکیوں میں حیض کا بند ہو جانا ، تمام بڑی ہڈیوں کے بڑھنے کا عمل رک جانا، جسم کا سوکھا ہو جانا ، ہڈیوں کا ٹیڑھا ہو جانا، لڑکوں میں زنخا پن ۔

اگر اس غدود نے ہارمون کی پیدائش بند کردی تو ان علامات کا ظہور ہوتا ہے : مردوں میں نامردی، اور خواتین میں حیض کی بندش ، بھوک کا ختم ہونا، جسمانی کمزوری ، قبض ، پیشانی اور کنپٹی میں درد ، دانت ، سر کے بال اور ناخن کا جھڑنا ، جسم پر جھریوں کا پیدا ہو جانا ، دل کی رفتار بلڈ پریشر اور خون میں شوگر کا کم ہو جانا، دودھ پلانے والی خواتین میں دودھ کا نہ ہونا، عام جسمانی کمزوری، اسکے علاوہ غدود کے ہارمون کے رکنے کی وجہ سے جسم کے مختلف غدود بھی متاثر ہوتے ہیں اور انکی کارکردگی بدرجہ اتم انحطاط کو پہنچ کر زندگی کیلئے خطرہ پیدا کرتے ہیں ۔

پچوٹری ہارمون کی پیدائش کم ہونے یا رکنے کی وجوہات یہ ہیں : سر میں چوٹ ، زچگی کی مشکلات ، اسقاط حمل ، سر میں چوٹ کی بنا پر اخراج خون ، آتشک کے جراثیمی اثرات ، سر میں رسولی وغیرہ۔

**ایل ۳۱** پچوٹری ہارمون کی افزائش کر کے مندرجہ بالا تمام علامات دور کرتی ہے۔ یہ تمام علامات ایسی ہیں جو ایک عام آدمی اپنے بچوں میں تلاش کرسکتا ہے۔ بڑے خود بھی ان علامات کو محسوس کر سکتے ہیں۔ گھر کے افراد کیلئے ضروری ہے کہ خاص طور پر اپنے بچوں کیلئے اس دوا کو یاد رکھیں ۔

**ایل ۳۱** خاص طور پر ان بچوں کیلئے جو عمر کے لحاظ سے زیادہ فربہ ہوں یا جن کے جنسی اعضاء چھوٹے محسوس ہوں، قد نہ بڑھنے کا احساس ہو، زنخا پن کے آثار ہوں انتہائی مفید ہے کیونکہ یہ پچوٹری ہارمون کی کم افزائش کی علامات ہیں ۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر رات کے کھانے سے قبل


بچے: ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق استعمال کریں

**نوٹ**

آرام کو ترجیح دی جائے

**پرہیز**

تُرش اور بادی اشیاء سے پرہیز کیا جائے



# L 36 Drops 30 ml

### Conium Complex

*Non-malignant pathologies of the lymphatic tissue ulcerations*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Conium | 4 DH |
| Hydrastis | 3 DH |
| Chelidonium | 2 DH |
| Kreosotum | 3 DH |
| Arsenicum Alb. | 4 DH |
| Onopordon | 1 DH |
| Argentum Nit. | 4 DH |
| Strychninum | 4 DH |
| Cadmium Sulf. | 6 DH |
| Dioscorea | 1 DH |

# ایل ۳۶ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (کونیم کمپلکس)

جسمانی غدودوں کی سوزش اور ورم
آکلہ کے زخم و ناسور پڑنا، فوطوں کی خرابیاں
غدود مذی کی سوزش

غدوُد ہمارے جسم کی خود حفاظتی نظام کا ایک اہم جزو ہیں جو جسم میں کسی بھی طور پر سرایت کر جانے والے جراثیم یا زہریلے مادوّں کو جکڑ کر ان کا مقابلہ کرتے ہیں۔ یہ غدود جراثیم کے خلاف لڑتے لڑتے کبھی کبھی خود بھی متورّم ہو جاتے ہیں یا پھر جراثیم اور ایسے ہی زہریلے مادوّں کی بُہتات سے سخت ہو جاتے ہیں اور ان میں مزید جراثیم یا زہریلے مادوں کو جکڑ کر مقابلہ کرنے کی گنجائش نہیں رہتی، چنانچہ جراثیم کو جسم سے آزادانہ اثر کرنے کا موقع مل جاتا ہے۔ طبعی حالات کے علاوہ نظام غدود کی ماؤفی کسی دھکے، صدمے یا چوٹ کی بناء پر بھی ہوسکتی ہے۔
غدودی نظام معمول کے مطابق کام نہ کرنے کی علامت کے طور پر خاص کر بغلوں، گردن اور پیٹ کے غدود بڑھ جاتے ہیں، سخت ہوجاتے ہیں اور ان میں درد ہوجاتا ہے، تمام جلد کے نیچے گانٹھیں پڑنے لگتی ہیں، زخمی حصص سخت ہوجاتے ہیں اور مردانہ عضو متورم ہوجاتا ہے۔
غدودوں کی سوجن کے علاج پر اگر فوری توجہ نہ دی جائے تو یہ رفتہ رفتہ پک کر آکلہ کے نہ مندمل ہونے والے ناسور بن جاتے ہیں اور ان میں ورم، جلن اور آبلے ہو جاتے ہیں، خون ملی متعفن رطوبت رستی ہے، ہڈیوں میں درد ہوتا ہے اور وہ گلنے لگتی ہیں۔
غدود نظام تناسل بھی آہستہ آہستہ متاثر ہو جاتے ہیں، جس سے جنسی نا قابلیت و کمزوری پیدا ہوتی ہے۔ فوطے متورم اور سخت ہو جاتے ہیں ان پر زخم ہو جاتے ہیں اور تھیلی میں پانی آجاتا ہے۔ خصیۃ الرحم اور رحم میں ورم اور سختی پیدا ہو جاتی ہے۔ حیض کی مقدار کم ہو جاتی ہے۔ حیض سے پہلے پستانوں میں درد ہوتا ہے اور پستانوں میں گانٹھیں یا ورم ہو جاتا ہے۔
مذی کے غدود خاص طور پر بڑھاپے کی عمر میں بڑھ جاتے ہیں اور چونکہ پیشاب کی نالی اس غدود کے درمیان سے ہو کر گزرتی ہے، بڑھتے ہوئے غدود کا دباؤ پڑنے کی بناء پر پیشاب دقت سے آتا ہے اگر یہ غدود بہت زیادہ بڑھ جائیں تو پیشاب خارج کرنے کیلئے نلکی کا استعمال ضروری ہو جاتا ہے اور آپریشن ہی اسکا علاج ہوتا ہے، ان غدود کے بڑھ جانے کے سبب اور بھی بہت سی تکالیف جنم لیتی ہیں مثلاً مثانہ کی گردن میں درد اور کمزوری، مذی کا ہر وقت اخراج، اجابت میں دشواری اور درد، تناسلی نظام کے غدودوں کے ریشوں کا سوج جانا اور نامردی اور کمزوری وغیرہ۔

**ایل ۳۶** ہر قسم کے غدودوں کی سوجن میں نہایت مفید ہے اور یہ ان حالات میں جب کہ غدود اپنا کام بند کردیں۔ ایک موثر دوا ہے۔ پیپ دار پھوڑے، پستانوں کی تکلیفات، رحم اور خصیوں کی تکلیفات درست ہوتی ہیں۔ جب کبھی بڑھاپے میں مذی کے غدودوں کے بڑھ جانے سے پیشاب رُک جائے تو یہ ایک عجیب دوا ہوا کرتی ہے، نیز مذی کے غدودوں کے آکلہ میں مفید ہے اور حتمی علاج ہے جو آپریشن سے نجات دلاتا ہے۔

**ایل ۳۶** کے مرکب فارمولے میں ایسے اجزاء بھی شامل ہیں جن کا اعصاب پر اثر ہوتا ہے۔ جسم کی سخت کمزوری اور فالج جیسی علامات، نقاہت، عضلات میں لرزہ، جھٹکے، تشنج و رعشہ اور پسینہ کی زیادتی دور ہو جاتی ہے۔

**ایل ۳۶** نظام جسم کو تقویت دیتی ہے، زخموں کو مندمل کرتی ہے، جگر کی سختی، معدہ کا زخم اور دیگر تکالیف دور کرتی ہے۔ اس میں شامل بے ضرر و زود اثر اجزاء جادو کا اثر کرتے ہیں اور مریض کو شاہراہ صحت پر لے آتے ہیں۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے دن میں ۳ بار تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے سے قبل یا بعد
بچے: ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق

**نوٹ**

دوا کا استعمال اس وقت تک جاری رکھا جائے جب تک مکمل صحت یاب نہ ہو جائیں

**پرہیز**

ایسی سبزیاں جن میں نمکیات اور پانی زیادہ ہوتا ہے مثلاً پالک کا ساگ اور بند گوبھی وغیرہ استعمال نہ کریں، ٹھنڈے مشروبات سے بھی پرہیز کیا جائے

# L 37 Drops 30 ml

### *Thuya Complex*

*General treatment of warts*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Thuya Occ. | 4 DH |
| Dulcamara | 4 DH |
| Mercurius Cor. | 3 DH |
| Phytolacca Dec | 4 DH |
| Arsenicum Iod. | 4 DH |
| Pulsatilla | 4 DH |
| Phosphorus | 8 DH |
| Nitricum Acid. | 4 DH |
| Kalium Bichro. | 5 DH |

# ایل ۳۷ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (تھوجا کمپلکس)

آلات تناسُل و پیشاب کے امراض مسے اور گومڑ

لہننگ لیبارٹریز کے اس فارمولے کا اثر اعضائے تناسُل و آلات بول اور جلد پر ہوتا ہے۔

اس مرکّب کا ہر ایک جزا اپنے دائرہ کار میں ثانی نہیں رکھتا، چنانچہ اسکے استعمال سے تولیدی نظام کی تمام خرابیاں دور ہوجاتی ہیں۔ اس کے بعض اجزاء کا آلات مردانہ پر زبردست اثر ہوتا ہے، سوتے میں احتلام کیلئے اس دوا سے بہتر کوئی دوا مفید نہیں۔ آلات تناسل زنانہ میں اس کا اثر سن بلوغت سے سن یاس تک، حیض کی خرابیوں میں، وضع حمل میں، دُودھ میں، غرضیکہ اعضاء کے ہر فعل میں ہر وقت ہوتا ہے۔ چنانچہ اسے آلات تناسل کی دوا کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ حیض کی کمی یا نہ ہونے کی وجہ سے مرگی بھی اس سے درست ہوتی ہے۔ نوجوان لڑکیاں اگر سن بلوغت سے اپنی صحت کھونے لگیں تو یہ بہترین دوا ہوا کرتی ہے۔ مستورات میں اس دوا کے اثر کا مرکز پستان ہیں۔ تجربہ نے ثابت کیا ہے کہ مستورات میں پستانوں کی نامکمل نشوونما، سوکھ جانا، پھول جانا، نرم ہوجانا، گلٹیاں اور گومڑ، سختی و دُمبل، یہاں تک کہ پستانوں کا آکلہ بھی اس کے زیر اثر درست ہوئے ہیں۔ سر پستان پک جائیں، دُودھ پلانے والی عورت کو سردی لگنے سے دودھ تار دار ہو جائے یا گاڑھا ہو جائے، کمی دودھ، دودھ کا نہ رہنا، جلد سوکھ جانا اور دودھ کے بہنے کیلئے ایک بہترین دوا ہے۔ تیسرے ماہ میں اسقاط کا خطرہ ہو، دردزہ پریشان کن اور بے نتیجہ ہوں۔ وضع حمل یا اسقاط کے بعد سیلان خون کی زیادتی ہو، رحم کے اندر گومڑ ہوجائے، رحم پر چربی چڑھ جائے، رحم اپنی جگہ سے گر جائے، حیض کی تمام خرابیوں اور سیلان الرحم کیلئے بھی مفید ہے۔ مردانہ عضو کی کمزوری، سرعت انزال، جنسی غدودوں کی افعالی کمزوریاں، آلات پر آتشک کے بدزخم اور دیگر نمودیں، جنسی غلط کاریوں سے پیدا شدہ نقائص، شہوانی پاگلپن، فوطوں میں پانی، خصیوں کے ورم اور غدہ مذی کے ورم دوُر ہوتے ہیں۔ یہ آلات تناسل کو تحریک دیتی ہے اور سُستی اور ناطاقتی دور کرتی ہے۔

**ایل ۳۷** آلات بول کے امراض کی بھی عجیب و غریب دوا ہے، چنانچہ اسکے استعمال سے پیشاب کی یکایک، باربار حاجت، مواد اور رسوب، دقت سے، جلن کے ساتھ، قطرہ قطرہ ہونے کی تمام تکالیف دور ہوتی ہیں، نیز مثانہ کے دردو فالج اور پیشاب کی نالی کے دردو ورم کی شکایات بھی نہیں رہتیں۔

**ایل ۳۷** جلدی ورم و زخم کی عجیب ترین دوا ہے۔ اسکے اجزا گومڑ تحلیل کرنے میں خاص شہرت رکھتے ہیں۔ جسمانی نشوونما کے ذمہ دار غدودوں کے فعل کی بے قاعدگی کی وجہ سے خاص کر جوانی کی عمر میں مسّے، گومڑ، کیل، مہاسے، پھنسیاں اور دانوں کی شکایت عام ہوتی ہے چنانچہ اس دوا کے اثر سے جسمانی نشوونما میں حصہ لینے والے غدودوں کے افعال ٹھیک ہوتے ہیں اور جلد کے خلیوں کو آپس میں ایک دوسرے سے ملانے والے مادے کو طاقت ملتی ہے، جس کی بناء پر ہر قسم کے مسّے، گلٹیاں، گومڑ، کیل، مہاسے، دانے، پھُنسیاں، زخم، غدودوں کے ناسور اور نرخرے، ناک و کان کا بدگوشت تحلیل ہوتا ہے۔

**ایل ۳۷** رطوبات زندگی کے ضیاع کے بدنتائج، کمی خون، لاغری، کمزوری، بےچینی، تشنج، بےخوابی و دردسر بھی دور کرتی ہے۔ سوزاک کے اثرات مابعد بھی یہ دوا بہترین کام کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے دن میں ۳ بار تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے سے پہلے یا بعد

بچے (دوسال سے بڑے): ۱/۴ یا ۱/۲ خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**

یہ دوا معالج کے مشورے سے بطور حفظ ماتقدم استعمال کی جاسکتی ہے

**پرہیز**

ٹھنڈے مشروبات، بڑا گوشت، تلی ہوئی چیزیں، نمکیات اور پانی والی سبزیاں کم استعمال کی جائیں

| | |
|---|---|
| **L 38** Tablets 60 | **ایل ۳۸** گولیاں ۶۰ |

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Aurum Mur. Nat. | 8 DH |
| Arsenicum Iodatum | 5 DH |
| Secale Cornutum | 4 DH |
| Platina Muriatica | 5 DH |
| Ferrum Iodatum | 4 DH |
| Cerium Oxalicum | 4 DH |

***Aurum Complex***

*High blood pressure after elimination of organic or iatrogenic causes*

## (اورم کمپلکس)

ہائی بلڈ پریشر

ہائی بلڈ پریشر ایک ایسی اصطلاح ہے جو دراصل مرض کی علامات کو ظاہر کرتی ہے۔

**ایل ۳۸** لہمنگ لیبارٹریز فرانس کی تیار کردہ دوا ہے جو دراصل ان علامات کا علاج ہے۔

اگر خون کا Systolic اور Diastolic دباؤ اعتدال سے بڑھ جائے تو اسکا شمار ہائی بلڈ پریشر میں ہوتا ہے۔ ایک جواں سال مرد کا بلڈ پریشر اگر ۱۴۰ / ۹۰ ہو تو اسکو اعتدال کا بلڈ پریشر کہا جائیگا۔ دوران خون میں اگر کسی قسم کی رکاوٹ ہو تو بلڈ پریشر اپنے اعتدال سے تجاوز کر جاتا ہے اور ہر انسان از خود ان علامات کو محسوس کرتا ہے جو بلڈ پریشر کا سبب بنتے ہیں، جن کی تفصیل کچھ یوں ہے :

Essential Hypertension زیادہ ترشدت جذبات رکھنے والے افراد کے علاوہ ان افراد میں بھی پایا جاتا ہے جنکے یہاں یہ مرض موروثی ہے، چالیس سال کی عمر کے بعد وزن کی زیادتی بھی اس کا سبب ہو سکتی ہے۔

Benoga Hypertension کے شکار ایسے افراد ہوتے ہیں جنکی دل کی نالیوں اور رگوں میں سختی پیدا ہو چکی ہو اور نالیاں کسی حد تک بند ہو رہی ہوں ۔ انکے علاوہ اگر شریانوں میں سختی اور انحطاط ہو رگوں میں چکنائی کا انجماد ہو اور انکی لچک موقوف ہو چکی ہو تو ان حالات میں عموماً سر اور کاندھوں میں درد پایا جاتا ہے، چلنے، بھاگنے اور سیڑھیاں چڑھنے میں تنگی تنفس، سر کا چکرانا، نظر کا دھندلا ہونا، سانس کا بعض اوقات رک جانا، دل کا بڑھ جانا، نظر کی کمزوری کیساتھ دیکھنے میں کبھی کبھی دو دو نظر آنا اور جسم کے آدھے حصے میں سن پن کا احساس ہوتا ہے۔

Melignent Hypertension کی بنیادی وجہ گردوں کی ہمہ اقسام کی بیماریاں ہیں، مثلاً گردوں کی سوجن، گردوں میں پتھری، گردوں کا سکڑ جانا، حاملہ خواتین کے آخری دنوں میں گردوں کی کارکردگی موقوف ہونا اور اس وجہ سے دورے پڑنا اور ذیابیطس کی شکایت، گردوں کی کسی بھی خرابی کی وجہ سے پیشاب میں زیادتی، پیشاب میں البومین کا اخراج، آلات بول میں کسی مقام پر پتھری، سوجن، رسولی، پیشاب کا رک جانا۔

**ایل ۳۸** ہائی بلڈ پریشر کی مزید علامات مثلاً اطراف قلب اور سینہ میں درد، بوجھ اور بھاری پن، نبض کی رفتار تیز ہونا بے چینی اور گھبراہٹ والی کیفیت کا بھی علاج ہے۔

**ایل ۳۸** ہائی بلڈ پریشر کی ہمہ اقسام کی ایک مکمل دوا ہے جو ہائی بلڈ پریشر اور ان سے پیدا ہونے والے تمام عوارضات کو دور کر کے صحت بحال کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲ گولیاں دن میں ۳ بار زبان کے نیچے رکھ کر گھلائی جائیں کھانے سے قبل یا بعد

**نوٹ**

امراض قلب والے اس دوا کے ساتھ سولیوڈور قطرے استعمال کریں
امراض گردے والے اس دوا کے ساتھ ایل ٦ استعمال کریں
موٹاپے والے اس دوا کے ساتھ ٹرم گولیاں استعمال کریں

**پرہیز**

ذہنی پریشانی اور جسمانی محنت سے دوری، نمک کم، چکنائی، شراب، تمباکو، چائے، کافی سے پرہیز کریں

L 39 Tablets 60

***Mercurius Sol Complex***

*Rhinopharyngites*
*Sore throats*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Mercurius Sol. | 8 DH |
| Aurum Mur. | 8 DH |
| Kalium Iodatum | 4 DH |
| Natrum Nitricum | 3 DH |
| Natrum Sulf. | 2 DH |
| Kalium Phos. | 3 DH |

# ایل ۳۹

گولیاں ۶۰

**(مرکر رسال کمپلکس)**

ورم حلق، ورم نرخرہ
منہ کی سوزش، چھالے

**ایل ۳۹** وہ خاص گولیاں ہیں جو اندرون منہ و گلے کی ہمہ اقسام کی سوجن، چھالے، سرخی اور کانٹے کی سی چبھن اور درد، ٹھنڈک اور ٹھنڈی اشیاء کے استعمال سے علامات میں اضافہ بعض حالات میں جسم میں ہلکی حرارت، اسکے علاوہ پانی پینے اور خوراک نگلنے میں تکلیف کیلئے جدید ترین تحقیق کے نچوڑ کی صورت میں لہمنگ لیبارٹریز فرانس نے پیش کی ہے۔ اگرچہ انسان کے ہر نظام کی اپنی اپنی خاص اہمیت ہے۔ اور اپنی ذمہ داری ایک تندرست اور مکمل جسم میں پورے طریقے سے سرانجام دیتے ہیں۔ اگر کوئی نظام صحیح کام نہ کرسکے تو دوسرے نظام بھی متاثر ہوتے ہیں اور ان کے اثر انداز ہونے سے انسان بیمار ہو جاتا ہے اور بیمار تر ہوتا چلا جاتا ہے، جب تک کہ اسکا علاج نہ کیا جائے، ان میں حلق، منہ اور اسکے متعلقہ اعضاء کلیدی حیثیت کے حامل ہیں۔ اگر ان میں پیدا شدہ نقائص کو دور نہ کیا جائے تو پورا جسم انکی ناقص کارکردگی کے باعث اثر انداز ہوگا۔ یہ دوائی ان اعضاء میں پیدا شدہ امراض کو دور کرنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتی۔

**ایل ۳۹** کی آزمائش وسیع پیمانے پر ہوئی ہے اور دوا کا رتبہ کہیں افضل ہے۔ اسکی دیگر علامات میں مندرجہ ذیل شامل ہیں۔

- منہ میں خشکی، بدبو
- دانت کی تکالیف
- حلق میں خارش، خشکی
- مسوڑھوں کا پھول جانا
- کوا متورم، سرخ، لمبا
- مسوڑھوں سے پیپ، خون
- تالو اور غدود میں ورم
- آواز کی نالی کا ورم
- زبان کی نوک پر جلن، دانے
- پیاس کی زیادتی

گویا یہ دوا خاص طور پر حلق کی تمام بیماریوں کا کامیابی سے علاج کرتی ہے اور ورم حلق، حلق کی سوزش، منہ کی سوزش اور منہ کا پک جانے سے پیدا شدہ امراض کا سدباب کرتی ہے۔

**ایل ۳۹** مسوڑھوں، دانتوں، نرخرہ اور منہ کی کلی تکالیف کیلئے لہمنگ لیبارٹریز فرانس کی شہرہ آفاق دوا ہے۔ یہ جسم کی تمام اعضاء کے دردوں کو ورمی کیفیتوں میں یا ایسی ورمی کیفیتوں میں جہاں چھونے سے درد چاروں طرف پھیل جائے اکسیر بن جاتی ہے۔ یہ ہر قسم کی سوزش Inflammation میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲ گولیاں دن میں ۳ بار زبان کے نیچے رکھ کر گھلائی جائیں کھانے سے قبل یا بعد
بچے (۶ سال سے بڑے): ایک گولی دن میں ۲ یا ۳ بار

**نوٹ**

پانچ دن سے زائد استعمال کرنے کے لئے مستند معالج سے رجوع کیا جائے

**پرہیز**

بادی اور پیپ پیدا کرنے والی اشیا سے پرہیز کریں

**L40** Drops 30 ml

***Echinacea Complex***

*Localized minor infections states*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Echinacea Ang. | 1 DH |
| Lappa Major | 1 DH |
| Arnica Montana | 3 DH |
| Phytolacca Dec. | 3 DH |
| Mercurius Cor. | 4 DH |
| Nitricum Acid. | 4 DH |
| Scrofularia Nod. | 1 DH |
| Sulfur | 4 DH |

# ایل ۴۰ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (اکینیشیا کمپلکس)

چہرے پر پیپ دار دانے

**ایل ۴۰** چہرے، ناک، کان اور گلے کے اطراف پیدا ہونیوالے تمام پیپ والے پھوڑے، پھنسی اور زخموں کی دوا ہے۔ سر میں نکلنے والے پیپ دار زخم بھی اس دوا کے دائرہ علاج میں شامل ہیں۔

اکثر و بیشتر چہرے، گلے، کان اور ناک پر پیپ والے، رسنے والے اور کھرنڈ کیساتھ دانے نکل آتے ہیں۔ بعض حالات میں ان دانوں سے چپکنے والا پیپ نکلتا ہے، دانے کبھی الگ الگ ہوتے ہیں اور کبھی ایک دوسرے سے منسلک ہو کر پھیل جاتے ہیں، ان میں کھجلی اور جلن بھی ہوتی ہے، بعض دانے بغیر کھجلی اور جلن کے بھی ہوتے ہیں، بعض بغیر پیپ کے بھی ہوتے ہیں جن میں صرف سرخی اور کیل ہوتی ہے، بعض زیادہ ابھار والے بھی ہوتے ہیں۔ یہ تمام درست ہونے پر اپنا نشان چھوڑ جاتے ہیں اور چہرے، ناک، کان، اور گلے پر جہاں کہیں بھی ہوں ایک بد نما داغ چھوڑ جاتے ہیں۔

**ایل ۴۰** مندرجہ بالا تمام اقسام کے دانوں کا ایسا علاج ہے جو نہ صرف ان دانوں کو ختم کر دیتا ہے بلکہ دانوں کی جگہ کے نشانوں کو بھی نہیں رہنے دیتا ہے۔

چہرے، ناک، کان، گلے اور جلد پر کسی قسم کے بھی دانے پیدا ہوں اور خصوصاً اگر ان میں پیپ والے دانے ہوں تو اسکا علاج اس دوا سے یقینی ہے کیونکہ یہ دوا صرف ان مخصوص جسم کے حصوں کیلئے بڑی تحقیق کے بعد تیار کی گئی ہے۔

**ایل ۴۰** خاص طور پر انسان کے نمایاں حصوں کے دانوں کے خصوصی علاج کے طور پر گزشتہ تقریباً پچاس سے زائد سالوں سے زیر استعمال ہے اور یورپ میں اس نے نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد
بچے (دوسال سے بڑے): ۱/۴ یا ۱/۲ خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**

چہرے اور دانے والے علاقے پر عام بازاری کریم استعمال نہ کریں
یاد رکھیئے یہ دانے زیادہ تر عام بازاری کریم کے استعمال سے ہی ہوتے ہیں

**پرہیز**

کھٹی، بادی اور میٹھی اشیاء سے پرہیز کریں

**L 46** Drops 30 ml

*Vespa Complex*

Hyper-sympathicotonia

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Vespa | 4 DH |
| Belladonna | 3 DH |
| Adonis Vernalis | 3 DH |
| Spongia | 3 DH |
| Adrenalinum | 3 DH |
| Lycopus Virg. | 3 DH |
| Arsenicum Iod. | 5 DH |
| Kalium Carb | 4 DH |
| Valeriana | 1 DH |

# ایل ۴۶

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (وسپا کمپلکس)

اعصابی تناؤ، پریشانی، اضطراب
مرگی، ہسٹریا، باؤگولہ

اس حیرت انگیز فارمولہ کا اثر جسمانی و دماغی نظام پر بہت زبردست ہوتا ہے۔ مستورات کی اعصابی تکالیف، ہسٹریا کی کیفیت اور بے خوابی میں نہایت مفید ہے۔ نازک مزاج، غمگین، ہسٹریکل، چڑچڑی، غیر مستقل مزاج، بے حس مستورات جو نچلی نہ رہ سکتی ہوں، ذرا ذرا سی بات پر مشتعل ہو جاتی ہوں، دل کی دھڑکن، ذہنی انتشار کا شکار ہوں، پست ہمت ہوں اور جو ذہنی و جسمانی طور پر آسودہ نہ ہوں اس بیش بہا ٹانک سے مستفید ہوتی ہیں۔

**ایل ۴۶** اعصابی سر درد، پٹھوں میں کھنچاؤ، اعضاء کا سن ہو جانا، پیڑو اور نچلی کمر میں درد، کمزوری، چکر، غشی، متلی، قے، ہذیان، حلق میں گولہ اٹھنے کا اور دم گھٹنے کا احساس اور اندھیرے میں یا اکیلے رہنے سے ڈر دور کرنے کیلئے ایک یقینی دوا ہے۔

**ایل ۴۶** نظام عصبی میں اعصابی مرکزوں پر اثر کر کے ان میں تحریک پیدا کرتی ہے اور ان سے زہریلے مادوں کو بے اثر بنا کر خارج کرتی ہے۔ یہ بے خوابی دور کر کے نیند لاتی ہے، نا قابل علاج ہسٹریا اور مراقی کیفیت ختم کرتی ہے۔ نیز اعصاب کے چوٹوں کے درد بھی اس سے رفع ہو جاتے ہیں۔

**ایل ۴۶** قوت حیات اور اعصابی سکون کیلئے مستورات کا بے بہا ٹانک ہے، یہ دل کے اندر تسکین و تشفی پیدا کر کے غمگینی دور کرتا ہے اور جسمانی و دماغی قوت مدافعت بڑھاتا ہے، یہ مسکن اعصاب و مفرح دماغ ہے اور عورتوں کی تمام ذہنی و نفسیاتی بیماریوں کا علاج ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے دن میں ۳ بار تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے سے قبل یا بعد
بچے (دوسال سے بڑے): 1/4 یا 1/2 خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**

ڈاکٹر کے مشورے سے اس دوا کا زیادہ عرصہ تک استعمال رکھا جائے

**پرہیز**

سرکہ، نمک، چائے اور اس قسم کی تیز اثر اشیاء کا استعمال کم رکھا جائے
نیند پوری کی جائے اور غصے سے سخت پرہیز کیا جائے

**L 47** Tablets 60

***Badiaga Complex***

*Cellulitis*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Badiaga | 4 DH |
| Baryta Carbonica | 4 DH |
| Natrum Sulfuricum | 4 DH |
| Phytolacca Dec | 6 DH |

# ایل ۴۷ گولیاں ۶۰

## (بڈیاگا کمپلکس)

گلے کے غدود کی سوزش اور ورم
موٹاپے اور فربہی کا علاج
لمف غدود کا ورم

یہ فارمولا گلے کے غدودوں کی سوزش، موٹاپا، فربہی، لمف غدودوں کی سوزش اور اسکی وجہ سے ہونیوالی دیگر بیماریوں کیلئے اپنی مثال آپ ہے۔

گلے میں آگے کی طرف ایک غدود ہوتا ہے جو صحت کی حالت میں نظر نہیں آتا لیکن بعض اوقات جسم میں آیوڈین کی کمی کے سبب بڑھنے لگتا ہے اور کبھی اتنا بڑھ جاتا ہے کہ پورے گلے کو گھیر لیتا ہے۔اس غدود کے بڑھ جانے کے مرض کو گھیگا یا غوطر کہتے ہیں۔ جسکے نتیجہ میں بلغمی دانوں کی زیادتی ہو جاتی ہے، آنکھیں ابھر جاتی ہیں، جسم پھول جاتا ہے، پٹھے کمزور ہو جاتے ہیں، ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہیں، دل کی دھڑکن اور دوران خون تیز ہو جاتا ہے، ہاتھ کانپنے لگتے ہیں، پسینے چھوٹنے لگتے ہیں، گرمی کی برداشت نہیں ہوتی، بخار، بدبودار سانس اور گلے کی دوسری تکلیف دہ علامتیں ظاہر ہونے لگتی ہیں نیز عضلاتی عصبی نظام بھی متاثر ہوتا ہے۔

آیوڈین کی کمی اور دل و جگر کی تکالیف، موٹاپے اور فربہی کا سبب بھی بنتی ہے۔ آیوڈین جسم اور دماغ کا ایک لازمی جز ہے جبکہ جگر کی خرابی سے بلغم اور دیگر رطوبتیں زیادہ بنتی ہیں اور جسم میں جمع ہو کر اسکو بدصورت، بھدا اور بھاری کر دیتی ہیں۔خون میں بھی فاسد مادے جمع ہو کر دل کے نظام کو خراب کرتے ہیں۔

**ایل ۴۷** میں آیوڈین حامل اجزا کے علاوہ معدے، جگر اور لعاب دار جھلیوں کی اصلاح کرنے والے اندرونی اعضاء کو مصفّٰی کرنے والے، دل کی ہیجانی کیفیت اور دوران خون کو معمول پر لانے والے اجزا بھی شامل ہیں جن سے سوجے ہوئے غدود پر تناؤ اور تنگی کی سی کیفیت رفع ہو جاتی ہے اور نگلنے کے عمل میں رکاوٹ باقی نہیں رہتی نیز لمف نالیوں کا بگڑا ہوا فعل بحال ہوتا ہے جسکے نتیجہ میں جراثیمی حملوں سے پیدا شدہ بیماریوں سے نجات حاصل ہوتی ہے، یہ گھیگا میں آپریشن سے پہلے ایک بہترین دوا ہے۔ اسکے علاوہ یہ دوا جگر کو ٹھیک کرتی ہے اور بلغم و رطوبت نہیں بننے دیتی بلکہ موجود بلغم و رطوبتوں کو جسم اور خون سے خارج کر کے جسم کو متناسب، سڈول، چھریرا اور چست و چالاک بناتی ہے، وزن کم کرتی ہے، رنگ صاف کرتی ہے۔ دل کی شریانوں پر چڑھی زائد چربی کو گھلا کر معمول پر لاتی ہے اور دل کے دورے سے محفوظ رکھتی ہے۔

**ایل ۴۷** میں شامل اجزا ہومیوپیتھی کے اصولوں پر اس طرح ترکیب دیئے گئے ہیں کہ انکے استعمال سے مطلوبہ نتائج بہتر طور پر حاصل ہوتے ہیں جبکہ عام حالات میں ان بیماریوں کا علاج ہومیوپیتھی کے علاوہ دیگر طریقوں سے تیار کی گئی دواؤں سے مشکل سے ہوتا ہے۔

**ایل ۴۷** کے استعمال سے گھیگا و غوطر اور اسکی تمام زہریلی علامات ختم ہو جاتی ہیں نیز فربہی و موٹاپا دور ہوتا ہے۔ اسکے موثر اجزا غدودی نظام کو ازسرنو تحریک دے کر انہیں درست کرتے ہیں۔ یہ نئی اور دیرینہ جملہ خرابیوں کا مکمل علاج ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲ گولیاں دن میں ۲ سے ۳ بار زبان کے نیچے گھلائی جائیں کھانے سے قبل یا بعد

**نوٹ**

علامات ختم ہونے کے ساتھ دوا کا وقفہ بڑھا دیا جائے اور افاقہ ہونے پر دوا کا استعمال ترک کر دیا جائے
ایک ماہ سے زائد استعمال کرنے کے لئے ڈاکٹر سے رجوع کریں

**پرہیز**

بڑا گوشت، پان، چھالیہ، برف کی ٹھنڈی اشیا اور کھٹی چیزیں استعمال نہ کی جائیں

# L 48 Drops 30 ml

**Symphytum Complex**

*Bones strengthening (Osteoporosis, post-fracture, tender bones, deformities…)*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Symphytum | 8 DH |
| Equisetum Arv. | 2 DH |
| Calendula | 1 DH |
| Asa Foetida | 4 DH |
| Arnica | 4 DH |
| Mercurius Cor. | 8 DH |
| Aurum Mur. | 8 DH |
| Echinacea | 1 DH |
| Sulfur | 4 DH |
| Mezereum | 3 DH |

# ایل ۴۸ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (سمفائٹم کمپلکس)

ہڈیوں کی مضبوطی کیلئے

**ایل ۴۸** ہڈیوں کو تقویت پہنچانے اور انکے کمزور ہونے سے پیدا ہونے والے عوارضات کی دوا ہے۔

انسانی ڈھانچہ جوڑوں اور بافتوں سے منسلک ہے۔ ڈھانچے سے منسلک تمام ہڈیاں مل کر انسان کے وجود کو قائم رکھے ہوئے ہیں۔ ان تمام ہڈیوں کو مضبوط، کارگر اور قویٰ رکھنے کا ایک نظام قدرت کی طرف سے جسم کو عطا کیا گیا ہے۔ لیکن روزمرہ کی زندگی میں رونما ہونے والے حادثات، واقعات ہماری معاشی زندگی، ہماری رہائش اور خوراک، انسانی ڈھانچے کی ہڈیوں کو اور انکی صحتمند کارکردگی کو متاثر کر کے انہیں کمزور اور بیمار کر دیتے ہیں، جسکی وجہ سے ہڈیاں مختلف بیماریوں کا شکار ہو کر کمزور اور نرم ہو جاتی ہیں۔ معمولی سی ضرب سے فریکچر ہو جاتے ہیں، ہڈی کے جوڑ گھسنے لگتے ہیں، ہڈیوں میں درد ہو جاتا ہے، کمر، ریڑھ کی ہڈی، گردن اور مہروں میں درد اور گھسنے کا عمل بھی ہڈیوں کی طاقت کے زائل ہونے کی نشاندہی کرتا ہے۔ اس طرح لمبی ہڈیاں جو ہاتھ اور ٹانگ میں ہوتی ہیں ان کے جوڑوں میں درد، گھسنے کا عمل اور ٹیڑھا ہونا وغیرہ ان کی کمزوری کی علامات ہیں۔

**ایل ۴۸** ہڈیوں کو تقویت دے کر مذکورہ بالا تمام عوارضات سے نجات دلاتی ہے۔ یہ نہ صرف ہڈیوں کو بہم طاقت پہنچاتی ہے بلکہ ان تمام عوارضات سے بھی نجات دلاتی ہے جو ہڈیوں کے کمزور ہونے سے واقع ہوتی ہیں۔

**ایل ۴۸** کے دائرہ شفا میں جبڑے کی ہڈی اور دانت بھی شامل ہیں۔ یہ دانتوں کو نہ صرف قبل از وقت بوسیدہ ہونے سے روکتی ہے بلکہ انکو مضبوط کر کے اپنی جگہ پر مستحکم کرتی ہے۔ جبڑے کی ہڈی بھی اپنی کمزوری کی وجہ سے مختلف عوارضات کا شکار ہو جاتی ہے جن سے نجات اس دوا سے ممکن ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے قبل

بچے (دو سال سے بڑے): ۱/۴ یا ۱/۲ خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**

دانتوں کے علاج کے لئے اس دوا کے ساتھ **ایل ۱۲** کا استعمال بہترین نتائج کا ضامن ہے

**پرہیز**

کھٹی، بادی اور میٹھی اشیا سے پرہیز

# L49 Drops 30 ml

## Nux Vomica Complex

*Indigestions with nausea, vomiting and diarrhea*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Nux Vomica | 3 DH |
| Bryonia | 4 DH |
| China Rubra | 4 DH |
| Ipeca | 4 DH |
| Sulfur | 4 DH |
| Arsenicum Alb | 6 DH |
| Pulsatilla | 4 DH |
| Robinia | 3 DH |

# ایل ۴۹ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (نکس وامیکا کمپلکس)

جسمانی ٹوٹن، نزلہ، کھانسی، بخار
درد سر، مرگی، متلی وقے، بدہضمی

طبیعت کی گراوٹ، جسمانی ٹوٹن، بیمار ہونے کا احساس، نزلہ، کھانسی، بخار، درد سر، چکّر، پٹھوں کا درد، جذباتی تاثرات سے اعصابی تکالیف مثلاً مرگی کے دورے، ہر قسم کے تشنّجی دورے، ماہواری کے درد، حاملہ کی متلی وقے، سفر کے دوران متلی وقے، کالی کھانسی کی قے، سینے کی جلن، بھوک کی کمی، پیٹ کے درد، مروڑ، کثرت ریاح، دست و قبض، پرانی پیچش اور بدہضمی، خاص کر بیٹھ کر کام کرنے والوں کی ہاضمے کی خرابیوں کیلئے اوّلین دوا ہے۔

**ایل ۴۹** معدے اور ہاضمے کی پوری نالی پر اثر کرتی ہے۔ مسلسل دماغی محنت نیز کچّے پھل اور ثقیل و مرغن غذا کے استعمال سے معدے کی خرابیاں مثلاً درد، ورم، اپھارہ، جلن، اینٹھن، تیزابیت، کھٹاس، منہ میں پانی آنا، کھٹی و کڑوی نامکمل ڈکاریں، ہچکیاں، پیاس، بےچینی، ہاضمے کی کمزوری دور ہوتی ہیں۔ یہ ہاضمے کی خرابی کیلئے ایک یقینی دوا ہے۔ اسکے استعمال سے معدے اور آنتوں کی تکالیف کو سکون ملتا ہے کیونکہ یہ معدے کو تقویت بخشتی ہے، بھوک بڑھاتی ہے اور قوت ہاضمہ کو تیز کرتی ہے۔

**ایل ۴۹** متلی وقے کیلئے مفید ترین دوا ہے۔ ایام حمل کی متلی کیلئے جو حمل کے ابتدائی دنوں میں ہوا کرتی ہے اکسیر ہے۔ یہ متلی اس دوا کی چند ہی خوراکوں سے دور ہو جاتی ہے اور تمام زمانہ حمل مریضہ کیلئے تکلیف دہ نہیں رہتا۔ کالی کھانسی کی قے، نیند بھر کر نہ سو سکنے سے تھکاوٹ و متلی اور موٹر کار، بس، ریل گاڑی، بحری یا ہوائی جہاز کے سفر میں مسلسل حرکت کی وجہ سے متلی وقے بھی اسکے دائرہ کار میں آتی ہیں۔

**ایل ۴۹** چھوٹے بچوں کی غمگسار ہے، عام طور پر چھوٹے بچوں کو زکام کے بعد کھانسی ہو جاتی ہے اور سینہ میں بلغم بولنے لگتا ہے، بچہ کھانستا ہے، قے کرنے کی کوشش کرتا ہے، اسکا دم گھٹتا ہے، بلغمی گھڑگھڑاہٹ سنائی دیتی ہے، چہرہ زرد ہو جاتا ہے اور سخت بیمار معلوم دیتا ہے، یہی وقت ہے کہ اس دوا کی چند خوراکیں دے کر بچہ کو ان تکالیف سے نجات دلائی جائے۔ اسکے علاوہ بچوں کے دستوں میں بھی یہ دوا نہایت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد
بچے (۲ سے ۱۲ کی عمر): ۵ قطرے دن میں ۳ بار، دو خورک کے درمیان کم از کم ۴ گھنٹے کا وقفہ ہو

**نوٹ**

یہ دوا ہر اس مرض کے لئے اکسیر ہے جس کے ساتھ متلی وقے کی شکایت ہو۔
بڑے سات دن اور بچے ۵ دن سے زائد استعمال کے لئے ڈاکٹر سے رجوع کریں
دو دن تک علامات برقرار رہنے کی صورت میں مستند معالج سے رابطہ کیا جائے

**پرہیز**

گرم و مصالحہ دار اشیاء سے پرہیز کیا جائے

# L 58 Drops 30 ml

**Grindelia Complex**

*Spleen diseases*
*Post-hepatic*
*Post-infectious asthenia*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Grindelia | 3 DH |
| Arsenicum Album | 8 DH |
| China | 3 DH |
| Capsicum | 4 DH |
| Ceanothus | 4 DH |
| Nux Vomica | 4 DH |
| Aloe | 4 DH |
| Belladonna | 4 DH |
| Chelidonium | 3 DH |
| Lycopodium | 6 DH |

# ایل ۵۸ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

(گرینڈیلیا کمپلکس)

تلّی کی خرابیاں
امراض سے صحت یابی

**ایل ۵۸** تلّی جُملہ امراض کیلئے عُمدہ دوا ہے۔ اسکے علاوہ یہ جسمانی قوتوں کو بڑھانے اور مرض کی طاقت کو توڑ کر بحالی صحت کیلئے بھی مفید ہے۔

**ایل ۵۸** میں دو طرح کی دوائیں شامل ہیں۔ ان میں کچھ براہ راست تلّی پر اثر کر کے اس میں سے بیماری کے اثرات کو ختم کرتی ہیں اور کچھ عام جسمانی نظام کی اصلاح کرتی ہیں، اور جسمانی قوت کو بڑھا کر بیماری کے اثرات کو بڑھنے سے روکتی ہیں اور موجودہ اثرات کو ختم کر کے صحت کی بحالی میں مدد دیتی ہیں۔

**ایل ۵۸** مندرجہ ذیل حالات میں اکسیر ہے:

تلّی کے مقام پر بائیں جانب ہلکے ہلکے اور کاٹنے والے درد جو کولہوں تک جائیں، وقفہ وقفہ سے بخار کی وجہ سے تلی کا بڑھ جانا، ذکی الحسی، انجماد اور سوجن، ملیریا کے بخار کے بعد تلی کا بڑھ جانا اور سخت ہو جانا، تلی کے مقام کا بڑھ جانا اور نرم و ملائم ہو جانا، حاد اور مزّمن دونوں صورتوں کے تلی کے امراض، استسقائی کیفیت، خون کی کمی۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے ۳ دن میں بار روزانہ تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے سے قبل
بچے (دو سال سے بڑے): ۱/۴ یا ۱/۲ خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**

مکمل صحت یابی تک اس دوا کا استعمال رکھیں

**پرہیز**

چکنائی سے پرہیز کریں

# L60

**Drops 30 ml**

***Pulsatilla Complex***

*Menstruation disorders*
*Oligomenorrhea*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Pulsatilla | 3 DH |
| Aconitum | 4 DH |
| Bryonia | 4 DH |
| Mercurius Cor. | 4 DH |
| Sulfur | 4 DH |
| Belladonna | 3 DH |
| Lamium Alb. | TM |
| Natrum Mur. | 4 DH |
| Cuprum Ace. | 4 DH |

# ایل ٦٠

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (پلساٹیلا کمپلکس)

## قلت حیض

**ایل ٦٠** خواتین میں موقوفی حیض کو بحال کرنے کی دوا ہے ۔

**ایل ٦٠** کے زمرہ میں آنے والے حیض کی تفاصیل میں سن یاس کا موقوفی حیض شامل نہیں، لیکن یہ دوا جن مخصوص علامات کا احاطہ کرتی ہے دوسری کوئی شاید ہی اسکے مد مقابل ہو ۔

وہ خواتین جنکے تھائرائڈ کی کارکردگی ناقص ہو یا تھائرائڈ آیوڈین کی مقدار کم بنائے تو ان میں حیض موقوف ہو کر حیض کا وقفہ طویل ہونے لگتا ہے تا آنکہ بالکل بند ہو جاتا ہے۔جسم پھول جاتا ہے، جسے موٹاپے سے تعبیر کیا جاتا ہے، حالانکہ یہ موٹاپا نہیں ہوتا بلکہ حیض کے رکنے کے سبب تمام ہارمونز کی پیداوار غیر متناسب ہو کر جسم کے نظام میں بگاڑ پیدا کر دیتے ہیں۔

**ایل ٦٠** ان حیض والی خواتین کا مکمل علاج ہے جن کا حیض موقوف ہو اور مدت تین دن سے اوپر ہو جائے ۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد
بچے (۱۵ سال سے کم): ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق

**نوٹ**

ایسی خواتین جن کے حیض میں بار بار دن چڑھیں انہیں اس دوا کو ضرور استعمال کرنا چاہیے

**پرہیز**

کھٹی، بادی اور میٹھی اشیاء سے پرہیز کریں

# L 61

**Drops 30 ml**

***Cetraria Complex***

*Infectious respiratory disorders*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Antimonium | 4 DH |
| Ipeca | 4 DH |
| Eucalyptus | 1 DH |
| Cetraria | 1 DH |

# ایل ٦١

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (سٹریریا کمپلکس)

پرانی کھانسی ، پرانا نزلہ

**ایل ٦١** کی علامات پرانا نزلہ، زکام اور کھانسی ہیں۔ لیکن طبّی طور پر یہ الفاظ اس دوا کی جزوی علامات کو ہی ظاہر کرتے ہیں Coryza, Hay Fever, Rhinitis, Influenza, اور Ozaena بھی اس دوا کے حد علاج میں شامل ہیں۔

**ایل ٦١** مندرجہ ذیل امراض کا ایک مکمل اور شافی علاج ہے۔

انفلوئنزا ایک وبائی مرض ہے ، جو اکثر موسم کی تبدیلی کے ساتھ حملہ کرتا ہے۔ اس میں سردرد، ناک سے پتلی رطوبت کا اخراج اور جسم کی حرارت میں اضافہ کے ساتھ درد اور تھکن ہو جاتی ہے۔

Hay Fever اور Rhinitis میں سر درد، بخار کی کیفیت، ناک کا ہمیشہ بھرا رہنا، گاڑھے قسم کی رطوبت کا اخراج ، فضا کی گرد ، دھواں اور پھول کی خوشبو سے ناک کے اخراج میں اضافہ، کھانسی، اور اگر یہ سلسلہ ختم نہ کیا جائے تو اس مرض کا انسان دائمی طور پر شکار ہو جاتا ہے۔ ناک میں گوشت سوج جاتا ہے اور ناک کی ہڈی ٹیڑھی ہو جاتی ہے، ناک سے بدبو آنا شروع ہو جاتی ہے اور ناک کی رطوبت کے ساتھ خون کی آمیزش والے اخراج ہوتے ہیں۔

Coryza میں ناک کا بند ہو جانا، خشکی کا احساس ، کبھی ناک سے پتلے پانی کا اخراج ، بوڑھے افراد میں دل کی دھڑکن کا تیز ہونا، شام کے وقت ناک سے اخراج کی زیادتی یا ناک کا بالکل بند ہو جانا ، جسم میں ہلکی حرارت ، سر درد، ناک کے اوپری حصہ میں بھاری پن ، چھینکیں بے تحاشا یا وقفہ وقفہ سے ، ناک میں سوجن ، ناک میں شدید سوجن ، خارش ، گوشت کا بڑھ جانا، ہڈی کا ٹیڑھا ہو جانا، نوزائیدہ بچوں میں ناک کا بند ہو جانا اور رطوبت کے اخراج کے ساتھ چھینکیں ، بڑوں میں دمہ کی کیفیت اور کھانسی دورے کے ساتھ شامل ہیں۔

Ozaena میں ناک سے رطوبت کا اخراج کے ساتھ خوشبو و بدبو کا احساس جاتے رہنا، کنپٹی میں درد ، ناک کی جڑ میں دباؤ، ناک کے اخراج میں بدبو ، اخراج سبزی مائل ، خون کی آمیزش ، بہت ہی گاڑھا ، بار بار چھینکیں ، ناک میں چیونٹی رینگنے کا احساس ، Sinus میں درد ، کھانسی ، سر میں ٹھنڈی ہوا سے تکلیف ہوتی ہے۔

**ایل ٦١** متذکرہ بالا تمام علامات کی ایک مستند دوا ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد

بچے (۳۰ ماہ سے بڑے): ۵ قطرے دن میں ایک بار

**نوٹ**

بڑوں کیلئے ۱۵ دن اور بچوں کے لئے ۵ دن سے زائد دوا کے استعمال کے لئے ڈاکٹر سے مشورہ کریں

**پرہیز**

ٹھنڈی چیزوں کا استعمال نہ کیا جائے

**L 62** Drops 30 ml

***Kreosotum Complex***

*Symptomatic treatment of loose cough*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Kreosotum | 3 DH |
| Chelidonium | 3 DH |
| Terebinthina | 3 DH |
| Stannum Met. | 8 DH |
| Silicea | 8 DH |

# ایل ۶۲ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (کریازوٹم کمپلکس)

شدید کھانسی

**ایل ۶۲** شدید کھانسی اور سانس کی نالی میں انفیکشن کی دوا ہے۔

وہ سب نالیاں جو ہوا کو پھیپھڑے کے تمام مسام تک پہنچا کر تنفس کے ذریعہ نظام جسم کو برقرار رکھتی ہیں، برانکی کہلاتی ہیں اور انکے نقائص کو برانکائٹس کہا جاتا ہے، جو اس دوا کے دائرہ اثر میں ہے۔

**ایل ۶۲** کی کھانسی خشک ہوتی ہے، بلغم بہت کم نکلتا ہے، زبان پر میلی تہہ ہوتی ہے، گلا خشک رہتا ہے اور سانس کی نالی میں تنگی محسوس ہوتی ہے۔ سگریٹ اور تمباکو نوشی کرنے والے اسکا عموماً شکار ہوتے ہیں۔ دھواں، گرد، ہمہ اقسام کی خوشبو اور مختلف قسم کی گیس سے مرض میں شدت پیدا ہوجاتی ہے۔ گرمی کے دنوں میں افاقہ کے باوجود موسمی تبدیلی بھی تنگیٔ تنفس میں شدت پیدا کرتی ہے۔ عمر کے لحاظ سے مرض میں اضافہ ہوتا رہتا ہے اور تکلیف میں اسی تناسب سے زیادتی ہوتی ہے۔ بعض دفعہ پتلا، لیسدار اور رقیق بلغم بھی خارج ہوتا ہے، سر میں درد کے علاوہ کھانسی کی وجہ سے پسلیوں میں بھی درد رہتا ہے، پھیپھڑے چونکہ مکمل کارکردگی سے محروم ہوتے ہیں لہذا پھیپھڑوں سے مکمل ہوا خارج نہ ہونے کی بنا پر تازہ ہوا کی گنجائش کم ہونے سے سانس لینے میں دقت پیدا ہوتی ہے، جسم کمزور اور ڈھیلا محسوس ہوتا ہے۔

تھکن کا احساس، متلی، قے، سینہ سے گھر گھراہٹ کی آواز، کھانسی دورے کے ساتھ، ہلکا بخار، رات کو لیٹنے سے دم گھٹنا اور کھانسی آنا، کبھی کبھار سینے میں سوئی چبھنے کا احساس، آواز کا بیٹھ جانا، تیز چلنے، سیڑھیاں چڑھنے اور زیادہ محنت سے دم گھٹنا۔ یہ تمام علامات عموماً برانکائٹس میں پائی جاتی ہیں۔

**ایل ۶۲** مذکورہ بالا تمام علامات کی دوا ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار ہر کھانے سے قبل یا بعد

بچے: ۱۲ سال سے کم عمر کے بچوں کو استعمال کرنے کے لئے مستند معالج سے مشورہ کریں

**نوٹ**

مریض کو مکمل آرام اور سکون بہم پہنچایا جائے۔ برانکائٹس اور دمہ علیحدہ علیحدہ امراض ہیں۔ دمہ کی صورت میں ساٹا ہر با قطرے استعمال کیا جائے

۱۰ دن سے زائد استعمال جاری رکھنے کے لئے مستند ہومیو پیتھک ڈاکٹر سے رجوع کریں

**پرہیز**

دہی، ٹھنڈے مشروبات، تمام ٹھنڈی اشیا، بادی، کھٹی اشیا اور تمباکو نوشی سے پرہیز

**L64** **Drops 30 ml**

***Drosera Complex***

*Dry coughs*

| COMPOSITION: | |
|---|---|
| Drosera | 2 DH |
| Ipeca | 4 DH |
| Thymus Vul. | 3 DH |
| Cuprum Ace. | 4 DH |
| Pulsatilla | 3 DH |
| Lobelia Inf. | 3 DH |
| Belladonna | 3 DH |
| Viola Odorata | TM |
| Coccus Cacti | 3 DH |
| Veratrum Alb. | 8 DH |

# ایل ۶۴ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (ڈروسیرا کمپلکس)

کھانسی و کالی کھانسی
سانس کی نالیوں کا ورم

**ایل ۶۴** سانس کی نالی کے تشنّج اور اس سے پیدا ہونے والی ہر قسم کے دورے والی، کالی، تشنجی، سوزشی، خشک و بلغمی کھانسی کا علاج ہے۔ سانس کی نالی سے اس دوا کا گہرا تعلق ہے، چنانچہ کالی کھانسی کیلیئے اسے تریاق قرار دیا جاسکتا ہے۔ اسمیں مختلف قسم کی نہایت موئثر ہومیو پیتھک ادویات جمع کی گئی ہیں تاکہ کھانسی سے جلد چھٹکارا حاصل ہو جائے۔

کھانسی کا آنا عام طور پر سانس کی نالی کی سوزش کی علامت ہوتی ہے جسکی وجہ عموماً نزلہ زکام کا بگاڑ، ناک اور حلق کے غدود کا بڑھ جانا، ٹانسلز کی سوزش، الرجی، ناکافی لباس کی وجہ سے سینے کو ہوا لگ جانا وغیرہ ہوتی ہیں۔ بعض مخصوص قسم کی متعدی بیماریاں بھی سانس کی نالیوں کی سوزش کا باعث بنتی ہیں۔ کالی کھانسی کے تین درجے ہوتے ہیں۔ اوّل نزلاوی کیفیت، دوئم تشنجی بحرانی کیفیت اور سوئم جب کھانسی نزلہ کی کھانسی سے ملتی ہے۔ مگر دوئم وہ کیفیت ہے جب دورے نہایت شدید اور جلد جلد عموماً آدھی رات کے بعد ہوتے ہیں، مریض کھانستے وقت دونوں ہاتھوں سے چھاتی پکڑ لیتا ہے، حلق کے پردہ میں تشنج ہوتا ہے، چہرہ سُرخ ہو جاتا ہے، آنکھوں سے پانی بہتا ہے، چھینکیں آتی ہیں، آنکھوں میں خُون بھر آتا ہے، سانس تھوڑی دیر کیلیئے رکی معلوم ہوتی ہے، کھانسی آخر کار تشنج پر ختم ہوتی ہے اور اسکی شدت کے نتیجہ میں ناک یا منہ سے خون آتا ہے، قے آتی ہے اور کھایا پیا اور بلغم سب کچھ نکل جاتا ہے۔ کھانسی کے ساتھ گلا بھی بیٹھ جاتا ہے۔ وہ علامات جو کالی کھانسی کو معمولی کھانسی سے تفریق دیتی ہیں وہ دوہری سانس کا آنا، سیٹی کی سی آواز کا آنا، کھانسی میں بے اختیار پیشاب پاخانہ کا ہو جانا، تنفس، ہاتھ پیر نیلے ہو جانا، منہ سے خون آنا وغیرہ ہیں۔

**ایل ۶۴** کے استعمال سے سانس کی نالیوں کی خراش، تشنج و سوزش دور ہوتی ہے۔ یہ سانس کی نالیوں سے جراثیمی کارکردگی کو ختم کرتی ہے اور خراش پیدا کرنے والی جراثیمی غلاظتوں اور بلغمی رطوبتوں کو پتلا کر کے خارج کرتی ہے جس سے نالیوں کو سکون ملتا ہے اور سانس کی تنگی دور ہوتی ہے اور سانس لینے میں آسانی پیدا ہوتی ہے۔ یہ حلق کی سوزش رفع کرتی ہے، کھانسی روکتی ہے اور بلغم صاف کرتی ہے۔

**ایل ۶۴** کالی کھانسی کیلیئے مجرب ترین دوا ہے۔ اس میں شامل اجزا کے کالی کھانسی کیلیئے صدیوں سے نیک نام ہونے کی بنا پر اس کی افادیت مسلمہ ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد
بچے (۲ سال سے بڑے): ۱/۲ یا ۱/۴ خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**

وبائی صورت میں کالی کھانسی میں بطور حفظ ماتقدم استعمال کریں۔ یہ دوا ہر قسم کے مضر اثرات سے مبرا ہے

**پرہیز**

کھٹی میٹھی، چکنائی والی، بادی، قابض چیزیں، چاول وغیرہ سے پرہیز کریں، معمولی سادہ، زود ہضم، غذا پر اکتفا کریں، کچی پیاز اور نمک فائدہ مند ہے۔ سینے پر نیم گرم سرسوں کا تیل ملنا فائدہ مند ہوتا ہے

**L 65** Drops 30 ml

*Ipeca Complex*

*Emetic coughs*
*Whooping cough*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Ipeca | 4 DH |
| Senega | 2 DH |
| Hyoscyamus | 3 DH |
| Belladonna | 4 DH |
| Hedera Helix | 1 DH |

# ایل ۶۵ قطرے ۳۰ ملی لیٹر
## (اپیکا کمپلکس)

کالی کھانسی

**ایل ۶۵** کالی کھانسی کا منفرد اور موٴثر علاج ہے۔

دورے والی اور کالی کھانسی دونوں ہی اس دوا کے احاطۂ علاج میں شامل ہیں۔ آلات تنفس میں نزلاوی تحریک اور جراثیمی اثرات کالی کھانسی کا سبب بنتے ہیں۔

کالی کھانسی کے پہلے درجہ کے حملہ میں بخار، نزلاوی تحریک، شدید گھٹن، برانکائٹس اور رات کو شدید کھانسی، یہاں تک کہ متلی و قے ہو جائے۔ یہ کیفیت تین یا چار دن تک بر قرار رہ کر کالی کھانسی دوسرے درجہ میں داخل ہو جاتی ہے جسکی علامات درج ذیل ہیں:

کھانسی دورے کے ساتھ لگا کر تار ۲ منٹ سے ۴ منٹ تک جاری رہتی ہے اور آخر میں ایک مخصوص آواز آتی ہے، دورے کے دوران کھائی ہوئی غذا قے کے ذریعہ برآمد ہو جاتی ہے۔ دورے کے دوران جسم پسینے میں شرابور ہو جاتا ہے، مریض بالکل نڈھال ہو جاتا ہے۔ یہ کیفیت ہفتوں بلکہ مہینوں بر قرار رہ سکتی ہے اگر مناسب دوا نہ دی جائے۔

کالی کھانسی کا حملہ عموماً ایک سال یا اس سے کم عمر بچوں پر شدید ہوتا ہے اور اگر ان بچوں کو مناسب دوا نہ دی جائے تو ان پر غشی کے دورے کے علاوہ دماغی عوارضات پیدا ہونے کا خطرہ بھی ہوتا ہے۔ بچوں کی زبان اکثر سفیدی مائل ہو جاتی ہے، چھینکیں بھی آتی ہیں، بخار رہتا ہے، کھانسی دورے کی صورت میں ہوتی ہے، قے اور متلی عام ہوتی ہے، سانس لینے میں تکلیف کا احساس ہوتا ہے، کھانسی بار بار دورے سے شروع ہوتی ہے۔

**ایل ۶۵** کا مرکب مندرجہ بالا تمام علامات کو پیش نظر رکھ کر تیار کیا گیا ہے۔

**ایل ۶۵** کالی کھانسی کی ایک ایسی دوا ہے جو مریض کو ہر طرح سے سکون بہم پہنچا کر اس مرض کو دور کر دیتی ہے۔

**ترکیب استعمال**
۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار ہر کھانے سے قبل یا بعد
بچے (دو سال سے بڑے): ۱/۴ یا ۱/۲ خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**
شدت کی صورت میں ہر آدھے گھنٹے بعد خوراک دہرائی جائے یہاں تک کہ شدت میں کمی واقع ہو جائے

**پرہیز**
کھٹی اور ٹھنڈی اشیا، مشروبات اور آئس کریم وغیرہ۔ مریض کو مکمل آرام اور سکون بہم پہنچایا جائے

**L 70** Drops 30 ml

## Gelsemium Complex

*Emotional disorders, anxiety (Nerves, stress, minor phobias...)*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Aconitum | 2 DH |
| Arnica | 3 DH |
| Arsenicum Alb. | 4 DH |
| Belladonna | 3 DH |
| Chamomilla | 2 DH |
| Colocynthis | 4 DH |
| Gelsemium | 5 DH |
| Mezereum | 5 DH |
| Nux Vomica | 3 DH |
| Rhus tox. | 8 DH |

## ایل نے

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

(جلسیمیم کمپلکس)

اعصابی درد، سر میں چکر، لرزہ، رعشہ، جذباتیت

**ایل نے** اعصاب کی بے اعتدالیوں سے پیدا شدہ عوارض کی دوا ہے۔ اعصابی درد، متلی اور چکر، پورے وجود یا وجود کے کسی حصہ میں رعشہ و لرزہ، کسی قسم کی حوادث، فکر یا بات سے ایک دم مشتعل ہو جانا، اس کے دائرہ اثر میں آتے ہیں۔ یہ تمام عوارض دراصل اعصاب کے In-coordination اور دماغ سے جاری ہونے والے Impulse میں ہم آہنگی نہ ہونے کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔

**ایل نے** اعصابی درد، لنگڑی کا درد، سر کا درد، چہرے کا درد، جسم کے مختلف پٹھوں کا درد، معدہ میں تناؤ اور درد، گردن اور کندھوں میں درد، مزاج میں افسردگی، کسی حادثہ یا واقعہ کا شدید تاثر جسکی وجہ سے متلی اور چکر، نظام ہاضمہ کا مکمل تباہ ہو جانا، بھوک اور پیاس کا غائب ہو جانا، معدہ میں بھراؤ کا احساس، وجود میں لرزہ، ہاتھ پیر سر اور جسم کے کسی حصہ میں رعشہ، لرزہ اور پھڑکن، جذبات میں شدت، ہر بات پر مشتعل ہو جانا، کسی بھی حادثہ یا واقعہ کے اثر کو آسانی کے ساتھ قبول کرنا اور اس نتیجہ میں بیماری کا شکار ہو جانا، خوف کا احساس، ہمیشہ انجانے انجام سے ڈرتے رہنا وغیرہ کی تمام علامتوں کو دور کرتی ہے۔

**ایل نے** میں شامل تمام ہومیوپیتھک ادویات دراصل ذہن میں محفوظ ناخوشگوار حادثات اور واقعات سے پیدا شدہ عوارض کیلیئے ہیں جن کو یکجا کر کے ایک مفید اور سریع الاثر نسخہ تیار کیا گیا ہے۔ دراصل اعصاب کے متعلق عوارض کسی واقعہ یا حادثہ کے نتیجہ میں جو تاثر ذہن میں محفوظ رہتا ہے اسکے ردّ عمل کے طور پر ظاہر ہوتے ہیں۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد، دورے کی صورت میں: علامات کے مطابق ۱۰ قطرے وقفے وقفے سے دیں، دن میں ۶۰ قطروں سے تجاوز نہ کریں، ۳ ہفتوں سے زائد استعمال کے لئے ڈاکٹر سے مشورہ کریں

بچے (چھ سال سے بڑے): مستند معالج کی ہدایات کے مطابق، (۲ تا ۱۲ سال تک): ۵ قطرے دن میں وقفہ وقفہ سے ہر ۴ گھنٹہ بعد ۵ دن سے زائد استعمال کرنے کے لئے ڈاکٹر سے رجوع کریں

**نوٹ**

علامات بہتر ہونے کی صورت میں دوا کا وقفہ بڑھا دیں اور افاقہ ہونے پر استعمال ترک کر دیا جائے

**پرہیز**

بادی اور ثقیل اشیاء سے خصوصی پرہیز، اس کے علاوہ ٹھنڈے مشروبات، کھیرا اور ترش اشیاء سے پرہیز کریں

**71** Drops 30 ml

***Tarentula Complex***

*Anxiety, nervousness with agitation, sleep disorders (Insomnia, nightmares)*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Tarentula His. | 6 DH |
| Hyosyamus Niger | 3 DH |
| Adrenalinum | 4 DH |
| Ignatia Amara | 6 DH |
| Paeonia Off | 3 DH |
| Stramonium | 3 DH |
| Zincum Val. | 6 DH |
| Cocculus Ind | 8 DH |
| Viscum Album | 1 DH |

**ایل اے** قطرے ۳۰ ملی لیٹر

**(ٹیرنٹولا کمپلکس)**

ذہنی پریشانی

اعصابی دباؤ

**ایل اے** ذہنی پریشانی اور اعصابی دباؤ سے پیدا ہونے والے تمام عوارضات کی دوا ہے۔

زندگی کے عام معمولات میں خدشات اور مستقبل کے اندیشے، ذہنی انتشار، کرب اور ہیجانی کیفیت پیدا کر دیتے ہیں، جسکی وجہ سے ذہنی الجھن اور ڈپریشن میں مبتلا ہو کر انسان بیمار ہو جاتا ہے، ڈر اور خوف چھا جاتا ہے، بلڈ پریشر یا تو گھٹ جاتا ہے یا بڑھ جاتا ہے، نبض کی رفتار بے اعتدال ہو جاتی ہے، دل کی دھڑکن غیر معمولی ہو جاتی ہے، اٹھنے بیٹھنے، چلنے پھرنے سے آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا ہے چکر آتے ہیں، نیند یا تو بالکل نہیں آتی یا کم آتی ہے، نظام ہاضمہ بگڑ جاتا ہے، بھوک ختم ہو جاتی ہے یا غذا کو دیکھ کر جی متلانے لگتا ہے، معدہ اور غذا کی نالی میں کھنچاؤ محسوس ہوتا ہے، موسیقی سے ذہنی تکلیف کے علاوہ مرض کی علامات میں شدت پیدا ہوتی ہے۔

جسم میں عام ناطاقتی کا احساس، طبعیت میں گراوٹ، کام سے نفرت، کچھ نہ کرنے کا میلان، ہر وقت لڑنے جھگڑنے اور غصّہ والی کیفیت، کاروباری زندگی سے نفرت، بعض اوقات جنونی حالت، ہر وقت خوف، اپنے ارد گرد کے لوگوں پر شک و شبہ وغیرہ بھی ذہنی پریشانی اور اعصابی دباؤ کے نتیجہ میں پیدا ہونے والی علامات ہیں۔

**ایل اے** مندرجہ بالا تمام علامات کا احاطہ کرتی ہے، نیز اسکول جانے والے بچوں میں تعلیمی دباؤ اور امتحان کے خوف سے پیدا شدہ عوارضات کو بھی دور کرتی ہے۔

**ایل اے** ایک ایسی دوا ہے جو جدید دور کی عام زندگی سے ماخوذ ذہنی تناؤ اور الجھن سے پیدا ہونے والی تمام علامات اور عوارضات کو رفع کر کے انسان کو پر سکون اور مسرت سے لبریز زندگی سے ہمکنار کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار ہر کھانے سے قبل

بچے (دو سال سے بڑے): ۱/۴ یا ۱/۲ خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**

علاج علامات کے خاتمے تک مسلسل جاری رکھا جائے

**پرہیز**

کھٹی اور بادی اشیاء سے پرہیز

**L 73** Drops 30 ml

*Cocculus Complex*

*Travel sickness*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Cocculus Ind. | 8 DH |
| Vinca Minor | 2 DH |
| Zincum Val. | 6 DH |
| Nux Vomica | 4 DH |
| Pulsatilla | 4 DH |
| Plumbum Ace. | 8 DH |
| Argentum Nit. | 6 DH |
| Glonoinum | 4 DH |
| Belladonna | 4 DH |
| Artemisia Vul. | 1 DH |

# ایل ۷۳ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

(کاکیولس کمپلکس)

دوران سفر کے عوارض

**ایل ۷۳** دوران سفر پیدا ہونے والے عوارضات کی دوا ہے۔

بعض افراد اکثر وبیشتر دوران سفر مختلف بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ سفر چاہے ہوائی ہو، ریل کا ہو، سمندری ہو یا کسی قسم کی بس یا گاڑی کا ہو، عموماً دوران سفر بیمار ہونیوالے افراد کو گھمیری یعنی چکر آتے ہیں، متلی اور قے ہوتی ہے، گھبراہٹ ہوتی ہے، دل کی دھڑکن بے قاعدہ ہو جاتی ہے، نبض ڈوبنے لگتی ہے۔ بعض اوقات معدہ میں دست کی شکایت ہوتی ہے، ٹھنڈے پسینے آتے ہیں اور جسم ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔

**ایل ۷۳** دوران سفر بیماری کی مندرجہ بالا تمام علامات کی ایک مکمل دوا ہے۔

**ایل ۷۳** دوران سفر پیدا ہونے والی تمام علامات کا ایک علاج بھی ہے اور حفظ ماتقدم بھی ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار ہر کھانے سے قبل

بچے (دوسال سے ۱۲سال کی عمر تک): ۱/۴ یا ۱/۲ خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**

سفر سے ۲۴ گھنٹے قبل سے بطور حفظ ماتقدم اور دوران سفر علامات شروع ہونے پر مکمل آرام تک وقفے وقفے سے استعمال کیا جائے

**پرہیز**

سفر سے قبل بھاری غذا سے اجتناب کیا جائے

**L 75** Drops 30 ml

***Amanita Complex***

*Cramps*
*Hiccough*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Amanita Mus. | 4 DH |
| Spigelia | 4 DH |
| Secale Cor. | 6 DH |
| Cicuta Virosa | 6 DH |
| Cuprum Ace. | 6 DH |
| Cantharis | 8 DH |
| China Rubra | 2 DH |
| Chelidonium | 3 DH |
| Dulcamara | 3 DH |
| Echinacea | TM |

# ایل ۷۵ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (امنیتا کمپلکس)

اعصابی رعشہ کا علاج

**ایل ۷۵** آنکھ ، ہاتھ ، پاؤں اور جسم کے مختلف اعصاب کے از خود متحرک ہونے کی دوا ہے ۔

**ایل ۷۵** کے دائرہ علامت میں آنکھوں کی پلکوں کا پھڑکنا بھی شامل ہے، کسی بھی عضو کا پھڑکنا اور غیر ارادی طور پر متحرک ہونا اس کے دائرہ شفاء میں شامل ہے ۔

**ایل ۷۵** کی علامات میں رعشہ بھی شامل ہے ۔ اکثر و بیشتر ایسی علامات سامنے آتی ہیں ، جس میں غیر ارادی طور پر ہاتھ ، پیر ، آنکھ اور جسم کے مختلف اعضاء یا تو پھڑکنے لگتے ہیں یا چند لمحوں کیلئے متحرک ہو جاتے ہیں یہ ان تمام علامات کی دوا ہے ۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار ہر کھانے سے قبل یا بعد
بچے (۲ سال سے بڑے): ۱۰ قطرے دن میں ۳ بار
خوراک کے درمیان وقفہ چار گھنٹہ سے کم نہ ہو
بڑے ۲ ہفتے اور بچے ۵ دن سے زائد دوا کے استعمال کے لئے ڈاکٹر سے رجوع کریں

**نوٹ**

علامات کی بہتری کے ساتھ خوراک کا دورانیہ بڑھا دیا جائے اور مکمل افاقہ ہونے کی صورت میں دوا کا استعمال ترک کر دیں

**پرہیز**

ٹھنڈ سے بچا جائے

# L 78

**Drops 30 ml**

***Oenanthe Complex***

*Hyperactivity (Attention disorders, aggressiveness, sleep disorders, anxiety, rage, school backwardness)*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Oenanthe Cro. | 4 DH |
| Stramonium | 3 DH |
| Nux Vomica | 4 DH |
| Cuprum Ace. | 6 DH |
| Hyoscyamus Nig. | 4 DH |
| Arsenicum Alb. | 6 DH |
| Atropinum Sulf. | 5 DH |
| Cocculus Indicus | 8 DH |
| Arnica Montana | 3 DH |
| Stannum Met. | 4 DH |

# ایل ۷۸

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (اوننتھے کمپلکس)

ذہنی پریشانی کی بناء پر
بے خوابی اور تنفس میں دباؤ

**ایل ۷۸** ذہنی پریشانیوں سے پیدا ہونے والی بے خوابی اور حبس دم کی دوا ہے۔

**ایل ۷۸** اپنی خصوصیات کے لحاظ سے ان تمام عوامل کا احاطہ کرتی ہے جو کسی بھی وجہ سے ذہنی پریشانیوں کی پیداوار ہوں۔ ان میں صف اول میں نیند کا نہ آنا اور سانس میں تنگی کا پیدا ہونا ہے۔

نیند کا نہ آنا بذات خود کوئی بیماری نہیں، بلکہ ذہنی پریشانی، کوفت، اندیشے اور خدشات کی وجہ سے ایسی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے کہ نیند بالکل غائب ہو جاتی ہے، یا اگر ہلکی نیند آئے تو فوراً ٹوٹ جاتی ہے۔ ہر مریض کو اس بات کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ اسے کن پریشانیوں کی وجہ سے نیند نہیں آتی۔ بے خوابی آہستہ آہستہ انسان کو مختلف قسم کے دوسرے عوارض اور خدشات میں ملوث کر دیتی ہے۔ بے خوابی ہر شخص میں اسکی معاشی اور معاشرتی طرز زندگی نیز اسکے معمولات میں خدشات سے ماخوذ ہوتی ہے۔ بے خوابی سے پیدا ہونے والی تمام علامات اور تکالیف بھی جنکی ایک طویل فہرست ہے اس دوا کے احاطۂ علاج میں شامل ہے۔

بعض اوقات پریشانیوں کا عروج اسقدر ہوتا ہے کہ حبس دم یعنی سانس رکنے لگتا ہے اور سانس کی رفتار میں بے اعتدالی کی وجہ سے انتہائی تکلیف کا سامنا ہوتا ہے۔

**ایل ۷۸** ذہنی پریشانیوں سے پیدا ہونے والی تمام علامات اور عوارضات کی واحد دوا ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار ہر کھانے سے قبل یا بعد
بچے (۶ سے ۱۲ سال کی عمر تک): ۱۰ قطرے دن میں تین بار
خوراک کا درمیانہ وقفہ ۴ گھنٹہ سے کم نہ ہو

**نوٹ**

بڑے ایک ماہ اور بچوں کو ۱۵ دن سے زائد دوا کے استعمال کے لئے ڈاکٹر سے مشورہ کریں
زندگی کے معمولات میں اعتدال پیدا کیا جائے

**پرہیز**

کھٹی اور بادی اشیا سے پرہیز کیا جائے

# L79 Drops 30 ml

## Ranunculus Complex

*Rheumatic neuralgic pains: Neck pain, back pain, lumbo-sacralgia, cervico-brachial neuralgia*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Ranunculus | 4 DH |
| Rhododendron | 3 DH |
| Ruta grav. | 8 DH |
| Aconitum | 2 DH |
| Bryonia | 3 DH |
| Gelsemium | 4 DH |
| Colocynthis | 4 DH |
| Terebinthina | 3 DH |
| Gnaphalium | 1 DH |

# ایل ۷۹

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

(رینن کولس کمپلکس)

گٹھیاوی تکالیف

چہرے کے اعصابی درد

**ایل ۷۹** ہر قسم کے گٹھیاوی اور اعصابی درد کیلئے مخصوص و منفرد دوا ہے۔

**ایل ۷۹** گٹھیا کا نہایت موثر علاج ہے۔ گٹھیا میں جوڑوں میں خصوصاً ٹخنوں اور کلائیوں میں درد اور کبھی سوجن ہوتی ہے اور ہاتھ پیر ہلانا دشوار ہوتا ہے۔ گٹھیاوی درد خصوصاً ہاتھوں، انگلیوں، ٹانگوں اور پیروں میں اثر پذیر ہوتے ہیں۔ یہ درد گہرے ہڈیوں میں معلوم ہوتے ہیں اور ہمیشہ وقفہ دیکر آتے ہیں، کچھ دن یا ہفتہ ایک جگہ پر رہ کر غائب ہو جاتے ہیں اور کسی قدر وقفہ کے بعد دوبارہ نمودار ہو جاتے ہیں۔ یہ درد موسم کی تبدیلی سے پیدا ہوتے یا دوبارہ ظاہر ہوتے ہیں۔

**ایل ۷۹** اعصابی درد کی بھی اہم دوا ہے جو عموماً چہرے اور سر میں ہوتے ہیں لیکن کبھی کبھار جسم کے دوسرے مقامات میں بھی ہوتے ہیں۔ یہ درد عضلات یعنی گوشت اور ہڈی میں نہیں ہوتے بلکہ اعصاب میں ہوتے ہیں۔ یہ بعض وقت بالکل غائب اور بعض اوقات بہت شدید اور تکلیف دہ ہوتے ہیں۔ اس دوا کے استعمال سے اعصابی درد کی مندرجہ ذیل کیفیات ختم ہوتی ہیں:۔

﴿سر میں اعصابی درد، بوجھ، چکر، پیشانی میں درد و رینگن، کنپٹیوں میں درد، تپکن و کساؤ کا احساس، چہرے میں اعصابی درد، جھٹکے، ہدّت، سکڑے ہونیکا احساس، ٹھنڈا، نیلا، زرد، منہ کے گرد درد، آنکھوں کے گھیرے کا اعصابی درد، ٹیس، ڈھیلوں میں ٹیس، پپوٹوں میں سرخی و خارش، پانی بہے، ناک میں ٹیس، درد، سُرخی، ورم، سرسراہٹ، رطوبت کی زیادتی، بندش، نتھنوں میں کھُرنڈ، کان میں سوئیاں چُبھنا، درد، بھنبھناہٹ، شائیں شائیں، گھنٹہ کی آوازیں، کیڑے کا احساس، دانتوں کا اعصابی درد، کنپٹی سے نچلے جبڑے اور تھوڑی تک اعصاب ماؤف، مسوڑھوں کی ذکی الحسی، نیلگوں، زخمی، سکڑے ہونے کا احساس، حلق میں درد، خشکی، چھلن، غدودوں میں ورم، منہ میں درد، چھلا ہوا، تھوک کی زیادتی، زبان میں ٹیس اور جلن، ہونٹ نیلے، متورم﴾

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد

**نوٹ**

قبض کو رفع کرنا چاہئے

**پرہیز**

جسم کو گرم رکھا جائے، ٹھنڈک سے بچا جائے

**L 80** Drops 30 ml

*Rhus Tox. Complex*

*Rheumatic pains*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Rhus Tox. | 5 DH |
| Mercurius Corr. | 5 DH |
| Nux Vomica | 4 DH |
| Manganum Acet. | 4 DH |
| Causticum | 6 DH |
| Colchicum Aut. | 4 DH |
| Aconitum Nap. | 3 DH |

# ایل۸۰ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

(رہس ٹاکس کمپلکس)

گٹھیا کے درد

**ایل۸۰** جوڑوں کے درد کی دوا ہے۔

انسانی جسم میں مختلف انداز سے قدرت نے جوڑ رکھے ہیں تا کہ انسان اپنی ضرورت کے تمام عوامل کو پورا کر سکے۔ اگر یہ جوڑ نہ ہوتے تو انسان ایک غیر متحرک ستون کی مانند ہوتا۔ جوڑوں کی وجہ سے انسان میں حرکت کرنے کی صلاحیت پیدا ہوئی۔ یہی وجہ ہے کہ انسانی اعضاء میں وہ جوڑ زیادہ متاثر ہوتے ہیں جو جس قدر زیادہ حرکت میں لائے جاتے ہیں۔ ان ہی جوڑوں میں ٹخنے کے جوڑ، گھٹنے کے جوڑ، کمر کے جوڑ، شانے اور بازو کے جوڑ شامل ہیں۔ اور انہی جوڑوں میں وجع المفاصل یعنی گٹھیا کے درد کی شکایت ہوتی ہے۔ یہ شکایت صرف درد تک ہی محدود نہیں ہوتی بلکہ اکثر و بیشتر ان جوڑوں کے علاقے بالکل سوج جاتے ہیں اور اکثر ان میں اکڑن پیدا ہو جاتی ہے۔ بعض افراد کو گٹھیاوی درد کا بخار بھی ہو جاتا ہے۔ درد انتہائی شدت کیساتھ ہوتا ہے۔ بعض اوقات اگر کسی طرح ٹھنڈک یا ٹھنڈی ہوا لگ جائے تو شدت کیساتھ نشتر کے چبھن والے درد ہوتے ہیں۔ جوڑوں کے ریشے اپنی معمول کی لچک برقرار نہیں رکھ سکتے، جس کی وجہ سے چلنا پھرنا، اٹھنا بیٹھنا تک محال ہو جاتا ہے۔ اور خاص طور پر موسم سرما میں درد کی شدت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

**ایل۸۰** متذکرہ بالا تمام علامات کی ایک موثر دوا ہے۔

**ایل۸۰** اسکے علاوہ مندرجہ ذیل علامات کو بھی دور کرتی ہے:

ٹخنے کا درد، گھٹنے اور کمر کا درد، ایڑی کا درد، ہاتھ کی انگلیوں کا درد، شانے اور کلائی کا درد، جوڑوں میں سوجن، جوڑوں کے ریشوں میں اکڑن، جوڑوں کو موڑنے / حرکت کرنے میں درد، جوڑوں کے درد کا بخار، جسم میں ٹوٹن بھاری پن کا درد۔

**ترکیب استعمال**

مرض کی شدت میں: ۲۰ قطرے ہر گھنٹے بعد تھوڑے پانی میں ملا کر، دن میں زیادہ سے زیادہ ۱۲۰ قطرے
پرانے مرض میں: ۱۰ قطرے دن میں ۳ بار تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے سے قبل یا بعد
بچے: ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق

**نوٹ**

مرض کی علامات برقرار رہنے پر مستند ڈاکٹر سے رجوع کریں

**پرہیز**

جسم کو گرم اور ٹھنڈک سے محفوظ رکھا جائے

**L 81** Drops 30 ml

***Ledum Complex***

*Gout*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Ledum | 3 DH |
| Colchicum | 4 DH |
| China Rub. | 4 DH |
| Ulmus Cam. | 3 DH |
| Benz. Acidum | 2 DH |

# ایل۸۱ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (لیڈم کمپلکس)

پرانا گٹھیا، جوڑوں کی سوجن
جوڑوں کا درد

گٹھیا کی اصطلاح پٹھوں اور ڈھانچے کے نظام سے متعلق ان وسیع تر بیماریوں سے عبارت ہے جنکے اثرات پٹھوں، جوڑوں اور ان کو آپس میں ملانے والے رگ وریشوں، نسوں اور بندھنی تانے بانے سب پر محیط ہے۔ اسکے امراض جسم انسانی میں یورک ایسڈ کی زیادتی اور سیلی سلک ایسڈ کی کمی سے پیدا ہوتے ہیں۔

**ایل۸۱** گٹھیا کیلئے مخصوص و منفرد دوا ہے جو پیشاب کے ذریعے یورک ایسڈ خارج کر کے عضلات اور جوڑوں کی سوجن کو رفع کرتی ہے۔ یہ جوڑوں میں پیدا شدہ نقائص کو بڑھنے سے روکتی ہے اور اپنی تاثیر کے اعتبار سے بافت، اعصاب اور ہڈی کے درد کو دور کرنے میں نہایت مؤثر ہے۔ یہ جسم کے اندرونی حصوں پر براہ راست اثرانداز ہوتی ہے۔

**ایل۸۱** مزمن گٹھیاوی تکلیفات میں بہترین ثابت ہوتی ہے۔ اسکے پابندی کے ساتھ استعمال سے انگلی، انگوٹھے، ہاتھ، کلائی، بازو، گدی، کندھے، کولھے، دیچی، گھٹنوں، پاؤں، اور ٹخنوں کے جوڑوں میں درد، سوزش، ورم، اینٹھن، اکڑن، سکڑن، سختی، کڑکن، گانٹھیں، گٹے، گومڑ، گلٹیاں، ابھار، خارش، جلن، لرزہ، کمزوری، لاغری وماؤفی سب دور ہوتے ہیں۔ نیز اعضاء کا سرخ، سیاہ یا نیلا ہوجانا، سن ہوجانا، سوجانا، مردہ ہوجانا اور ٹھنڈا پڑجانا بھی ختم ہوجاتا ہے۔ اسکے علاوہ اسکے استعمال سے پیشاب اور اسکے اندر رسوب کی مقدار بھی بڑھ جاتی ہے جو راحت و آرام کا باعث ہوتا ہے۔

**ایل۸۱** درد سے نجات دلانے، سوزش کو رفع کرنے والے اور اعصابی تناؤ کو کم کرنے والے اجزا پر مشتمل ہے۔ گٹھیا اور گٹھیا پیدا کرنے والے تمام جسمانی عوامل اسکے دائرہ اثر میں آتے ہیں اور جوڑوں کی سوزش و درد اور تمام متعلقہ شکایات اس سے شفاء پاتی ہیں۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے دن میں ۳ بار تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے سے قبل یا بعد
بچے: یہ دوا فقط بڑوں کے لئے ہے، بچوں کو ڈاکٹر کی ہدایت کے بغیر استعمال نہ کروائیں

**نوٹ**

مرض کی شدت میں ۳ تا ۵ دن جبکہ Maintenance therapy کی صورت میں ۱۵ دن سے زائد استعمال کے لئے ڈاکٹر سے مشورہ کیا جائے

**پرہیز**

جسم کو گرم رکھا جائے

# L 83 Drops 30 ml

## Berberis Complex

Lumbar pains

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Berberis Vulg. | 2 DH |
| Oxalic. Acidum | 8 DH |
| Colchicum Aut. | 3 DH |
| Colocynthis | 3 DH |
| Betula | 1 DH |
| Kalium Carb. | 2 DH |
| Natrum Sulf. | 2 DH |
| Gnaphalium | 2 DH |
| Pulsatilla | 4 DH |
| Terebinthina | 3 DH |

# ایل ۸۳ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (بربرس کمپلکس)

کمر اور ٹانگوں کا درد

جوڑوں کا درد، پسلیوں کا درد

نیا اور پرانا پٹھوں کا درد، کمر کا درد، ہر قسم کے اعصابی درد، گردن اور پیٹھ کی اکڑن، گدی میں درد، کندھوں کے بیچ میں درد، ٹانگوں کا درد، عرق النسّاء یعنی لنگڑی کا درد، جوڑوں کا درد، ایڑی یا دمچی کی ہڈی کا درد، محنت مشقت کی زیادتی سے جسمانی درد، بچوں میں بالغ ہونے کی عمر میں ہونے والا جسمانی اور ہڈیوں کا درد، پسلیوں میں درد، مختصراً ہر قسم کے دردوں میں یہ مفید ہے۔

جسم میں یورک ایسڈ کی زیادتی کے سبب پیشاب میں یورک ایسڈ کی کمی سے بھی اعضاء میں درد ظاہر ہوتے ہیں۔ یہ دوا ایسی حالتوں میں جسم سے یورک ایسڈ خارج کر کے پیشاب کے اندر یورک ایسڈ کی مقدار کو دوبارہ معمول پر لا کر تکلیفات کو رفع کرتی ہے۔

یہ درد کیلئے ایک بہترین دوا ہے اور موسم کی تبدیلی اور ہوا میں رطوبت کے فرق کی وجہ سے ہونے والی جوڑوں، پٹھوں اور ہڈیوں کی تمام بیماریوں کو دور کرتی ہے۔ اسکا اثر ریڑھ کے ستون اور اسکے پردوں پر نمایاں ہوتا ہے۔

**ایل ۸۳** کمر اور ٹانگوں کے درد کیلئے اکسیر ہے۔ کمر کے درد کمر سے تمام جسم کے گرد ہوتے ہوئے ٹانگوں میں آتے ہیں۔ کمر کی پرانی تکلیفات اور ٹانگوں کے درد کیلئے خواہ تھکن سے یا زیادہ بیٹھنے، زیادہ لیٹنے، زیادہ جھکنے یا کسی بھی وجہ سے اور کسی بھی جگہ ہو خاص اثر رکھتی ہے۔ حاملہ مستورات میں جبکہ رحم کا بوجھ اور دباؤ برداشت نہ کرسکتی ہوں اور حیض کے دوران کمر اور پیٹھ کے درد بھی دُور کرتی ہے۔

**ایل ۸۳** عمر میں زیادتی کے سبب جوڑوں کے خشک اور کھردرے ہو جانے کی وجہ سے خاص طور پر بڑے جوڑوں میں درد، گھٹنے اور کولھوں کے جوڑوں کے درد، ریڑھ کے جوڑوں کے درد اور کہنیوں کے جوڑوں کے درد بھی دور کرتی ہے۔

**ایل ۸۳** سے پسلیوں میں گٹھیا کا اثر، مرطوب موسم اور نم جگہ رہنے سے پسلی کے مقام پر درد، پسلیوں کے درمیان اور انھیں ایکدوسرے سے ملانے والے چھوٹے چھوٹے پٹھوں میں اعصابی درد کی شکایت دور ہوتی ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد

**نوٹ**

علامات میں بہتری کی صورت میں خوراک کا وقفہ بڑھادیں اور افاقہ ہونے پر دوا کا استعمال ترک کردیا جائے
۱۵ دن سے زائد استعمال کے لئے ڈاکٹر سے مشورہ کریں

**پرہیز**

متاثرہ حصص کو گرم رکھیں، کھلی جگہ میں سونے اور ٹھنڈے پانی کے غسل سے پرہیز کریں

# L 86

**Drops 30 ml**

*Cistus Canad. Complex*

*Dry dermatosis with fissures*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Cistus Canad. | 3 DH |
| Natrum Phos. | 2 DH |
| Echinacea Purp. | 1 DH |
| Croton Tiglium | 8 DH |
| Viola Tricolor | 1 DH |
| Pulsatilla | 4 DH |
| Arsenicum Alb. | 6 DH |
| Mercurius Corr. | 4 DH |
| Cantharis | 8 DH |
| Juglans | 1 DH |

# ایل ۸۶

قطرے ۳۰ ملی لیٹر

(سسٹس کیناڈ کمپلکس)

سخت خارشی اگیزیما، جلدی زخم وناسور
چہرے کے کیل، دانے، مہاسے

**ایل ۸۶** ہر قسم کے جلدی امراض مثلاً چہرے کی پھُنسیاں، کیل، مہاسے، ہر قسم کا نیا پرانا خارشی اگیزیما، سر یا ڈاڑھی کا داد، جسم کی عام پھنسیاں، چھوت اور سُوزشی پھنسیاں، پیپ دار زخم، پھوڑے، چھالے، جلدی دانے، جلن، خارش، سرخ بادہ، چڈوں ومقعد کی خارش، سرخی و رگڑیں، جلد کا کٹ پھٹ جانا، سرخ ہوجانا، کھجلی، پتی، چھپاکی، ورم، کیڑوں کے کاٹنے کے جلدی اثرات، فنگس کے پیدا کردہ جلدی امراض، ہر قسم کے زہریلے اثرات، نہ مندمل ہونے والے زخم، پرانی سوجن، کان کا متواتر بہنا مسوڑھوں کے زخم وغیرہ کیلئے اکسیر ہے۔
جلدی بیماریاں عام طور پر جسم کے دوسرے حصوں کی خرابی صحت کا نتیجہ ہوتی ہیں۔ گو کہ بہت سی ایسی ہوتی ہیں جو عام دواؤں سے ٹھیک ہونے کا نام نہیں لیتیں لیکن ان میں سے صرف چند ہی ایسی ہوتی ہیں جو مہلک ثابت ہو سکتی ہیں۔ بہت سے لوگوں کو یہ بات عقل سے بالاتر نظر آتی ہے مگر درحقیقت جلدی بیماریوں کا علاج ایک پینے والی دوا ہی سے ہونا چاہیئے تاکہ مرض کے اسباب کو اندرونی طور پر پوری طرح رفع کیا جاسکے نہ یہ کہ انہیں خارجی استعمال کے مرہم وغیرہ کی مدد سے جلدی سطح سے واپس جسم میں دھکیل دیا جائے تاکہ وہ کچھ مدت بعد اسی جگہ یا جسم کے کسی اور حصہ پر دوبارہ ظاہر ہوں۔

**ایل ۸۶** خصوصاً نوجوان لڑکیوں میں چہرے کو بدنما کر دینے والی ان پھنسیوں اور دانوں پر براہ راست اثر کرتی ہے جس میں زخم بن جاتے ہیں، پیپ پڑ جاتی ہے اور اچھا ہونے پر بھی چہرے پر نالی کی طرح کے ٹیڑھے میڑھے تھیلی نما نشانات باقی رہ جاتے ہیں۔ جسمانی نشوونما کے ذمہ دار غدودوں کے فعل کی بے قاعدگی کی وجہ سے جوانی کی عمر میں یہ شکایت عام ہوتی ہے۔ اس خرابی کو دور کرنے کیلئے اس دوا میں ایسے اجزا شامل ہیں جو خاص کر جسمانی نشوونما میں حصہ لینے والے غدودوں کے فعل کو ٹھیک کرتے ہیں اور جلد کے خلیوں کو آپس میں ایک دوسرے سے ملانے والے مادوں کو طاقت دیتے ہیں۔ اس فارمولے میں شامل دوسرے اجزاء خالص جلدی امراض میں انتہائی موثر ہیں اور خاص طور پر جلد میں پیپ پڑ جانے اور پیپ دار دانوں کیلئے مفید ہیں۔ اسکے علاوہ جلد کو ملائم، نرم و چکنا بناتے ہیں اور اسمیں تازگی کا تاثر پیدا کرتے ہیں۔

**ایل ۸۶** سوزش کو کم کرنے، زہریلے مادوں کو زائل کرنے، نظام جسم کو تحریک دینے اور جسم کے ٹشوز کو مضبوط بنانے والے اجزا کی حامل دوا ہے۔ یہ جلدی ٹشوز کی قوت مزاحمت اسقدر بڑھا دیتی ہے کہ جراثیم اس پر بے اثر ہو کر رہ جاتے ہیں۔ یہ مصفّی خون ہے اور سوجن اور ورم کو تیزی سے تحلیل کرتی ہے اور جراثیمی مادوں کو جلد پکا کر خارج کرتی ہے۔ اس فارمولے کی تمام دوائیں ہومیوپیتھک اصول پر، جلدی امراض کو اندرونی عمل کے ذریعے جسم سے باہر دھکیل کر مکمل اور مستقل طور پر ختم کرتی ہیں۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد
بچے (۲ سال سے بڑے): ۱/۲ تا ۱/۴ خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**

چہرے اور دانے والے علاقہ پر عام بازاری کریم استعمال نہ کریں

**پرہیز**

بڑے گوشت، تلی ہوئی اور روغنی چیزوں سے پرہیز کریں کیونکہ ثقیل اور بادی غذائیں پیپ کی پیدائش بڑھاتی ہیں
متاثرہ حصص کو صاف ستھرا رکھا جائے مٹی نہ جمنے دی جائے۔ بچے کو زمین پر نہ کھیلنے دیا جائے

**L 87** Drops 30 ml

*Scabiosa Complex*

*Superficial dermatosis with pruritus*

| COMPOSITION: | |
|---|---|
| Scabiosa | 3 DH |
| Bellis Pernnis | 3 DH |
| Viola Tricolor | TM |
| Camphora | 3 DH |
| Arsenicum Iod. | 4 DH |
| Hydrastis | 5 DH |
| Dulcamara | 1 DH |
| Croton Tig. | 8 DH |
| Sambucus Nig. | 3 DH |
| Natrum Phos. | 3 DH |
| Sulfur | 4 DH |

# ایل ۸۷ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

(اسکا بیوسا کمپلکس)

خارش اور کھجلی

**ایل ۸۷** خارش اور کھجلی کی مخصوص دوا ہے۔

**ایل ۸۷** ایسی خارش کی دوا ہے جس میں جلد پر کوئی دانہ یا زخم یا پھنسی پھوڑا نہیں ہوتا لیکن جسم کے مختلف حصوں میں ہر وقت خارش ہوتی ہے اور کھجاتے کھجاتے وہاں دانے اور زخم نمودار ہوجاتے ہیں۔ خارش کی جگہ پر شدید گرمی، جلن اور سوزش کا احساس ہوتا ہے۔ یہ خارش دن رات ہر وقت ہوتی ہے، گرمی، ٹھنڈک اور رات کو سوتے وقت بھی خارش ہوتی رہتی ہے۔ بعض افراد کو نہانے سے سکون ملتا ہے اور بعض کی خارش کی شدت میں اضافہ ہوتا ہے۔ بستر کی گرمی سے بھی خارش کی شدت میں اضافہ ہوتاہے۔ کپڑے اتارنے سے خارش، خواتین اور مردوں کے اعضاء مخصوص پر شدت کی خارش، گرمی سے خارش میں شدت، مقعد میں شدید خارش، جسم پر چیونٹیاں رینگنے کا احساس، اس دوا کی نمایاں علامات میں شامل ہیں۔

بہت سی وجوہات کے ساتھ ساتھ ذیابیطس، یرقان یا خون میں یورک ایسڈ کی زیادتی بھی اس شدید خارش کا سبب بنتے ہیں۔ خون کی کمی اور دوران حمل بھی خارش کی شدت ہوسکتی ہے۔ بعض افراد اونی اور کھردرے کپڑوں کے استعمال سے بھی خارش کا شکار ہوجاتے ہیں۔

**ایل ۸۷** ایسی صورت میں مکمل علاج کی حیثیت رکھتی ہے، جب جسم کے کسی بھی حصہ میں بغیر کسی دانے کے کسی بھی وجہ سے خارش اور کھجلی ہو۔

**ترکیب استعمال**
۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار ہر کھانے سے قبل
بچے (۲ سال سے بڑے): ۱/۲ تا ۱/۴ خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**
صحت مند ماحول کو برقرار رکھا جائے

**پرہیز**
بادی اشیاء کے علاوہ بینگن، مچھلی اور انڈے سے پرہیز کریں

**L88** Drops 30 ml

**Euphorbium Complex**

*Oral/labial herpes (Cold sores)*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Euphorbium | 4 DH |
| Mezereum | 4 DH |
| Petroleum | 4 DH |
| Arsenicum Iod. | 6 DH |
| Rhus Tox | 4 DH |
| Berberis Aqu. | 1 DH |
| Acid. Nitricum | 4 DH |
| Anacardium | 6 DH |
| Nat. Salicylicum | 4 DH |

# ایل ۸۸ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (یوفوربیم کمپلکس)

پیپ دار دانے، جلدی چھالے
لاکڑا کاکڑا، پتی کا اچھلنا

**ایل ۸۸** جلد پر پیپ والے دانوں، جلدی چھالوں، لاکڑا کاکڑا اور پتی کے اچھلنے کی دوا ہے۔

**ایل ۸۸** کے زمرہ علاج میں تمام ایسے دانے جو سوئی کی نوک کے برابر سے لے کر مٹر تک کے بڑے ہوں، جن میں پیپ بھری ہو اور اس کے گرد سرخی ہو، شامل ہیں۔ انکے علاوہ مختلف اقسام کے دانے جس میں لاکڑا کاکڑا، جلدی چھالے، پتی کا اچھلنا، ایگزیما کے الگ الگ دانے، Herpes Simplex, Herpes Zoster اور انکے علاوہ مختلف اقسام کے ابھار اور پیپ والے دانے، Dermatitis, Chicken Pox, چاہے ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہوں یا الگ الگ ہوں، شامل ہیں۔

Herpes Zoster میں پہلے شدت کے بخار، اسکے بعد تیسرے یا چوتھے دن انتہائی تکلیف دہ دانے جلد پر نمودار ہوتے ہیں، جن میں پیپ بھری ہوتی ہے۔ چھٹے یا ساتویں دن یہ دانے سکڑ جاتے ہیں اور ان پر کھرنڈ آجاتی ہے۔ ان دانوں کی جگہ پر داغ نمودار ہوتے ہیں جن میں سن پن پایا جاتا ہے۔ اس جگہ سوئی چبھوئی جائے تب احساس ہوتا ہے ورنہ جگہ بے حس ہوتی ہے۔ زندگی کی عام محنت ومشقت کے دوران اس جگہ شدید درد ہوتا ہے۔ یہ اعصابی نظام کو بھی متاثر کرتے ہیں اور بعض اوقات جسم کے فالج کا سبب بنتے ہیں۔

Herpes Simplex عام طور پر بچوں کو ہوتا ہے اور اسکی علامات بھی مذکورہ علامات کے مماثل ہوتی ہیں۔ Chicken Pox ایک عام مرض ہے جس سے عام فرد واقف ہے۔ Dermatitis مختلف اقسام کے جلدی پھوڑے پھنسیاں اور پیپ دار پھوڑں کی اصطلاح ہے، جو عام طور پر مختلف اقسام کی ادویات کے استعمال کے ردعمل کے طور پر نمودار ہوتے ہیں۔

**ایل ۸۸** سے مندرجہ بالا تمام اقسام کے پیپ دار دانے، جلدی چھالے، لاکڑا کاکڑا، پتی کا اچھلنا اور پھوڑوں کا علاج ممکن ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد
بچے: (۱۲ سال سے کم عمر): ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق

**نوٹ**

۱۰ دن سے زائد دوا کے استعمال کے لئے مستند معالج سے مشورہ کریں
علامات بہتر ہونے کی صورت میں خوراک کا وقفہ بڑھا دیں اور افاقہ ہونے پر دوا کا استعمال ترک کر دیا جائے

**پرہیز**

بادی اشیاء، بینگن، تیز مرچ، مصالحہ وغیرہ سے پرہیز کریں

**L 89** Drops 30 ml

***Calendula Complex***

*Healing of wounds and burns*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Calendula Off. | 1 DH |
| Sarsaparilla | 1 DH |
| Clematis Vit. | 1 DH |
| Arnica Mont. | 3 DH |
| Ruta Grav. | 8 DH |
| Hamamelis | 2 DH |
| Bellis Perennis | 2 DH |

# ایل ۸۹ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (کیلنڈولا کمپلکس)

ہر قسم کے زخم، جھلسی ہوئی جلد اور گھاؤ کے بھرنے کیلئے

**ایل ۸۹** ہر قسم کے زخم کو سکھا کر خشک کرنے کا مجرب نسخہ ہے۔

**ایل ۸۹** جلنے کے سبب پیدا ہونے والے زخم کی بھی دوا ہے۔ جلنے کے اسباب مثلاً آگ، گرم سیال اشیاء، گرم تیل، گرم پانی یا گرم پگھلی ہوئی معدنی اشیاء یعنی ہمہ اقسام کی گرم اشیاء جن سے جلد اور جسم کے کسی بھی حصہ پر زخم آجائے تو اس دوا کے استعمال سے زخم مندمل ہو کر جلد کو مکمل صحت حاصل ہوتی ہے۔

اس کے علاوہ اگر کسی ضرب سے زخم پیدا ہو جائے، کسی تیز آلہ، چوٹ، نوکیلی اور دھار دار اشیاء وغیرہ سے زخم آجائے تو ان زخموں کو مکمل طور پر مندمل کرنے کے لئے اس دوا کو فوری طور پر استعمال کیا جانا چاہیئے۔

**ایل ۸۹** جلد کے پھٹنے اور کٹنے یا چیرا لگنے کی صورت میں بھی استعمال میں لائی جانی چاہیئے آپریشن کے بعد زخم جلد ٹھیک کرنے کیلئے بھی اس دوا کو استعمال کرنا چاہیئے۔

**ترکیب استعمال**: ۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار ہر کھانے سے قبل یا بعد
بچے (۲ سال سے بڑے): 1/2 تا 1/4 خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**: اس دوا کا استعمال مکمل صحت یابی تک جاری رکھا جائے

**پرہیز**: کھٹی اور میٹھی اشیاء سے پرہیز کیا جائے

## L 95 Drops 30 ml

*Tamarindus Complex*

*Gastric hyperacidity*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Tamarindus | 3 DH |
| Robinia | TM |
| Solanum Tub. | TM |
| Nux Vomica | 4 DH |
| Natrum Carb. | 3 DH |

## ایل ۹۵ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

(تمارندس کمپلکس)

معدہ کی تیزابیت

**ایل ۹۵** شدید تیزابیت اور اس سے پیدا ہونے والی عوارضات کی دوا ہے۔

تیزابیت بہت سارے عوارضات پیدا کرتی ہے، جو اپنی جگہ مستقل مرض کی حیثیت اختیار کر لیتے ہیں، یہ دراصل خوراک کی بے اعتدالی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔ مثلاً غذا کی زیادتی، تیز مرچ مصالحہ والی غذا، زیادہ چربی، گھی اور روغن دار غذا، چائے کافی کا زیادتی کے ساتھ استعمال وغیرہ۔

پیٹ کا پھولنا، کھٹی ڈکاریں، سینے کی جلن، خوراک کے بعد سینے پر بوجھ، غذا کے درمیان میں پھنسے رہنے کا احساس، بدہضمی، معدہ میں گڑگڑاہٹ کی آواز، معدہ میں سختی اور تناؤ، کبھی پتلے دست، پاخانہ میں جلن اور گرمی کا احساس، اطراف قلب درد، سانس لینے میں رکاوٹ، گردن اور کندھوں میں درد، سردرد وغیرہ، تیزابیت کی علامات ہیں۔

**ایل ۹۵** تیزابیت سے متعلق مندرجہ بالا تمام علامات کو دور کرنے کی اعلیٰ دوا ہے۔

**ایل ۹۵** شدت تیزابیت اور اس سے پیدا ہونے والی تمام عوارضات کا ایک مکمل علاج ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد

بچے (۲ سال سے بڑے) : 1/2 تا 1/4 خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**

مکمل افادیت کے حصول کے لئے غذائی احتیاط اشد ضروری ہے

**پرہیز**

تیز مرچ اور چکنائی والی اشیاء سے پرہیز کیا جائے

# L 96 Drops 30 ml

***Basilicum Complex***

*Gastrointestinal disorders with flatulences*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Nux Vomica | 4 DH |
| Vinca Minor | 3 DH |
| Asa Foetida | 3 DH |
| China Rubra | 3 DH |
| Chamomilla | 3 DH |
| Sulfur | 4 DH |
| Lycopodium | 4 DH |
| Colchicum | 4 DH |
| Belladonna | 3 DH |

# ایل ۹۶ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (بسی لیکم کمپلکس)

معدے اور انتڑیوں کا ورم، السر
نفخ، اپھارہ، پیٹ پھولنا

معدے اور آنتوں کی سوزش نو عمری اور ادھیڑ عمری میں عام ہوتی ہے۔ عموماً یہ خیال کیا جاتا ہے کہ غذائی بے اعتدالیوں اور ان جگہوں سے متعلق اعصاب کے فعل میں گڑبڑ سے یہ اعضاء جلد جلد سکڑتے، پھیلتے ہیں جو السر اور اپینڈی سائٹس کا موجب ہوتا ہے۔

**ایل ۹۶** ایسی حالت میں بہت مددگار ثابت ہوتی ہے۔ ڈاکٹروں کی بتائی ہوئی غذا اور نفسیاتی مشاورت کے علاوہ اس مرض کے علاج میں اس دوا کی بہت اہمیت ہے۔ یہ معدے کے زخم کی خاص دوا ہے جو نہ صرف تیزابیت کو معمول پر لاتی ہے بلکہ ناسور کو ختم کرتی ہے۔ یہ معدے اور آنتوں کے افعالی نقص و بے قاعدگیاں دور کرتی ہے۔ اسمیں شامل بہت سے مختلف اجزاء سوزش اور خراش پر قابو پالیتے ہیں، جراثیموں کا خاتمہ کر دیتے ہیں، زخم کو بھرنے میں مدد دیتے ہیں۔ معدے کے عروق کی پیدائش کو معمول پر لاتے ہیں، معدے اور آنتوں کی کمزوری دور کرتے ہیں اور پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کر دیتے ہیں۔

**ایل ۹۶** شکم کے شدید اپھار و سختی، درد، ورم، جلن، مروڑ، ریاحی بدہضمی، کمزوریٔ معدہ، بھوک کی کمی، کھٹی ڈکاریں، دست وقبض، پیچش، سردرد، متلی اور قے نیز اجتماع ریاح یا اسکے بکثرت اخراج میں مفید ہے۔ اسکا استعمال پورے شکمی احاطہ میں نفخ اور اپھارے کی کیفیت ختم کر دیتا ہے۔ اس سے پیٹ کی تمام شکایات ختم ہو جاتی ہیں۔ تشنج سے نجات ملتی ہے صفرا اور دیگر معاون ہضم رطوبات کے اخراج کی کمی کی وجہ سے غذا پورے طور پر ہضم نہ ہونے کے باعث جو گیس پیدا ہوتی ہے اس صورتحال کو ختم کر دیتی ہے، نیز آنتوں اور معدے کی سوزش اتر جاتی ہے۔

یہ دوا معدے کو تقویت بخشنے، بھوک بڑھانے، قوّت ہاضمہ کو بڑھانے اور ریاحی تکالیف کے واسطے اکسیر ہے۔ یہ آنتوں کی رطوبتوں کو بڑھاتی ہے اور آنتوں میں ورم و زخم دور کرتی ہے۔

**ایل ۹۶** چھوٹے بچوں کے درد شکم، اپھارہ اور ریاحی تکلیفات کے لئے بھی ایک بہترین دوا ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے دن میں ۳ بار تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے سے قبل یا بعد
بچے (۲ سال سے بڑے): 1/2 تا 1/4 خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**

چونکہ یہ حد درجہ کی تیزابیت اور معدے کی جلن دور کرنے کے لئے اکسیر ہے اس لئے یہ دوا معدہ میں آکلہ کے مریضوں کے لئے بھی مفید ثابت ہوتی ہے

**پرہیز**

مصالحہ دار اور بھنی ہوئی خوراک استعمال نہ کی جائے

**L 98** Tablets 60

***Argentum Complex***

*Digestive disorders*
*Heartburn, acid reflux*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Argentum Nit. | 4 DH |
| Bismuthum Sub. | 8 DH |
| Atropinum Sulf. | 5 DH |

# ایل ۹۸

گولیاں ۶۰

## (ارجنٹم کمپلکس)

اعصابی وجوہ سے ہاضمہ کی خرابیاں
معدہ اور بڑی آنت کے زخم

چند ہی لوگ ایسے ہوتے ہیں جن کا ہاضمہ اچھا ہوتا ہے جبکہ بیشتر لوگ بدہضمی کا شکار رہتے ہیں۔ نظام ہضم کی بیشتر تکالیف اعصابیت کا نتیجہ ہوتی ہیں۔ فکرمندی، تھکاوٹ، غُصّہ، پریشانی اور خوف وغیرہ نظام ہاضمہ کی کارکردگی میں خلل ڈالتے ہیں اور معدے کی سوزش کا باعث بنتے ہیں۔ معدے کی سوزش کے ساتھ ساتھ اگر آؤں یعنی معدے کی حفاظت کرنے والے لعاب میں کمی پیدا ہو جائے تو یہ معدے اور بڑی آنت میں زخم پیدا کرنے کا باعث بن سکتے ہیں

**ایل ۹۸** اپنی نوعیت کی واحد دوا ہے جس کا اثر نظامِ ہاضمہ پر نُمایاں ہے۔ یہ معدے اور آنتوں کے زخم کیلئے بھی اکسیر ہے۔ اس فارمولے کا ایک جز بسمتھ آنتوں پر فلم کی سی ایک تہہ جما دیتا ہے جو زخم پر پٹی کا کام کرتی ہے اور اس سے برسوں پرانے زخم ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

**ایل ۹۸** مندرجہ ذیل علامات کو دور کرنے کیلئے بے مثال ہے :

معدے میں تیزابیت، جلن، درد، ورم، زخم، آنتوں میں اپھارہ، پھٹن، سکڑن، ورم، زخم، شدید بدبودار ترش ڈکاریں، بدبودار ریاح کا کثرت سے اخراج، منہ کا ذائقہ کڑوا، بھوک کی کمی، پیاس زیادہ، غذا کی نالی میں درد و سکڑن کا احساس، کھانے کے بعد متلی، قے، کمزوری، شکم میں درد، نفخ، ریاحی اپھارہ، گرگراہٹ، تشنج، بےچینی، تھکن، پریشانی، قبض، جگر اور ناف کے گرد درد، سینہ میں جلن، پانی جیسے دست، زرد، سبز، بدبودار

**ایل ۹۸** پورے نظام ہضم کی اصلاح کرتا ہے، جس سے خوراک پورے طور پر جزوبدن ہو کر بیماری کا احساس ختم کرتی ہے اور عام صحت پر خوشگوار اثرات مرتب کرتی ہے نیز رطوبتوں کا اخراج کے عمل کو منضبط کر کے زخم بننے کے عوامل پر قابو پاتی ہے اور موجود ناسور کو ختم کرتی ہے۔ یہ معدہ اور آنتوں کیلئے مقوی دوا ہے اور شکم کے آپریشن کے بعد پیدا شدہ تکالیف میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲ گولیاں دن میں ۳ بار کھانے سے ایک گھنٹہ قبل یا بعد زبان کے نیچے گھلائی جائیں
(تکلیف کی صورت میں ۲ گولیاں دن میں ۴ بار)
بچے (۶ سال سے بڑے): ایک گولی ۲ تا ۳ بار

**نوٹ**

علامات بہتر ہونے کی صورت میں خوراک کا وقفہ بڑھا دیں اور افاقہ ہونے پر دوا کا استعمال ترک کر دیا جائے
دو ہفتہ سے زائد استعمال کرنے کے لئے مستند ڈاکٹر سے رجوع کریں

**پرہیز**

بادی، مصالحہ دار، تلی ہوئی اشیاء اور تمباکو سے پرہیز کریں
ٹھنڈی اشیاء، شکر، دودھ، چائے کا استعمال کم رکھیں

**قابل توجہ**

بدہضمی بہت زیادہ تکلیف دے رہی ہو تو غیر منہضم غذا کو منہ کے ذریعے خارج کر دینا بھی ایک فوری علاج ہے۔
غذا ہمیشہ آہستہ آہستہ اچھی طرح چبا کر کھائیں اور وہ غذا استعمال کریں جو باآسانی ہضم ہو سکتی ہو

# L 99

**Tablets 60**

***Selenium Complex***

*Physical overwork*
*Sexual asthenia*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Selenium Met. | 3 DH |
| Aurum Mur. Nat. | 4 DH |
| Chininum Sulf. | 4 DH |
| Ferrum Phos. | 3 DH |
| Natrum Carb. | 3 DH |
| Ginseng | 4 DH |
| Kola | 3 DH |
| Conium Mac. | 4 DH |
| Damiana | 4 DH |

# ایل ۹۹

گولیاں ۶۰

(سیلینیم کمپلکس)

جنسی کمزوریاں
نامردی

**ایل ۹۹** ہمہ اقسام کی جنسی کمزوری اور نامردی کی ایک مکمل دوا ہے۔

جنسی کمزوری و نامردی ایک جامع اصطلاح ہے جسکی مکمل تشریح و وضاحت کے بغیر اس دوا کی صحیح افادیت کا اندازہ نہیں ہوسکتا۔ جنسی کمزوری اور نامردی سے مراد وہ کیفیت ہے جس میں عضو ڈھیلا ہو کر ناقابل دخول ہو جاتا ہے۔ اسکی بہت ساری وجوہات میں سے چند یہ ہیں : خود لذتی کی عادت، کثرت مجامعت، اغلام بازی، ذیابیطس، نشہ آور ادویات کا استعمال، محرک ادویات کا غیر ضروری استعمال وغیرہ۔

مکمل یا جزوی نامردی کے علاوہ منی کے قطروں کا اخراج پیشاب سے قبل یا بعد، کثرت احتلام، خود لذتی کی وجہ سے عضو کا جزوی یا مکمل ٹیڑھا پن، قوت باہ میں کمی یا مکمل خاتمہ، سرعت انزال، خیالات کی پراگندگی، وقتِ خاص عضو کا ڈھیلا ہو جانا، دخول سے قبل انزال یا عضو سے مس ہونے یا دخول کے ساتھ انزال، صدمات کی وجہ سے نفسیاتی طور پر معزول محسوس کرنا، بار بار کوشش کے باوجود استادگی کا نہ ہونا یا نا مکمل ہونا، بار بار شرمندگی اور شرمساری کی وجہ سے مکمل یا جزوی نامردگی، عضو کا سرد اور ڈھیلا ہونا، بے وقت نفسانی خواہشات کا دباؤ اور اخراج منی، گزشتہ زندگی کی بے راہ روی کی وجہ سے جنسی کمزوری اور منی کے ٹپکتے رہنا۔ عمر کی زیادتی کی وجہ سے جنسی کمزوری اور خستگی جو جنس مقابل کی خواہشات کو نامکمل چھوڑ دے وغیرہ، اس دوا کے دائرہ اثر میں آتے ہیں۔

**ایل ۹۹** ایسی تحقیقی ادویات پر مشتمل ہے جنکی افادیت جنسی کمزوری دور کرنے کیلئے حتمی درجہ رکھتی ہے۔ یہ بات ذہن نشین کر لینا ضروری ہے کہ جنسی کمزوری کیلئے یہ اعلیٰ ترین فارمولا ہے۔

**ایل ۹۹** وہ دوا ہے جو جزوی یا مکمل جنسی کمزوری و نامردی کی کیفیت کو سدھار کر جنسی بحالی کی طرف لے آتی ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲ گولیاں دن میں ۲ تا ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد دانتوں سے چبا کر زبان پر گھلائی جائیں
بچے (۶ سال سے بڑے): ایک گولی دن میں ۲ تا ۳ بار

**نوٹ**

علامات بہتر ہونے کی صورت میں خوراک کا وقفہ بڑھا دیں اور افاقہ ہونے پر دوا کا استعمال ترک کر دیا جائے
ذیابیطس کے مریض شوگر کی دوا کے ساتھ **ایل ۹۹** استعمال کریں
امراض قلب کے مریض ہارٹ کی دوا کے ساتھ **ایل ۹۹** استعمال کریں
ذہنی عصبی دباؤ کے مریض **ایل ۲۷** کے ساتھ **ایل ۹۹** استعمال کریں

**پرہیز**

غیر ضروری جنسی ادویات سے پرہیز کریں

| | | |
|---|---|---|
| **L 100** Tablets 60 | **COMPOSITION:** | |
| | Kalium phos. | 3 DH |
| | Ferrum phos. | 10 DH |
| **_Kali Phos Complex_** | Ambra grisea | 8 DH |
| *Burn-out* | Nux vomica | 4 DH |
| *Mental fatigue* | Phos. acidum | 4 DH |

# ایل ۱۰۰

گولیاں ۶۰

(کالی فاس کمپلکس)

دماغی کمزوری
حافظہ کی خرابی

**ایل ۱۰۰** ہرعمر کے طالب علم کی دوا ہے۔ایسے طالب علم جولکھائی پڑھائی میں کمزور اور تھکن کا شکار رہتے ہوں اس دوا سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

بچے چاہے کسی عمر کے ہوں اور درس کے کسی درجہ سے تعلق رکھتے ہوں اگر انکی توجہ تعلیم کی طرف نہ ہو، پڑھا ہوا بھول جاتے ہوں، بار بار یاد کرنے کے باوجود پڑھا ہوا یاد نہ رہتا ہو، لکھنے میں املا کی غلطی کرتے ہوں، ذہن کند ہو، دماغی صلاحیت مفقود ہو، ذہن کمزور ہو، جسمانی، ذہنی، عصبی اور دماغی تھکن کا احساس ہو، یاداشت کمزور اتنی کہ ایک سبق یاد کر کے دوسرا بھول جائیں، کلاس میں حافظہ کی وجہ سے خوف کا شکار ہوں، لکھنے پڑھنے میں انتہائی کمزور ہوں تو یہ انکی یقینی دوا ہے۔ ایک طالب علم کو ذہنی پراگندگی کی وجہ سے کسی بھی قسم کے حالات کا سامنا ہو تو اسے یہ دوا استعمال کرنی چاہیئے۔

**ایل ۱۰۰** جدید تحقیق پر مبنی ایسی ادویات سے ترکیب شدہ ہے کہ ہر طالب علم کی ذہانت کو ایسی عروج ملتی ہے کہ وہ امتحان میں اعلیٰ نتائج کو حاصل کر سکتا ہے۔

**ایل ۱۰۰** دراصل دماغ کی صلاحیت کو اجاگر کرنے اور کمزوری دور کرنے کی دوا ہے۔ ایسے تمام افراد جو تھکن اور بھولنے کی عادت کی بناء پر پریشانیوں کا سامنا کرتے ہوں، اس دوا سے اپنی یاداشت درست کر سکتے ہیں اور اپنے آپ کو چاق و چوبند بنا سکتے ہیں۔

درس و تدریس سے متعلق تمام افراد کیلئے یہ دوا ایک نعمت کی حیثیت رکھتی ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲ گولیاں دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد چبا کر منہ میں گلائی جائیں
بچے: یہ دوا ۱۲ سال سے بڑے افراد کے لئے ہے
۱۲ سال سے کم عمر بچوں کے لئے مستند ڈاکٹر سے مشورہ کریں

**نوٹ**

علامات بہتر ہونے کی صورت میں خوراک کا وقفہ بڑھا دیا جائے اور افاقہ ہونے پر دوا کا استعمال ترک کر دیا جائے
۱۵ دن سے زائد استعمال کے لئے ڈاکٹر سے رجوع کریں
اس دوا کے ساتھ **ایل ۲۰** کا استعمال مزید بہتر نتائج کا حامل ہے

**پرہیز**

بادی اور کھٹی اشیاء سے پرہیز

**L 103** Drops 30 ml

### Aesculus Complex

*Venous circulatory disturbances, heaviness of legs, syndrome,varicose veins, hemorrhoids*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Aesculus Hipp. | TM |
| Hamamelis | TM |
| Nux Vomica | 3 DH |
| Paeonia Off. | 3 DH |
| Collinsonia Can. | 3 DH |
| Verbascum | 2 DH |
| Boldo | TM |
| Sulfur | 4 DH |
| Aloe | 4 DH |
| Nit. Acidum | 4 DH |

## ایل ۱۰۳ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (ایسکولس کمپلکس)

بیرونی واندرونی بواسیر

مقعد کا ناسور

ایل ۱۰۳ مسے والی بواسیر اندرونی وبیرونی اور مقعد کے ناسور (Fistula) کی دوا ہے۔

بواسیر جس میں مسے اندر ہوں یا باہر کی طرف نیز خون کا اخراج، مقعد کے اندر جلن، قبض کی شکایت، انتڑیوں میں بھراؤ اور کھنچاؤ کا احساس، سوجن، زبردست خارش، خون کے علاوہ رطوبت کا اخراج، یہ سب علامتیں اس دوا کے استعمال سے دور ہوجاتی ہیں۔ مقعد کے گرد متورم وریدیں اگر صفرے سے باہر کھال سے ڈھکی ہوں تو بیرونی اور اگر صفرے کے اندر میوکس جھلی سے ڈھکی ہوں تو اندرونی بواسیر کہلاتی ہے۔

ایل ۱۰۳ بواسیر کی بناء پر ان علامات، یعنی سر درد، قبض، نقاہت، ناک سے خون کا اخراج، چاک مقعد، دل کی تکالیف، مقعد کا باہر آنا، مقعد کے چبھنے والے درد کا بھی علاج ہے۔ یہ دوران حمل بواسیر کی شکایت اور بواسیر خونی مسے کے ساتھ کا بھی مکمل علاج ہے۔

ایل ۱۰۳ ناسور (Fistula) جو عام طور پر لاعلاج سمجھا جاتا ہے کا ایک مکمل علاج ہے۔ یہ ایک زخم کی مانند عام طور پر مقعد کے گرد کسی مقام پر ہوتا ہے۔ اس میں درد اور سختی کے علاوہ خون اور پیپ کا اخراج بھی ہوتا ہے اور یہ ناسور برسوں تک مندمل ہونے کا نام نہیں لیتا، مگر اس دوا کے استعمال سے دور ہوجاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**

شدتِ مرض: ۳۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ٦ تا ۸ بار ۳ یوم تک

دوران خون میں خرابیاں: ۳۰ قطرے دن میں ۳ بار تھوڑے پانی میں ملا کر

بچے: یہ دوا فقط بڑوں کے لئے ہے، بچوں کو استعمال کے لئے مستند ہومیو پیتھک ڈاکٹر سے رجوع کیا جائے

**نوٹ**

ایک ماہ سے زائد استعمال کے لئے معالج سے مشورہ کریں

**پرہیز**

بڑا گوشت، تلی ہوئی، بادی، قابض، مصالحہ دار غذا سے پرہیز، اجابت کیلئے زور نہ لگایا جائے، قبض نہ ہونے دی جائے

**L104** Drops 30 ml

***Paeonia Complex***

*Hemorrhoids with complications (Fissures...)*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Paeonia | 3 DH |
| Ratanhia | 3 DH |
| Nit. Acidum | 8 DH |
| Sulfur | 4 DH |
| Podophyllum | 4 DH |
| Ruta Grav. | 8 DH |
| Graphites | 8 DH |
| Apis | 4 DH |
| Aesculus | 1 DH |
| Nux Vomica | 3 DH |

# ایل ۱۰۴ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (پیونیا کمپلکس)

خونی بواسیر
مقعد چاک وزخمی

**ایل ۱۰۴** ہر قسم کی نئی پرانی، خونی وبادی بواسیر کا بِلا آپریشن کامیاب ہومیوپیتھک علاج ہے۔ مقعد کا چاک ہونا، نالی دار زخم یا گھاؤ و ناسُور کا ہونا، سرخ، سُوجا ہوا، پھولا ہوا اور سخت ہونا، پیپ دار زخم، خارشی ایگزیما، بواسیری مسّوں کا باہر نکلا ہونا، خون آنا، مواد آنا، جلن و درد، رگوں کا پھول جانا، آنتوں میں درد، اجابت کے وقت درد، کانچ کا نکلنا، قبض، آنتوں اور پیٹ میں اجتماعِ خون، پیڑو میں خون کی سیاہ رگوں کا ابھرا ہونا اور دیگر بواسیری علامات اس کے دائرہ اثر میں آتے ہیں۔

**ایل ۱۰۴** جدید طرزِ زندگی میں مسلسل بیٹھے رہنے کی عادت، حرکت کی کمی، قبض پیدا کرنے والی غذائیں، مبرز کی رگوں کا کمزور ہونا، حمل کا دباؤ، اجابت کیلئے زور لگانا بواسیر کا باعث بنتے ہیں۔ دراصل بڑی آنت کے آخری حصہ کی وریدیں خون جمع ہوجانے کی وجہ سے پھول جاتی ہیں اور ان پھولی ہوئی رگوں کے پھٹ جانے سے خون خارج ہونے لگتا ہے، مقعد میں سوزش، جلن، داد اور خارش کی شکایت ہونے لگتی ہے اور پاخانہ کے بعد دیر تک جلن رہتی ہے۔

**ایل ۱۰۴** کو معالجاتی تجربات کی روشنی میں طویل تر تجربات کے بعد ترکیب دیا گیا ہے۔ اس میں شامل مختلف ہومیوپیتھک اجزاء جسمانی نظام کے ہر اس حصہ اور فعل کو درست کرتے ہیں جو بواسیر کا باعث بنتے ہیں۔ اسکے اثرات لعاب دار جھلیوں اور جسمانی رطوبات کے اخراج کا نظام درست کرتے ہیں اور دورانِ خون کو صحیح حالت پر لے آتے ہیں جسکی بدولت مبرز کی وریدوں میں خون جمع ہونا بند ہوجاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**
۲۰ قطرے دن میں ۳ بار تھوڑے پانی میں ملا کر کھانے سے قبل
بچے: ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق

**نوٹ**
دوا مکمل آرام کے بعد بھی طویل عرصے تک استعمال کی جائے تا کہ وریدوں کی کمزوری اور بواسیر کی دیگر پس پردہ شکایات مستقل طور پر دور ہوں

**پرہیز**
قابض، بادی، تلی ہوئی، مصالحہ دار غذا اور گائے کے گوشت سے مکمل پرہیز کیا جائے۔ قبض نہ ہونے دی جائے اجابت کے لئے بالکل زور نہ لگایا جائے۔ ہلکی ورزش اور چلنا پھرنا مفید ہے

**L 110** Drops 30 ml

***Yucca Complex***

*Digestive disorders of hepato-biliary origin*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Yucca | 2 DH |
| Carduus Mar. | 2 DH |
| Chelidonium Maj. | 3 DH |
| Taraxacum | 2 DH |
| Lycopodium | 4 DH |
| Nux Vomica | 4 DH |
| Absinthium | 1 DH |
| Aloe | 4 DH |

# ایل ۱۱۰ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (یوکا کمپلکس)

جگر کے امراض کیلئے

**ایل ۱۱۰** امراض جگر کی دوا ہے اور امراض جگر سے پیدا شدہ تمام علامات اس دوا کے زیر اثر آتے ہیں۔

امراض جگر میں عموماً خوراک ہضم نہیں ہوتی، کبھی قبض ہو جاتی ہے، کبھی پتلے دست آتے ہیں، زبان کا ذائقہ کڑوا اور پھیکا ہو جاتا ہے، معدہ میں گیس کی شکایت ہوتی ہے، جسم نقاہت کا شکار ہو جاتا ہے، سینے میں جلن ہوتی ہے اور جگر سوکھ جاتا ہے، آنکھیں زردی مائل ہو جاتی ہیں، خوراک جزو بدن نہیں ہوتی۔ کھانے کی نالی میں جلن ہوتی ہے، بھوک ختم ہو جاتی ہے، پیشاب میں جلن ہوتی ہے، اس کا رنگ کبھی زردی مائل ہو جاتا ہے، پیشاب کی مقدار میں کمی ہو جاتی ہے۔

**ایل ۱۱۰** سے Hepatitis A&B کا علاج ممکن ہو سکا ہے جبکہ Hepatitis C میں جو لا علاج تصور کیا جاتا ہے اس دوا سے تکالیف میں افاقہ ہو جاتا ہے۔

**ایل ۱۱۰** جگر کے بڑھ جانے اور سکڑ جانے میں اور جگر کے ناقص فعل کو اعتدال پر لانے کیلئے بہت کارگر ہے۔ بعض اوقات ناقص غذا اور چکنائی کے استعمال سے جگر سوج اور بڑھ جاتا ہے ان حالات میں یہ دوا ان سے پیدا شدہ تمام علامات کا مکمل علاج ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد
بچے (۲ سال سے بڑے): ۱/۲ تا ۱/۴ خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**

ٹھنڈی اور زود ہضم اشیا استعمال کی جائیں

**پرہیز**

تیل، چکنائی، نشاستہ، تیزابیت والی خوراک استعمال نہ کی جائے
رقیق، پتلی غذا، کم نمک کے ساتھ استعمال کریں

**L111** Tablets 60

*Fucus Complex*

*Weight loss*
*Dietetic*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Fucus Ves. | 2 DH |
| Antimonium | 5 DH |
| Alchemilla Vulg. | 2 DH |
| Calcarea Acetica | 2 DH |

# ایل ۱۱۱

گولیاں ۶۰

## (فیوکس کمپلکس)

گلے کے تھائرائڈ غدود کی خرابی
جسم میں چربی کا جمع ہونا
موٹاپا وفربہی

**ایل ۱۱۱** موٹاپے کا یقینی، آسان اور کم خرچ ہومیو پیتھک علاج ہے۔ اسکے استعمال سے جسم میں فاضل چربی جمع نہیں ہوتی اور گلے کے تھائرائڈ غدود کی خرابیاں جو موٹاپے کا باعث بنتی ہیں بھی دور ہوتی ہیں۔

موٹاپا جیسا کہ سب جانتے ہیں صحت کے قائم رکھنے میں بہت بڑی رکاوٹ ہوتا ہے اور عمر بھی گھٹاتا ہے۔ اسکے اسباب میں ضرورت سے زائد کھانا، جسم میں آیوڈین کی کمی، غدودوں کے نظام میں خرابی اور دل وجگر کی تکالیف شامل ہیں۔ جگر کی خرابی سے بلغم اور دیگر رطوبتیں زیادہ بنتی ہیں اور جسم میں جمع ہو کر جسم کو بد صورت، بھدا اور بھاری کر دیتی ہیں۔

**ایل ۱۱۱** بھوک کم کر کے موٹاپے پر قابو پانے کیلیئے راہ ہموار کرتی ہے۔ اسکے استعمال سے اشتہا کم ہوتی ہے۔ جسم سے فضلات کا اخراج ہوتا ہے، جگر فعال ہوتا ہے، گردے متحرک ہوتے ہیں، دوران خون میں استحکام پیدا ہوتا ہے، اعصاب کی کارکردگی متوازن ہوتی ہے، پیشاب آتا ہے، توانائی بحال ہوتی ہے اور رگ وریشوں کا تناؤ کم ہوتا ہے۔ پٹھوں کا ڈھیلا اور نرم ہو جانا، جسم کا پھول جانا اور پٹھوں کی کمزوری وغیرہ سب دور ہوتی ہے۔

جسم میں فاضل چربی کا جمع ہونا بھی از حد خطرناک ثابت ہو سکتا ہے کیونکہ یہ موٹاپا، ذیابیطس اور دل کے امراض کا پیش خیمہ ہوتا ہے۔ نفسیاتی اثرات غدودوں کا ناقص فعل اور غلط غذا کے عادتاً زیادہ کھانے سے جسم کو ضرورت سے زیادہ کیلوریز کی فراہمی انسانی جسم میں فاضل چربی کے اجتماع کے خاص عوامل ہیں۔ چنانچہ یہ دوا جسم کی زائد اور غیر ضروری چربی کو تحلیل کرتی ہے اور خون میں چربی (کولسٹرول) کا بڑھ جانا بھی ختم کرتی ہے جو دل کے امراض کا سبب بنتا ہے۔

**ایل ۱۱۱** گلے کے تھائرائد غدود کی خرابیاں بھی موٹاپے کا سبب ہوتی ہیں جو جسم میں آیوڈین کی کمی کی بناء پر پیدا ہوتی ہیں۔ ان غدودوں کی سُوزش، متورم ہونا، نشوونما کی خرابیاں، چبھن والے درد، گلے میں خشکی، زخم وجلن وغیرہ سب اس دوا کے استعمال سے دور ہوتی ہے۔ یہ غدودوں کے افعال کو ٹھیک کرتی ہے اور انکی کارکردگی کو بہتر بناتی ہے۔ اس فارمولے میں ایسے اجزاء شامل ہیں جو قدرتی طور پر اثر کر کے گلے میں پائے جانے والے غدود کے اثرات کو درست کرتے ہیں۔

**ترکیب استعمال**

۲ گولیاں دن میں ۲ سے ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد زبان کے نیچے رکھ کر گھلائی جائے
بچے (۱۲ سال سے زائد عمر کے): ایک گولی دن میں ۲ سے ۳ بار

**نوٹ**

ایک ماہ سے زائد استعمال کے لئے ڈاکٹر سے مشورہ کریں اور ڈاکٹری ہدایات کے مطابق علاج کو دہرایا جا سکتا ہے
علامات بہتر ہونے کی صورت میں خوراک کا وقفہ بڑھا دیں اور افاقہ ہونے پر دوا کا استعمال ترک کر دیا جائے
موٹاپا یا وزن کم کرنا ایک تدریجی عمل ہے جس میں وقت لگتا ہے چنانچہ اس کے علاج میں کئی ہفتے درکار رہوتے ہیں اس لئے اس دوا کے استعمال سے فوری نتائج کی توقع نہیں رکھنی چاہیئے

**پرہیز**

دیر ہضم، مرغن اور غیر متوازن غذا استعمال نہ کی جائے، روزانہ ہلکی ورزش اور پیدل چلنا بہت مددگار ثابت ہو سکتا ہے

# L 112 — Drops 30 ml

***Cholesterolum Complex***

*Hepatic colics*
*Biliary lithiasis*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Cholesterolum | 8 DH |
| Berberis | 2 DH |
| Leptandra | 4 DH |
| Nux Vomica | 3 DH |
| Terebinthina | 3 DH |
| Sulfur | 4 DH |
| Bryonia | 3 DH |
| Carduus Mar. | 1 DH |
| Belladonna | 3 DH |

## ایل ۱۱۲ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

(کولسٹرول کمپلکس)

جگر کا درد
پتے کی خرابیاں

پتے کی پتھری کو تحلیل کرنے کیلئے یہ بہترین دوا ہے۔

**ایل ۱۱۲** پتّے میں پیدا شدہ اور مجتمع پتھر اور ان کے ٹکڑوں کو آہستہ آہستہ گلا کر معدہ کے ذریعہ نکال دیتی ہے۔

**ایل ۱۱۲** پتے اور جگر کی سوجن کو دور کرتی ہے، ان کو صحت مند بنا کر ان کے عمل کو معمول پر لاتی ہے اور آئندہ پتھری بننے کے امکانات کو دور کر دیتی ہے۔

**ایل ۱۱۲** پتے اور جگر کے فعل کو صحیح رکھنے کی ضامن ہے۔ پیشاب اور خون میں شکر کی مقدار کو معمول پر لاتی ہے اور غذا کو جزو بدن بنانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

**ترکیب استعمال**
۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے قبل
بچے (۲ سال سے بڑے): ۱/۲ تا ۱/۴ خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**
ٹھنڈی اور زود ہضم اشیاء استعمال کی جائیں

**پرہیز**
تیزابیت والی خوراک استعمال نہ کی جائے نمک کا استعمال کم کیا جائے

# L 115 Drops 30 ml

***Euphrasia Complex***

*Conjunctivitis*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Euphrasia | 2 DH |
| Aconitum | 4 DH |
| Dulcamara | 4 DH |
| Belladonna | 4 DH |
| Apis Mell. | 4 DH |
| Capsicum | 4 DH |
| Mercurius Sol. | 8 DH |
| Arsenicum Alb. | 5 DH |

# ایل ۱۱۵ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (یوفریزیا کمپلکس)

آشوب چشم
پپوٹوں کی سوزش

**ایل ۱۱۵** آشوب چشم یعنی آنکھوں کے آنے کی دوا ہے۔

**ایل ۱۱۵** کا استعمال آنکھوں کی موسمی یا غیر موسمی بیماری میں، جس میں آنکھیں سرخ ہو جاتی ہوں انتہائی مفید ہے۔

دیگر علامات میں آنکھوں کی کھٹک، درد، چُبھن، لیسدار مادہ کا اخراج، روشنی سے تکلیف، آنکھوں کا نہ کھلنا، سورج کی روشنی سے شدید درد اور تکالیف میں اضافہ شامل ہیں۔

**ایل ۱۱۵** آشوب چشم کی بہترین دوا اور علاج ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد
ایک ہفتہ سے زائد دوا استعمال کرنے کے لئے ڈاکٹر سے مشورہ کریں
بچے (۲ سال سے زائد عمر): ۱۰ قطرے دن میں ۳ بار
خوراک کا درمیانی وقفہ ۴ گھنٹہ سے کم نہیں ہونا چاہئے اور ۵ دن سے زائد استعمال کے لئے ڈاکٹر سے رجوع کریں

**نوٹ**

دوران علاج دھوپ سے بچا جائے اور کالے چشمے کا استعمال کیا جائے
علامات بہتر ہونے کی صورت میں دوا کا وقفہ بڑھا دیں اور افاقہ ہونے پر دوا کا استعمال ترک کر دیا جائے

**پرہیز**

آنکھوں کو چھونے سے قبل اور بعد ہاتھ دھو لئے جائیں
کھٹی اور میٹھی اشیا سے پرہیز کیا جائے

**L 118** Drops 30 ml

***Iodum Complex***

*Rhinopharyngitis*
*Tonsilitis*
*Otitis recurring*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Iodum | 3 DH |
| Aconitum | 4 DH |
| Pulsatilla | 4 DH |
| Mercurius Cor. | 6 DH |
| Kalium Bichro. | 4 DH |

# ایل ۱۱۸ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (آیوڈم کمپلکس)

دائمی نزلہ، ورم نرخرہ

**ایل ۱۱۸** ناک کا دائمی نزلہ، ناک کی ہڈی کا ٹیڑھا پن، ناک کے اندر گوشت کی سوجن اور نرخرہ میں ورم کا ایک مکمل علاج ہے۔

دائمی نزلہ میں ناک بند رہتی ہے، ابھری رہتی ہے اور ساتھ ساتھ ناک کی ہڈی یا تو ٹیڑھی ہو جاتی ہے یا گوشت بڑھ جاتا ہے۔ ناک کے اوپر پیشانی پر بوجھ اور دباؤ رہتا ہے، چھینکیں بھی آتی ہیں، جسم کی حرارت عزیزی بڑھ جاتی ہے اور سارے جسم میں درد اور ٹوٹن کا احساس رہتا ہے۔ کبھی کبھی ناک سے بدبو آتی ہے اور بدبودار مادہ کا اخراج بھی ہوتا ہے۔ موسم کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ تکالیف میں اضافہ رہتا ہے اور رات میں عموماً ناک بند ہو جاتی ہے، سانس میں گھٹن محسوس ہوتی ہے۔

**ایل ۱۱۸** کے استعمال سے دراصل دائمی نزلہ کا علاج ممکن ہوسکا ہے۔ دائمی نزلہ سے کان اور آنکھ کی کارکردگی بھی متاثر ہو جاتی ہے اور مسلسل نزلہ کی وجہ سے کان سے پیپ اور پانی بہنے لگتا ہے، آنکھوں میں پانی، درد اور ریت کا احساس ہونے لگتا ہے، چنانچہ دائمی نزلہ کی بناء پر ہونے والے تمام ممکنہ عوارض بھی اس دوا کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔

**ایل ۱۱۸** کا استعمال ایسے افراد کیلئے ایک نعمت سے کم نہیں، جو سالہاسال سے نزلہ کے مرض میں مبتلا ہوں اور جن کا علاج ممکن نہ ہو سکا ہو۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد
بچے (۲ سال سے بڑے) : 1/2 تا 1/4 خوراک عمر کے مطابق

**نوٹ**

وبائی نزلہ وزکام کی صورت میں **ایل ۵۲** کا بھی استعمال کیا جائے

**پرہیز**

ٹھنڈی چیزوں کا استعمال نہ کیا جائے

## L 119 Drops 30 ml

***Bromum Complex***

| COMPOSITION: | |
|---|---|
| Kalium Bro. | 3 DH |
| Nux Vomica | 5 DH |
| China Rub. | 4 DH |
| Sulfur | 4 DH |
| Sanguinaria | 4 DH |
| Dulcamara | 5 DH |
| Hydrastis | 3 DH |
| Arnica Mont. | 4 DH |
| Bryonia | 4 DH |
| Causticum | 6 DH |

*Tinnitus*

## ایل ۱۱۹ قطرے ۳۰ ملی لیٹر
## (برومم کمپلکس)

کان کے عوارضات

**ایل ۱۱۹** کان میں سیٹی کی مانند آواز آنے اور کان سے متعلق دیگر جملہ عوارضات کی دوا ہے۔

کان دراصل اپنے عوامل کے لحاظ سے دو مختلف فرائض انجام دیتا ہے۔ اولاً یہ سننے کے کام آتا ہے اور دوسرا یہ جسم کو **Balance** رکھتا ہے۔

**ایل ۱۱۹** بعض دفعہ کانوں میں انتہائی شدّت کے ساتھ سیٹی بجنے یا مختلف قسم کی آوازیں آنے کا علاج ہے۔ بعض مرتبہ کان بالکل بند ہو جاتے ہیں اور سر بھاری ہو جاتا ہے، چکر آنے شروع ہو جاتے ہیں، کانوں سے پیپ یا پانی رستا ہے اور درد کا احساس ہوتا ہے۔ پیپ یا پانی رسنے کا عمل نزلاوی کیفیت کی وجہ سے بھی ہوسکتا ہے۔

**ایل ۱۱۹** کان سے متعلق تمام عوارضات بشمول کان میں آواز اور کان بند ہونے کی ایک مکمل دوا ہے۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار ہر کھانے سے قبل
بچے (۱۲ سال سے بڑے): ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق

**نوٹ**

کان کے اعصاب کو صحت مند رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ اس دوا کو تمام علامات ختم ہونے تک جاری رکھا جائے

**پرہیز**

ٹھنڈی اور کھٹی اشیا سے پرہیز کیا جائے

**L120** Drops 30 ml

*Hedera Complex*

*Teething*
*Gingivitis*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Hedera Helix | 3 DH |
| Chamomilla | 3 DH |
| Kreosotum | 6 DH |
| Mercurius Cor. | 5 DH |
| Belladonna | 3 DH |

# ایل ۱۲۰ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (ہیڈیرا کمپلکس)

دانت کا درد
مسوڑھوں کی سوجن

**ایل ۱۲۰** دانت کے درد اور مسوڑھوں کی سوجن کی دوا ہے ۔

مسوڑھوں کی سوجن اکثر و بیشتر افراد میں بادی اشیاء کے استعمال سے ہوتی ہے مثلاً بڑے کا گوشت ،انڈا، مچھلی، آلو، ماش کی دال وغیرہ ۔

**ایل ۱۲۰** مندرجہ تمام عوارضات کی دوا ہے : مسوڑھوں کی سوجن، مسوڑھوں میں پیپ پڑنا، دانتوں میں درد، دانتوں کا ہلنا، منہ سے بدبو آنا، پائریا، ماس خورہ، دانتوں کا جگہ جگہ سے سیاہ پڑنا، دانتوں میں ٹھنڈا گرم لگنا، دانتوں کا درد جو کانوں تک جائے اور رات کو اس درد میں شدت ہو جائے، دانتوں کا قبل از وقت کمزور ہو کر جھڑنا یا ان کا جڑ سے کمزور ہو کر ٹوٹ جانا، دانتوں کی جڑ یا مسوڑھوں کی سوجن میں زخم پیدا ہونا اور پھوڑے کی شکل اختیار کر کے پیپ بھر جانا، مسوڑھوں کی سوجن کے ساتھ گال کا بھی سوج جانا، خواتین میں خصوصاً ایام کے دنوں میں دانت اور مسوڑھوں کی تکالیف، داڑھ کے نکلتے وقت کا درد، گرم غذا سے دانتوں میں درد، مسوڑھوں اور دانت کی تکالیف سے جبڑوں میں درد ، غذا چباتے وقت درد، کبھی ٹھنڈے پانی سے شدت میں کمی اور کبھی گرم اشیاء سے شدت میں کمی وغیرہ ۔

**ایل ۱۲۰** دانت اور مسوڑھوں کے جملہ تمام عوارضات کے لئے اکسیر ہے ۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار ہر کھانے سے قبل
بچے (۲ سال سے بڑے): ۱/۲ تا ۱/۴ خوراک عمر کے مطابق
۲ سال سے کم عمر بچوں کو ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق استعمال کروائیں

**نوٹ**

دانتوں کی مضبوطی کے لئے اس دوا کے ساتھ **ایل ۴۸** استعمال کی جائے

**پرہیز**

تمام بادی اشیاء سے پرہیز کیا جائے

# L 122 Drops 30 ml

**Lachesis Complex**

*Disorders of menopause (Hot flashes, mood disorders, headaches, palpitations)*

**COMPOSITION:**

| | |
|---|---|
| Lachesis | 10 DH |
| Kalium Carb. | 6 DH |
| Bryonia | 4 DH |
| Cactus Grand. | 3 DH |
| Glonoinum | 8 DH |

# ایل ۱۲۲ قطرے ۳۰ ملی لیٹر

## (لیچسس کمپلکس)

سن یاس کے مسائل

**ایل ۱۲۲** سن یاس کی ابتداء میں پیدا ہونے والے تمام عوارضات کی دوا ہے۔

ہمارے ملک میں موقوفی حیض کے اثرات ۴۵ سال کی عمر سے شروع ہو جاتے ہیں اور عموماً ۵۰ سال کی عمر کے بعد مکمل موقوفی حیض ہو جاتا ہے۔ جب سن یاس کی ابتداء ہو جاتی ہے تو بہت سی اقسام کی علامات ظاہر ہونا شروع ہو جاتی ہیں، جو اس قدر گمراہ کن ہوتی ہیں کہ عموماً موقوفی حیض کے اثرات کی طرف توجہ دینے کی بجائے علامات کا امراض کی طرح علاج کیا جاتا ہے جسکے نتیجہ میں خواتین ایک مستقل مریض کی حیثیت اختیار کر لیتی ہیں۔

سن یاس کی ابتدا میں حیض میں معمولی کمی کے علاوہ، دل کی دھڑکن تیز یا کم ہو جاتی ہے، تنگی تنفس کا احساس پیدا ہوتا ہے، بلڈ پریشر کی زیادتی یا کمی ہو جاتی ہے، اکثر سر میں درد رہتا ہے، کندھے اور پٹھے درد کرتے ہیں، طبعیت میں گراوٹ، ہر وقت جسم میں درد، کبھی کبھی غشی کے دورے، بعض خواتین میں جنسی خواہش مفقود ہو جاتی ہے، کسی کام کو جی نہیں چاہتا ہے، بات بات پر غصّہ اور جھنجھلاہٹ، کمزوری کا احساس، پیر میں ٹھنڈک کا احساس، دل کے گرد کھنچاؤ اور تنگی کا احساس، بعض اوقات جسم میں گرمی کا احساس، مزاج میں چڑچڑاپن، صدمات کا احساس، اعصابی دباؤ، بے چینی اور بہت زیادہ تھکن وغیرہ ہوتی ہے۔

**ایل ۱۲۲** مندرجہ بالا تمام ممکنہ علامات و عوارضات کا علاج ہے، جو سن یاس کی ابتداء میں ہوئی ہوں۔

**ایل ۱۲۲** موقوفی حیض کی بناء پر پیدا ہونیوالی تمام علامات و عوارضات کا علاج ہے عمر کے لحاظ سے جب بھی ان عوارضات کا ظہور ہو تو سب سے پہلے اس دوا کو استعمال کریں، اگر ان علامات کا علاج موقوفی حیض کی دوا سے نہ کر کے، ان علامات کا علاج ایک مرض کی حیثیت سے شروع کیا گیا تو مریضہ ایک مستقل مریض بن جائے گی، چاہے وہ امراض قلب ہی کی کیوں نہ ہو۔

**ترکیب استعمال**

۲۰ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار کھانے سے قبل یا بعد
علامات بہتر ہونے کی صورت میں دوا کا وقفہ بڑھا دیں اور افاقہ ہونے پر دوا کا استعمال ترک کر دیا جائے

**نوٹ**

علاج علامات کے خاتمے تک مسلسل جاری رکھا جائے
ایک ماہ سے زائد دوا استعمال کرنے کے لئے ڈاکٹر سے رجوع کریں
معالج کے مشورہ سے علاج دہرایا جاسکتا ہے

**پرہیز**

بادی اور ثقیل اشیا اور تمام ناپسندیدہ چیزیں



# 10 active ingredients

بے خوابی، ڈپریشن

Drap Product Enlistment No. 0150740392

Without habit




MADE IN FRANCE · IMPORTED MEDICINE

NEW & IMPROVED

ZERO SIDE EFFECTS

# Sleep disorders Depression

Homeopathic medicine traditionally used for sleeping disorders and disorders related to anxiety and overexcitability (emotivity, nervousness...).

**COMPOSITION**

| | |
|---|---|
| Asa foetida | 6 DH |
| Avena sativa | TM |
| Chamomilla vulgaris | 3 DH |
| Cicuta virosa | 6 DH |
| Hyoscyamus niger | 1 DH |
| Ignatia amara | 3 DH |
| Nux vomica | 3 DH |
| Staphysagria | 4 DH |
| Sumbulus moschatus | 6 DH |
| Valeriana officinalis | 2 DH |

- ✔ بے خوابی، ڈپریشن، ذہنی دباؤ، اعصابی تناؤ، بے سکونی اور کمزوری
- ✔ نیند کے عوارض، سردرد، سُستی، کاہلی، تھکاوٹ، چڑچڑاپن، افسردگی
- ✔ پڑھائی یا کام کاج میں دل کا نہ لگنا، جسمانی، اعصابی اور ذہنی تھکن

MADE IN FRANCE · IMPORTED MEDICINE

Available at:

Catch us
Online
for further
information
about our
Products

French
Homoeopathic Laboratory
Lehning in Pakistan
lehning.inpakistan

LEHNING
LABORATOIRES-FRANCE
DRAP Enlistment No.00150

QUALITY GUARANTEED

CHEMICALS INGREDIENTS FREE

www.lehning.pk